Email- info@awamilalkaar.com

MEMBER WUOJ
عوام کی بے ساختہ للکار
ABC Certified

روزنامہ Daily Awami Lalkaar راولپنڈی

عوامی للکار

باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت
ایڈیٹرانچیف محمد فیصل ندیم

جلد 14 | جمعتہ المبارک، 11 اگست 2023ء، 23 محرم الحرام 1445ھ، قیمت 20 روپے | شمارہ 106

13 14 اگست پنجاب حکومت کا سیاسی جماعت کو ریلی کی اجازت نہ دینے کا فیصلہ

وزیراعلی محسن رضا نقوی نے عوامی مقامات پر ہلڑبازی، بدنظمی پھیلانے، ون ویلنگ کرنے اور موٹر سائیکلز میں آلٹریشن کرنے والے مکینک کیخلاف سخت کارروائی کرنے کا بھی حکم دے دیا

پنجاب کی نگران حکومت نے فیصلہ کیا کہ 13 اور 14 اگست کو صرف اور صرف قومی پرچم لگانے اور لہرانے کی اجازت دی جائے گی، کسی بھی سیاسی جماعت کو ریلی نکالنے کی اجازت نہیں ہوگی

یوم آزادی پر امن وامان کے حوالے سے خصوصی اجلاس ہوا جس میں چیف سیکرٹری، ایڈیشنل چیف سیکرٹری داخلہ، انسپکٹر جنرل پولیس، ایڈیشنل آئی جی سپیشل برانچ، سی سی پی او، کمشنر، ڈپٹی کمشنر اور دیگر حکام نے شرکت کی

نگران وزیراعلی پنجاب محسن رضا نقوی نے آئی جی پنجاب کو صوبے بھر میں یوم آزادی پر فیملیز کو تحفظ فراہم کرنے اور نازیبا حرکات کرنے والے شرپسندوں کیخلاف سخت کارروائی یقینی بنانے کیلئے ہدایات جاری کردیں

لاہور (عوامی للکار) پنجاب کی نگران حکومت نے فیصلہ کیا کہ 13 اور 14 اگست کو صرف اور صرف قومی پرچم لگانے اور لہرانے کی اجازت دی جائے گی، کسی بھی سیاسی جماعت کو ریلی نکالنے کی اجازت نہیں ہوگی۔ نگران وزیر اعلی پنجاب کی زیر صدارت یوم آزادی پر امن و امان کے حوالے سے خصوصی اجلاس ہوا جس میں چیف سیکرٹری، ایڈیشنل چیف سیکرٹری داخلہ، انسپکٹر جنرل پولیس، ایڈیشنل آئی جی سپیشل برانچ، سی سی پی او، کمشنر، ڈپٹی کمشنر اور دیگر حکام نے شرکت کی۔ اجلاس کے دوران نگران وزیراعلی پنجاب محسن رضا نقوی نے آئی جی پنجاب کو صوبے بھر میں یوم آزادی پر فیملیز کو تحفظ فراہم کرنے اور نازیبا حرکات کرنے والے شرپسندوں کیخلاف سخت کارروائی یقینی بنانے کیلئے ہدایات جاری کردیں۔ وزیراعلی محسن رضا نقوی نے عوامی مقامات پر ہلڑ بازی، بدنظمی پھیلانے، ون ویلنگ کرنے اور موٹر سائیکلز میں آلٹریشن کرنے والے مکینک کیخلاف سخت کارروائی کرنے کا بھی حکم دے دیا۔ اجلاس کے دوران نگران وزیراعلی پنجاب محسن رضا نقوی نے آئی جی پنجاب کو صوبے بھر میں یوم آزادی پر فیملیز کو تحفظ فراہم کرنے اور (بقیہ نمبر 1)

وزیراعظم شہباز شریف نے کہا ہے کہ گزشتہ حکومت میں اچھے افسران کو بے جا تنقید کا نشانہ بنایا گیا، یہ ملک کی بڑی بدقسمتی ہے، کہا جا رہا تھا کہ ملک ڈیفالٹ کر جائے گا

PTI حکومت میں اچھے افسران کو بے جا تنقید کا نشانہ بنایا گیا، وزیراعظم

اتحادی حکومت کو اچھے تعاون کے ساتھ چلایا گیا، مخلوط حکومت میں چاروں صوبوں کی نمائندگی تھی، سولہ ماہ کا عرصہ چیلنجز سے بھرپور تھا، عوام کی خدمت کی پختہ سوچ ہو تو اتحادی حکومت بھی چل سکتی ہے

بے جا تنقید کرکے پبلک سروس کو بڑا ڈینٹ لگایا گیا، گوادر میں گزشتہ چار سال سے بند پڑے منصوبے چل پڑے، منصوبے اس لیے بند رہے کہ فلاں حکومت کو کریڈٹ جائے گا، یہ وہ واقعات ہیں جس کی وجہ سے آج یہ حالات ہیں

اسلام آباد (نمائندہ خصوصی) وزیراعظم شہباز شریف نے کہا ہے کہ گزشتہ حکومت میں اچھے افسران کو بے جا تنقید کا نشانہ بنایا گیا، یہ ملک کی بڑی بدقسمتی ہے، کہا جا رہا تھا کہ ملک ڈیفالٹ کر جائے گا، اگر ملک ڈیفالٹ کر جاتا تو ملک کے بڑے خراب حالات ہوتے۔ وفاقی سیکرٹریز سے الوداعی ملاقات کے دوران خطاب کرتے ہوئے وزیراعظم شہباز شریف نے کہا کہ اتحادی حکومت کو اچھے تعاون کے ساتھ چلایا گیا، مخلوط حکومت میں چاروں صوبوں کی نمائندگی تھی، سولہ ماہ کا عرصہ چیلنجز سے بھرپور تھا، عوام کی خدمت کی پختہ سوچ ہو تو اتحادی حکومت بھی چل سکتی ہے، افسران نے سولہ ماہ بڑی محنت سے کام کیا، آپ نے ہر مشکل وقت میں میرا ساتھ دیا۔ انہوں نے کہا مشکل سے مشکل مسائل کے حل کے راستے تلاش کیے، جنہوں نے کمٹمنٹ سے کام کیا بدقسمتی سے وہی نشانہ بنے، ہماری ایک سوچ تھی کہ ہم نے عوام کیلئے کچھ کرنا ہے، بے جا تنقید کرکے پبلک سروس کو بڑا ڈینٹ لگایا گیا، گوادر میں گزشتہ چار سال سے بند پڑے (بقیہ نمبر 2)

اسلام آباد: وزیراعظم شہباز شریف خطاب کررہے ہیں

پیپلز پارٹی نے نگران وزیراعلی سندھ کے لیے نام شارٹ لسٹ کرلیے

سندھ اسمبلی کی تحلیل کے بعد وزیراعلی اپوزیشن لیڈر سے باضابطہ مشاورت کریں گے

ذرائع کے مطابق پیپلز پارٹی کے پینل میں ریٹائرڈ بیوروکریٹس اور ریٹائرڈ ججز شامل ہیں

کراچی (نیوز رپورٹر) پاکستان پیپلز پارٹی نے نگران وزیراعلی سندھ کے لیے نام شارٹ لسٹ کر لیے۔ ذرائع کے مطابق پیپلز پارٹی کے پینل میں ریٹائرڈ بیوروکریٹس اور ریٹائرڈ ججز شامل ہیں، پیپلز پارٹی متفقہ نگران وزیراعلی کے انتخاب کے لیے رابطوں میں مصروف ہے۔ سندھ اسمبلی کی تحلیل کے بعد وزیراعلی اپوزیشن لیڈر سے باضابطہ مشاورت کریں گے۔ پاکستان پیپلز پارٹی نے نگران وزیراعلی سندھ کے لیے نام شارٹ لسٹ کر لیے۔ ذرائع کے مطابق پیپلز پارٹی کے پینل میں ریٹائرڈ بیوروکریٹس اور ریٹائرڈ ججز شامل ہیں، پیپلز پارٹی متفقہ نگران وزیراعلی کے انتخاب کے لیے رابطوں میں مصروف ہے۔ سندھ اسمبلی کی تحلیل کے بعد وزیراعلی اپوزیشن لیڈر سے باضابطہ مشاورت کریں گے۔


Ground Breaking Ceremony
SARWAR SHAHIDA MEMORIAL CARDIAC CENTRE & RESEARCH INSTIT
By His Excellency
Dr. Arif Alvi
President Of Islamic Republic Of Pakistan
اسلام آباد: صدر مملکت ڈاکٹر عارف علوی خطاب کررہے ہیں

جولائی 2023 میں ترسیلات زر میں 19.3 فیصد کمی

کراچی (اسپیشل رپورٹر) گزشتہ ماہ جولائی 2023 میں ترسیلات زر میں 19.3 فیصد کمی آئی۔ سٹیٹ بینک آف پاکستان کی جانب سے جاری کردہ اعداد وشمار کے مطابق (بقیہ نمبر 3)

نیلم جہلم ہائیڈرو پاور پراجیکٹ سے بجلی کی دوبارہ پیداوار کا افتتاح

اسلام آباد (خبر نگار) نیلم جہلم ہائیڈرو پاور پراجیکٹ کی ٹیل ریس ٹنل میں بحالی کا کام مکمل ہونے پر نیلم جہلم ہائیڈرو پاور پراجیکٹ سے بجلی کی پیداوار دوبارہ شروع ہو گئی۔ وفاقی وزیر (بقیہ نمبر 4)

چیئرمین سینیٹ صادق سنجرانی کی مولانا فضل الرحمان سے ملاقات

دونوں رہنماں کے درمیان ملاقات میں ملکی مجموعی سیاسی صورتحال پر مشاورت ہوئی

ملاقات میں نگران وزیراعظم و نگران وزیراعلی بلوچستان کے ناموں پر بھی مشاورت کی گئی

اسلام آباد (نیوز رپورٹر) چیئرمین سینیٹ صادق سنجرانی نے پاکستان ڈیموکریٹک موومنٹ (پی ڈی ایم) کے سربراہ مولانا فضل الرحمان سے ان کی رہائش گاہ پر ملاقات کی۔ صادق سنجرانی کی مولانا فضل الرحمان سے ملاقات میں سابق وفاقی وزیر مولانا اسعد محمود، سینیٹر مولانا عبدالغفور حیدری، مصطفی چودھری سمیت دیگر شریک تھے۔ ذرائع کے مطابق دونوں رہنماں کے درمیان ملاقات میں ملکی مجموعی سیاسی صورتحال پر مشاورت ہوئی، ملاقات میں نگران وزیراعظم و نگران وزیراعلی بلوچستان کے ناموں پر بھی مشاورت کی گئی۔ چیئرمین سینیٹ صادق سنجرانی نے پاکستان ڈیموکریٹک موومنٹ (پی ڈی ایم) کے سربراہ مولانا فضل الرحمان سے ان کی رہائش گاہ پر ملاقات کی۔ صادق سنجرانی کی مولانا فضل الرحمان سے ملاقات میں سابق وفاقی وزیر مولانا اسعد محمود، سینیٹر مولانا عبدالغفور حیدری، مصطفی چودھری سمیت دیگر شریک تھے۔ ذرائع کے مطابق دونوں رہنماں کے درمیان ملاقات میں ملکی مجموعی (بقیہ نمبر 5)

طالبہ کو ہراساں کرنے کی شکایت پر جامعہ کراچی کے استاد معطل

کراچی (خصوصی رپورٹر) جامعہ کراچی کی انتظامیہ نے شعبہ اردو کے اسسٹنٹ پروفیسر کو طالبہ کے ساتھ ہراسانی کی شکایت پر معطل کر دیا ہے۔ یونیورسٹی کے رجسٹرار پروفیسر ڈاکٹر عبدا (بقیہ نمبر 6)

پاکستان سٹاک مارکیٹ میں مندی، سرمایہ کاروں کو اربوں کا نقصان

کراچی (جنرل رپورٹر) پاکستان اسٹاک ایکسچینج میں آج کاروبار کا منفی دن رہا جس کے باعث سرمایہ کاروں کو اربوں کا نقصان برداشت کرنا پڑا۔ پاکستان سٹاک ایکسچینج میں کاروبار کے (بقیہ نمبر 7)

پارلیمنٹ سے منظور کردہ بل کا مسودہ لاپتہ ہونے کا انکشاف

23 مئی 2022 کو یہ بل سینیٹ اور 8 جون 2022 کو قومی اسمبلی نے منظور کرلیا

سینیٹر عرفان صدیقی نے یہ مطالبہ اسپیکر راجہ پرویز اشرف کے نام لکھے گئے ایک خط میں کیا

اسلام آباد (جنرل رپورٹر) پاکستان مسلم لیگ (ن) کے سینیٹر عرفان صدیقی نے اسپیکر قومی اسمبلی راجہ پرویز اشرف سے مطالبہ کیا ہے کہ وہ ان کے گم شدہ بل کا سراغ لگائیں جو 14 مہینے پہلے پارلیمنٹ کے دونوں ایوانوں سے منظوری کے بعد صدر کی توثیق کے لیے بھیجا گیا تھا۔ سینیٹر عرفان صدیقی نے یہ مطالبہ اسپیکر راجہ پرویز اشرف کے نام لکھے گئے ایک خط میں کیا۔ سینیٹر عرفان صدیقی نے اپنے خط میں کہا ہے کہ انہوں نے جولائی 2019 میں اپنی گرفتاری کے بعد یہ فیصلہ کیا تھا کہ آئین کے تقاضوں کے مطابق انتظامیہ کو عدلیہ سے مکمل طور پر الگ ہونا چاہیے۔ یاد رہے کہ 2019 میں کرایہ داری قانون کے تحت عرفان صدیقی کو گرفتار کرکے ہتھکڑیاں لگا کر ایک خاتون اسسٹنٹ کمشنر کے سامنے پیش کیا گیا تھا جس نے انہیں چودہ دن کے لئے عدالتی ریمانڈ پر اڈیالہ جیل بھجوانے کا فیصلہ سنا دیا تھا۔ سینیٹر عرفان صدیقی نے اسپیکر کے نام خط میں بتایا ہے کہ سینیٹ کا رکن بننے کے بعد انہوں نے اس سوا صدی پرانے (بقیہ نمبر 8)

نگران وزیراعلی پنجاب کا جنرل ہسپتال کا دورہ، ناقص انتظامات، ایم ایس برطرف

نگران وزیراعلی پنجاب محسن نقوی اچانک جنرل ہسپتال پہنچے جہاں پر انہوں نے ہسپتال میں ناقص انتظامات پر سخت برہمی کا اظہار کیا

تشدد کا شکار کم عمر گھریلو ملازمہ رضوانہ کی بھی عیادت کی، ڈاکٹرز نے رضوانہ کی طبی حالت بارے نگران وزیراعلی پنجاب کو بریفنگ دی

لاہور (خصوصی رپورٹر) نگران وزیراعلی پنجاب محسن نقوی نیس جنرل ہسپتال کا اچانک دورہ کیا جہاں انہوں نے ناقص انتظامات پر ایم ایس جنرل ہسپتال کو عہدے سے ہٹا دیا۔ نگران وزیراعلی پنجاب محسن نقوی اچانک جنرل ہسپتال پہنچے جہاں پر انہوں نے ہسپتال میں ناقص انتظامات پر سخت برہمی کا اظہار کیا۔ انہوں نے جنرل ہسپتال میں نیورو انجیوگرافی مشین کا معائنہ کیا اور بند نیورو انجیو میشن کو فوری طور پر فعال کرنے کی ہدایت کی۔ نگران وزیراعلی نے مختلف وارڈز میں اے سی بند ہونے پر ایم ایس کی سرزنش کرتے ہوئے کہا کہ ایم ایس صاحب دیکھ لیں اپنی کارکردگی، بیشتر وارڈز میں مریض شدید گرمی میں (بقیہ نمبر 12)

DAY CARE CENTER
Director Board (ZTBL)
محمد زیغم رضوی ممبر بورڈ آف ڈائریکٹرز زرعی ترقیاتی بینک آفس اسلام آباد میں ڈے کیئر سینٹر کا افتتاح کررہے ہیں بینک کے صدر اسد اللہ حبیب ہمراہ نمایاں نظر آرہے ہیں

منظر عام پر آئے سائفر کی تصدیق کرکے عمران خان کیخلاف کارروائی کی جائے، رانا ثنا اللہ

یہ بات فراموش نہیں کرنی چاہیے کہ سائفر کی کاپی چیئرمین پی ٹی آئی کے پاس تھی جو انہوں نے واپس بھی نہیں کی

اگر چیئرمین پی ٹی آئی اس سلسلے میں قصوروار ثابت ہوتے ہیں تو ان کے خلاف آفیشل سیکرٹ ایکٹ کے تحت مقدمہ چلایا جانا چاہیے

اسلام آباد (خصوصی خبر نگار) سابق وزیر داخلہ رانا ثنا اللہ نے کہا ہے کہ عالمی میڈیا پر منظر عام پر آئے امریکی سائفر کی تصدیق کی جائے اور سائفر کے معاملے میں عمران خان قصوروار نکلے تو ان کے خلاف کارروائی کی جائے۔ مسلم لیگ (ن) کے رہنما اور سابق وزیر داخلہ نے امریکی سائفر کے معاملے پر کہا ہے کہ عالمی میڈیا پر سامنے آنے والے امریکی سائفر کی تصدیق کے لیے تحقیقات کی جائیں۔ انہوں نے کہا کہ یہ بات فراموش نہیں کرنی چاہیے کہ سائفر کی کاپی چیئرمین پی ٹی آئی کے پاس تھی جو انہوں نے واپس بھی نہیں کی اور اس سے متعلق عمران خان کی یہ بات ریکارڈ پر موجود ہے کہ ان سے وہ سائفر کی کاپی کہیں (بقیہ نمبر 9)

سینیٹر عرفان صدیقی کا ضابطہ فوجداری میں ترمیم کا منظور شدہ بل "لاپتہ"

یکم جون 2022 کو دونوں ایوانوں سے منظور شدہ بل توثیق کیلئے ایوان صدر بھیجا گیا

اسلام آباد (خصوصی رپورٹر) مسلم لیگ (ن) کے سینیٹر عرفان صدیقی کا ضابطہ فوجداری میں ترمیم کا بل لاپتہ ہو گیا جس کا سراغ لگانے کیلئے انہوں نے سپیکر قومی اسمبلی راجہ پرویز اشرف کو خط لکھ دیا۔ سپیکر قومی اسمبلی راجہ پرویز اشرف کے نام خط میں سینیٹر عرفان صدیقی نے لکھا کہ جون 2022 کو دونوں ایوانوں سے منظور شدہ بل توثیق کیلئے ایوان صدر بھیجا گیا، بل کا کوئی سراغ نہیں مل رہا، چودہ ماہ سے (بقیہ نمبر 11)

چاول کی عالمی قیمتیں 12 سال کی بلندترین سطح پر پہنچ گئیں

لاہور (نیوز رپورٹر) یو این فوڈ ایجنسی نے کہا ہے کہ چاول کی عالمی سطح پر قیمتیں 12 سال کی بلندترین سطح پر پہنچ گئی ہیں۔ یو این فوڈ ایجنسی کے مطابق چاول کی قیمت کا انڈیکس جولائی میں (بقیہ نمبر 10)

اسلام آباد: چیئرمین سینیٹ صادق سنجرانی کی مولانا فضل الرحمان سے ملاقات کررہے ہیں

مونس الٰہی کے سیکریٹری گرفتار، 16 اگست تک جسمانی ریمانڈ منظور

راولپنڈی (نیوز رپورٹر) نیب لاہور نے کارروائی کرتے ہوئے مونس الٰہی کے سیکرٹری سہیل اصغر اعوان کو گرفتار کرلیا۔ ذرائع کے مطابق سہیل اصغر اعوان پر سرکاری ٹھیکوں میں مبینہ کک (بقیہ نمبر 13)

لاہور: 13، 14 اگست: پنجاب حکومت کا سیاسی جماعت کو ریلی کی اجازت نہ دینے کا فیصلہ

گنگارام ہسپتال کے حالات ابتر، دوران آپریشن جنریٹرز کام کرنا بند ہوگئے

مزید کہا کہ بجلی کی غیرموجودگی میں ڈاکٹرز گرمی اور حبس میں آپریشن کرنے پر مجبور ہیں

دوسری جانب نگران وزیراعلی پنجاب محسن نقوی نے معاملے کا نوٹس لے کر انکوائری کی ہدایت

لاہور (خصوصی رپورٹر) سروسز ہسپتال کے بعد گنگا رام ہسپتال کے حالات بھی ابتر ہو گئے، آپریشن کے دوران آپریشن تھیٹر کے جنریٹرز جواب دے گئے۔ سر گنگا رام ہسپتال کے سرجن نے آپریشن تھیٹر میں موبائل فون ٹارچ کی روشنی میں سرجری کی ویڈیو بنا کر جاری کی جس میں دیکھا جاسکتا ہے کہ پٹرول ختم ہونے کی وجہ سے بجلی بند ہونے پر آپریشن تھیٹر کا جنریٹر نہ چلایا جا سکا۔ بجلی ایک ایسے وقت میں غائب ہوئی جب ڈاکٹرز ایک مریض کی ٹانگ کی سرجری کرنے کی تیاری کررہے تھے، اس متعلق ڈاکٹرز کا کہنا ہے کہ سرگنگارام ہسپتال کے سارے آپریشن تھیٹرز میں یہی صورتحال ہے۔ انہوں نے مزید کہا کہ بجلی کی غیرموجودگی میں ڈاکٹرز گرمی اور حبس میں آپریشن کرنے پر مجبور ہیں، مریض کو بے ہوش تو کر دیا لیکن ہوش میں کیسے آئے گا کچھ علم نہیں۔ دوسری جانب نگران وزیراعلی پنجاب محسن نقوی نے معاملے کا نوٹس لے کر (بقیہ نمبر 16)

کوئٹہ میں جشن آزادی پر جھنڈے فروخت کرنے والی دکان پر دستی بم حملہ، تین افراد زخمی

کوئٹہ (نیوز رپورٹر) کوئٹہ میں یوم آزادی کی مناسبت سے جھنڈے اور بیجز فروخت کرنے والی دکان پر دستی بم حملے میں تین افراد زخمی ہوگئے۔ یہ حملہ کوئٹہ کے علاقے موتی رام روڈ پر واقع ایک دکان پر ہوا، دھماکے کی آواز سے خوف و ہراس پھیل گیا اور لوگوں میں افراتفری مچ گئی، دھماکے کے سبب تین افراد زخمی ہوگئے۔ دھماکے کی اطلاع ملتے (بقیہ نمبر 17)

نواب شاہ میں مال گاڑی کی دو بوگیاں پٹڑی سے اتر گئیں

آخری اطلاعات تک ریلوے کی جانب سے امدادی کارروائیاں شروع نہیں کی جاسکیں

نواب شاہ (نیوز رپورٹر) سندھ کے ضلع نواب شاہ میں مال گاڑی کو حادثہ پیش آیا ہے، جس کے نتیجے میں ٹرینوں کی آمد و رفت کا ٹریک بند ہوگیا۔ نواب شاہ میں دوڑ ریلوے اسٹیشن کے قریب اپ لائن پر مال گاڑی کی دو بوگیاں پٹڑی سے اتر گئیں، جس کی وجہ سے ٹرینوں کی آمد و رفت کا ٹریک بلاک ہوگیا۔ آخری اطلاعات تک ریلوے کی جانب سے امدادی کارروائیاں شروع نہیں کی جاسکیں۔ واضح رہے کہ (بقیہ نمبر 18)

یوٹیلیٹی سٹورز پر چاول اور دالوں کی قیمتوں میں ہوشربا اضافہ کردیا گیا

یوٹیلیٹی سٹورز کارپوریشن کی جانب سے نوٹیفکیشن جاری کردیا گیا

اسلام آباد (نیوز رپورٹر) پی ڈی ایم حکومت نے جاتے جاتے یوٹیلیٹی سٹورز پر چاول اور دالوں سمیت اشیائے خورونوش کی قیمتوں میں اضافہ کردیا۔ یوٹیلیٹی سٹورز کارپوریشن کی جانب سے نوٹیفکیشن جاری کردیا گیا، جس کے مطابق دال چنا کی فی کلو قیمت 20 روپے مہنگی کردی گئی، دال مسور اور سفید چنے کی فی کلو قیمت میں بھی 20 روپے کا اضافہ کیا گیا ہے۔ نوٹیفکیشن کے مطابق ٹوٹا (بقیہ نمبر 14)

بیرون ملک جانے والوں کا رش، روزانہ 40 ہزار افراد کی پاسپورٹ دفاتر آمد

اسلام آباد (نیوز رپورٹر) ملک سے باہر جانے والوں کا رش برقرار ہے اور روز 40 ہزار افراد پاسپورٹ دفاتر آرہے ہیں۔ پاسپورٹ حکام کے مطابق گزشتہ چند ماہ کے دوران پاسپورٹ بنوانے والے شہریوں کی تعداد میں بہت زیادہ اضافہ ہوا ہے۔ ملک سے باہر جانے کے لیے پاسپورٹ کے حصول کے لیے روزانہ 40 ہزار افراد (بقیہ نمبر 15)

پاک چین ڈائریکٹر جنرل کی سطح پر مشاورت کے تیسرے دور کا انعقاد

دونوں فریقین نے جنوبی ایشیا اور وسیع تر خطے میں ہونے والی پیشرفت پر تبادلہ خیال کیا

اسلام آباد (نیوز رپورٹر) جنوبی ایشیا پر پاک چین ڈائریکٹر جنرل کی سطح پر مشاورت کا تیسرا دور 9 اگست کو بیجنگ میں منعقد ہوا۔ ترجمان دفتر خارجہ نے بتایا کہ اجلاس میں وزارت خارجہ کے ڈائریکٹر جنرل (جنوبی ایشیا) الیاس محمود نظامی نے پاکستان کی قیادت کی جبکہ چینی وفد کی قیادت ڈائریکٹر جنرل (ایشیائی امور) مسٹر لیو جنسونگ نے کی۔ دونوں فریقین نے جنوبی ایشیا اور وسیع تر خطے میں ہونے والی پیشرفت پر تبادلہ خیال کیا اور دوطرفہ بات چیت میں باہمی افہام و تفہیم اور مشترکہ خیالات کا اظہار کیا۔ ترجمان دفتر خارجہ کے مطابق دورے کے دوران ڈائریکٹر جنرل الیاس نظامی نے معاون وزیر خارجہ مسٹر نونگ رونگ سے بھی ملاقات کی، ملاقات میں پاک چین تعلقات کی مثبت سمت پر تبادلہ خیال کیا گیا۔ ترجمان دفتر خارجہ نے بتایا کہ اجلاس میں وزارت خارجہ کے ڈائریکٹر جنرل (جنوبی ایشیا) الیاس محمود نظامی نے پاکستان (بقیہ نمبر 20)

پاکستان کے داخلی فیصلوں میں دخل اندازی کا الزام غلط ہے، امریکا

پاکستان سے نجی اور سرکاری سطح پر سابق وزیراعظم کے دورہ ماسکو پر تحفظات کا اظہار کیا تھا، ترجمان امریکی محکمہ خارجہ

میرے خیال میں بہت سے لوگوں نے امریکی سفارت کار کے تبصرے کو سیاق وسباق سے ہٹ کر سیاسی مقاصد کے لیے استعمال کیا ہے، ترجمان

واشنگٹن (نیوز ڈیسک) امریکی محکمہ خارجہ کا کہنا ہے کہ پاکستان کے داخلی فیصلوں میں دخل اندازی کا الزام درست نہیں۔ ترجمان امریکی محکمہ خارجہ میتھیو ملر نے میڈیا بریفنگ میں امریکی ویب سائٹ پر سامنے آنے والے سائفر کے متن سے متعلق سوال کے جواب میں کہا کہ اس دستاویز کے مصدقہ ہونے کے بارے میں کچھ نہیں کہہ سکتا تاہم اگر اس میں رپورٹ کی گئی تمام باتیں درست ہیں تب بھی یہ کہیں سے ظاہر نہیں ہوتا کہ امریکا نے یہ موقف اختیار کیا ہو کہ پاکستان میں قیادت کس کے پاس ہونا چاہیے۔ ترجمان کا مزید کہنا تھا کہ میرے خیال میں بہت سے لوگوں نے امریکی سفارت کار کے تبصرے کو سیاق وسباق (بقیہ نمبر 19)

نجی میڈیسن کمپنی کے دفتر میں دھماکہ، سابق ایم پی اے غلام سرور کا بیٹا جاں بحق

دھماکے میں جاں بحق ہونے والا سابق ایم پی اے میجر ریٹائرڈ غلام سرور کا بیٹا میجر ریٹائرڈ عدنان سرور ہے

جاں بحق شخص کی میت ڈی ایچ کیو ہسپتال منتقل کردی گئی ہے، ریسکیو فائر فائٹرز نے آگ پر مکمل کنٹرول کرکے کولنگ کا عمل شروع کردیا ہے

جھنگ (نیوز رپورٹر) جھنگ، ٹوبہ روڈ پر پرائیویٹ میڈیسن کمپنی کے دفتر میں دھماکہ کے باعث ایک شخص جاں بحق ہوگیا۔ پولیس کے مطابق دھماکے کس چیز سے ہوا اس نوعیت کا تعین کررہے ہیں، دھماکے میں جاں بحق ہونے والا سابق ایم پی اے میجر ریٹائرڈ غلام سرور کا بیٹا میجر ریٹائرڈ عدنان سرور ہے۔ 1122 عملہ کے مطابق آگ لگنے کی اطلاع پر ریسکیو ٹیم موقع پر پہنچی، کالر کی اطلاع کے مطابق گھر میں میڈیسن کی ڈسٹری بیوشن کمپنی تھی جس کے آفس میں نامعلوم وجہ سے دھماکہ کے باعث آگ لگ گئی اور ایک شخص جھلس گیا۔ ریسکیو حکام کے مطابق جاں بحق شخص کی میت ڈی ایچ کیو ہسپتال منتقل کر دی گئی (بقیہ نمبر 21)

سندھ ہائیکورٹ نے تحقیقاتی اداروں سے لاپتا افراد کی رپورٹ طلب کرلی

سندھ ہائیکورٹ میں لاپتا افراد کی بازیابی سے متعلق درخواستوں کی سماعت ہوئی

شوہر 11 سال سے لاپتا ہے، آخر کون سا جرم کیا ہے جو اس کی سزا ہی ختم نہیں ہو رہی؟

کراچی (جنرل رپورٹر) سندھ ہائیکورٹ نے پولیس اور تحقیقاتی اداروں پر برہمی کا اظہار کرتے ہوئے لاپتا افراد سے متعلق رپورٹ طلب کرلی۔ سندھ ہائیکورٹ میں لاپتا افراد کی بازیابی سے متعلق درخواستوں کی سماعت ہوئی، جمشید کوارٹرز کے علاقے سے 11 سال سے لاپتا شہری علی کی اہلیہ نے عدالت میں دکھ بھری داستان بیان کردی، خاتون کی تکلیف دہ داستان سن کر عدالت کا ماحول رنجیدہ ہوگیا۔ خاتون نے کہا کہ شوہر 11 سال سے لاپتا ہے، آخر کون سا جرم کیا ہے جو اس کی سزا ہی ختم نہیں ہو رہی؟، اکیلی عورت کا اس معاشرے میں رہنا کتنا مشکل ہے کسی کو اندازہ ہے؟، اگر مدد بھی کسی سے مانگوں تو وہ بدلے میں کچھ نہ کچھ مانگتا ہے۔ خاتون کے بیان پر عدالت پولیس اور محکمہ داخلہ پر برہم ہوئی، جسٹس نعمت اللہ نے کہا کہ جے آئی ٹی اور صوبائی ٹاسک فورس بالآخر کرتی کیا ہے؟، کیا سب لوگ صرف تنخواہ لینے کیلئے ڈیوٹی کرتے ہیں؟، گیارہ، گیارہ سال تک لاپتا شہری کا سراغ نہیں لگا سکتے تو کام (بقیہ نمبر 22)


جھنگ: نجی میڈیسن کمپنی کے دفتر میں دھماکہ: سابق ایم پی اے غلام سرور کا بیٹا جاں بحق

لال حویلی کیس: عدالت نے چیئرمین متروکہ وقف املاک کو فوری فیصلہ کرنے سے روک دیا

راولپنڈی (نیوز رپورٹر) لاہور ہائیکورٹ راولپنڈی بنچ نے لال حویلی کیس پر چیئرمین متروکہ وقف املاک کو فوری فیصلہ کرنے سے روک دیا۔ لاہور ہائیکورٹ راولپنڈی بنچ کے جسٹس جواد حسن نے لال حویلی کیس کے حوالے سے شیخ صدیق کی درخواست پر سماعت کی، شیخ رشید احمد کے بھائی شیخ صدیق کی طرف سے سردار عبدالرازق خاں ایڈووکیٹ پیش ہوئے متروکہ وقف املاک اور وفاقی (بقیہ نمبر 24)

محسن پاکستان، جذام کے مریضوں کی مسیحا ڈاکٹر رتھ فاکو بچھڑے 6 برس ہوگئے

کراچی (نیوز رپورٹر) محسن پاکستان جذام کے مریضوں کی مسیحا ڈاکٹر رتھ فاکو آج ہم سے بچھڑے 6 برس ہو گئے، جرمن ڈاکٹر رتھ فا نے پاکستان میں انسانیت کی خدمت کیلئے اپنی زندگی کے 57 برس وقف کردیے۔ ڈاکٹر رتھ فاو 8 مارچ 1960 میں پہلی بار پاکستان آئیں، یہ وہ وقت تھا جب پاکستان میں کوڑھ کے مریض کو اچھوت سمجھا جاتا تھا، سگے رشتے بھی ساتھ نہیں نبھاتے تھے اور مریض کو مرنے کیلئے کسی مقام پر تنہا چھوڑ آتے تھے، ایسے (بقیہ نمبر 23)

لاہور: نواز شریف کو انہی عدالتوں سے ریلیف ملے گا اور باعزت بری ہوں گے: رانا ثنا اللہ

معلم کے تشدد سے 7 سالہ مدرسے کے طالب علم کی آنکھ ضائع ہوگئی

پولیس نے معلم کو گرفتار کرنے کے بعد قانونی کارروائی کا آغاز بھی کردیا

راولپنڈی (خصوصی رپورٹر) پولیس نے 7 سالہ بچے پر تشدد کرنے والے معلم کو گرفتار کرلیا، قاری کے تشدد سے بچے کی آنکھ ضائع ہوگئی۔ راولپنڈی میں کلر سیداں پولیس نے متاثرہ بچے کے والد کی مدعیت میں شکایت درج کرنے کے بعد ایکشن لیتے ہوئے معلم کو گرفتار کیا۔ متاثرہ بچے کے والد (بقیہ نمبر 25)

لاہور: 17 سالہ لڑکی سے تین افراد کی اجتماعی زیادتی، مقدمہ درج

ملزمان قانونی کارروائی کی صورت میں سنگین نتائج کی دھمکیاں دے رہے ہیں

لاہور (نیوز رپورٹر) لاہور کے تھانہ مغلپورہ کی حدود میں 17 سالہ لڑکی کو تین افراد نے اغوا کے بعد زیادتی کا نشانہ بنا ڈالا۔ تفصیلات کے مطابق مغلپورہ میں ملزمان نے 17 سالہ لڑکی علشبہ اور اس کی والدہ کو کام کا جھانسہ دے کر مغلپورہ بلایا، ملزم سنی، اویس ڈوگر اور عرفان لڑکی کو زبردستی اغوا کرکے قریبی حویلی میں لے گئے اور اجتماعی زیادتی کا نشانہ بنایا۔ پولیس نے اغوا اور زیادتی کی دفعات (بقیہ نمبر 29)

شہریار آفریدی کا ایم پی او کے تحت گرفتاری کیخلاف اسلام آباد ہائیکورٹ سے رجوع

اسلام آباد (خصوصی رپورٹر) پاکستان تحریک انصاف (پی ٹی آئی) کے مرکزی رہنما شہریار آفریدی نے ایم پی او کے تحت گرفتاری کے خلاف اسلام آباد ہائیکورٹ سے رجوع کر لیا۔ رہنما تحریک انصاف شہریار آفریدی نے اسلام آباد ہائیکورٹ میں دائر درخواست میں مقف اختیار کیا ہے کہ اے ٹی سی کورٹ راولپنڈی کے احاطے سے باہر آتے ہی حراست میں لیا گیا، معلوم کرنے پر پتا چلا کہ (بقیہ نمبر 26)

سکھر: سرکاری تعلیمی اداروں میں کتابوں کا فقدان، تدریسی عمل شروع نہ ہوسکا

سکھر (نیوز رپورٹر) سرکاری تعلیمی اداروں میں کتابوں کا فقدان، تدریسی عمل شروع نہ ہوسکا، سندھ ٹیچرز کوآرڈی نیشن کمیٹی نے وزیراعلی سندھ مراد علی شاہ اور چیئرمین سندھ ٹیکسٹ بورڈ جامشورو کو خط لکھ دیا۔ خط میں کہا گیا ہے کہ سرکاری تعلیمی اداروں میں درسی کتاب نہ ملنے پر تدریسی عمل کا آغاز نہیں ہوسکا، سندھ ٹیکسٹ بک بورڈ ہمیشہ ایسی کوتاہیوں کا مرتکب ہوتا ہے، نئے تعلیمی سال کا آغاز ہوگیا مگر سرکاری تعلیمی اداروں میں طلبہ و طالبات تک کتابیں نہیں (بقیہ نمبر 28)

چیئرمین پی ٹی آئی سے اٹک جیل میں بشری بی بی کی ملاقات

بشری بی بی کی اٹک جیل آمد ہوئی تو پولیس ناکے پر گاڑیوں کو آدھا گھنٹہ روکا گیا

اٹک جیل انتظامیہ نے بشری بی بی کو چیئرمین پی ٹی آئی سے ملاقات کی اجازت دے دی

اٹک (اسپیشل رپورٹر) چیئرمین پی ٹی آئی عمران خان سے اٹک جیل میں ان کی اہلیہ بشری بی بی نے ملاقات کی تاہم وکلا کو ملاقات کی اجازت نہ مل سکی۔ بشری بی بی کی اٹک جیل آمد ہوئی تو پولیس ناکے پر گاڑیوں کو آدھا گھنٹہ روکا گیا۔ وکیل نعیم حیدر پنجوتھہ نے بتایا کہ ملاقات کے لیے ہائی کورٹ اسلام آباد نے اجازت دی۔ اٹک جیل انتظامیہ نے بشری بی بی کو چیئرمین پی ٹی آئی سے ملاقات کی اجازت دے دی تاہم پی ٹی آئی وکلا شیر افضل، نعیم پنجوتھا اور علی اعجاز بٹر کو اجازت نہ مل سکی۔ جیل کے باہر پولیس اور ایلیٹ فورس کے دستے ہائی الرٹ رہے جبکہ میڈیا کو کوریج سے روک دیا گیا۔ عمران خان اور بشری بی بی کی ملاقات ایک گھنٹے سے زائد وقت کے لیے جاری رہی۔ چیئرمین پی ٹی آئی کی قانونی ٹیم کو ملاقات کی اجازت نہیں مل سکی جس کے بعد وہ لاہور روانہ ہوگئیں۔ تو پولیس ناکے پر گاڑیوں کو آدھا گھنٹہ روکا گیا۔ وکیل نعیم حیدر پنجوتھہ نے بتایا کہ ملاقات کے لیے ہائی کورٹ اسلام آباد نے اجازت دی۔ اٹک جیل انتظامیہ (بقیہ نمبر 27)

اسلام آباد: گھریلو ملازمہ تشدد کیس، سول جج کی اہلیہ ملزمہ سومیہ کی درخواست ضمانت مسترد

عوام کی بے ساختہ للکار
روزنامہ Daily Awami Lalkaar راولپنڈی
عوامی للکار

ایڈیٹوریل پیج

ایڈیٹوریل ایڈیٹر
روبینہ فیصل

موسمیاتی تبدیلیوں پر اقوام متحدہ کی وارننگ

اقوام متحدہ نے دنیا کو وارننگ جاری کرتے ہوئے کہا ہے کہ یہ موسمیاتی تبدیلی کے بعد شدید گرمی کا سامنا کرنے کے لیے تیار ہو جائے، آنے والے دِنوں میں کرہ ارض پر گرمی مزید شدید ہو جائے گی جس کی وجہ سے مختلف ممالک میں تباہی اور نقصان کا خدشہ ہے۔ گلوبل وارمنگ نے اپنا رنگ دکھانا شروع کر دیا ہے، کہیں سورج آگ برسا رہا ہے تو کہیں طوفانی بارشیں اور سیلاب تباہی مچا رہے ہیں۔ گذشتہ روز امریکہ کی ڈیتھ ویلی میں درجہ حرارت 56 ڈگری سینٹی گریڈ تک پہنچ گیا جبکہ ایک اور امریکی شہر فینکس میں گرمی کا 50 سالہ ریکارڈ ٹوٹ گیا، شدید گرمی نے اِن علاقوں کے رہنے والوں کا برا حال کر دیا۔ کینیڈا میں بھی 500 مقامات پر جنگلات میں آگ لگنے سے دھواں اٹھ رہا ہے جو شمالی اور مشرقی امریکہ کے کئی علاقوں تک پہنچ رہا ہے، اب تک 20 ریاستوں میں خراب ہوا کا الرٹ جاری کیا جا چکا ہے۔ فوج اور بین الاقوامی فائر فائٹرز کو طلب کر لیا گیا ہے جو آگ بجھانے کی کوششوں میں مصروف ہیں، اِس کوشش میں دو فائٹرز ہلاک ہو چکے ہیں۔ بین الاقوامی میڈیا کے مطابق گلوبل وارمنگ کے باعث یہ آگ اگست تک جاری رہ سکتی ہے۔ مونٹریال کیوبک اور ٹورنٹو میں دھوئیں کا الرٹ جاری کر دیا گیا ہے جبکہ بعض امریکی ریاستوں میں رہائشیوں کو گھروں میں رہنے کی ہدایت کی گئی ہے۔ مغربی اور جنوبی امریکہ کے 80 ملین سے زیادہ لوگ وسیع پیمانے پر گرم ہوا کے پیش نظر حفاظتی اقدامات کر رہے ہیں۔ ماسکو میں بھی بارشوں نے جل تھل ایک کر رکھا ہے، کئی پروازیں منسوخ اور تاخیر کا شکار ہو رہی ہیں۔ برطانیہ کے محکمہ موسمیات کے مطابق چین میں گزشتہ روز اب تک کا بلند ترین درجہ حرارت ریکارڈ کیا گیا۔ چین میں 52 سنٹی گریڈ نے درجہ حرارت کے تمام ریکارڈ توڑ دیئے ہیں۔ جنوبی چین اور ویتنام میں بھی سمندری طوفان تلم کی تباہ کاریاں جاری ہیں جس کی وجہ سے 20 لاکھ سے زائد افراد کو محفوظ مقام پر منتقل کرنا پڑا ہے۔ جاپان اب تک ہیٹ ویو کے 32 الرٹ جاری کر چکا ہے اور تقریباً 60 افراد اِس کا شکار ہو چکے ہیں جبکہ جنوبی کوریا میں جاری طوفانی بارشوں اور لینڈ سلائیڈنگ کی وجہ سے 40 افراد ہلاک ہو چکے ہیں۔ کرہ ارض پر گرمی کی شدت کا اندازہ اِس بات سے لگایا جا سکتا ہے کہ جنوبی یورپ کے کئی ممالک اِس وقت ریکارڈ گرمی کی لپیٹ میں ہیں۔ سسلی میں درجہ حرارت 46.3 ڈگری سینٹی گریڈ تک پہنچ چکا ہے۔ سائنسدانوں کا کہنا ہے کہ موسمیاتی تبدیلی ہیٹ ویو کے دورانیے کو طویل، شدید اور مستقل بنا رہی ہے۔ ورلڈ میٹرولوجیکل آرگنائزر) ڈبلیو ایم او (کے مطابق ہیٹ ویو آنے والے سالوں میں مزید سخت اور طویل ہوتی جائے گی۔ سپین، یونان اور سوئٹزرلینڈ میں شدید گرمی کی وجہ سے پھیلی جنگل کی آگ پر قابو پانے میں مشکلات پیش آ رہی ہیں جبکہ متاثرہ علاقوں میں سینکڑوں مکانات تباہ ہو چکے ہیں اور یہاں سے بڑی تعداد میں لوگوں کا انخلا جاری ہے۔ موسمیاتی تبدیلی سے سب سے زیادہ متاثرہ علاقوں میں جنوبی ایشیا کے ممالک سرفہرست ہیں۔ گزشتہ سال کی طوفانی بارشیں سیلاب اور گلیشیر پگھلنے سے ندی نالوں میں طغیانی نے کروڑوں پاکستانیوں کو بری طرح متاثر کیا، لگ بھگ ایک تہائی ملک پانی میں ڈوب گیا تھا جس سے اربوں ڈالر سے زائد کا نقصان ہوا، تین صوبوں میں انفراسٹرکچر شدید متاثر ہوا۔ گلوبل وارمنگ اور اس کی تباہ کاریوں سے متعلق پاکستان کی کوششوں سے عالمی سطح پر درپیش اس نئے چیلنج کے حوالے سے اقوام کو سر جوڑ کر بیٹھنا پڑا۔ گزشتہ سال نومبر میں مصر کے شہر شرم الشیخ میں موسمیاتی تبدیلیوں پر بلائی گئی کاپ 27 کانفرنس میں موسمیاتی تبدیلی سے متاثرہ ممالک کے لیے عالمی امدادی فنڈ بھی قائم کیا گیا لیکن یہ فنڈ شاید اِن نقصانات کا پوری طرح مداوا نہ کر سکے۔ اِس وقت بھی پاکستان اور بھارت کو سخت مون سون کا سامنا ہے، بھارت میں حالیہ بارشوں نے تباہی مچا رکھی ہے، اس نے لاکھوں کیوسک پانی پاکستان آنے والے دریاؤں میں چھوڑ دیا ہے، جس کے بعد ملک میں مختلف مقامات پر سیلابی صورتحال کا سامنا ہے۔ ابھی مون سون کا آغاز ہے لیکن نیشنل ڈیزاسٹر مینجمنٹ اتھارٹی پہلے ہی شدید بارشوں، گلیشیر پگھلنے اور دریاؤں میں سیلاب آنے سے شدید نقصان کے خدشے کا اظہار کر چکی ہے۔ اقوام متحدہ کی جانب سے موسمیاتی تغیر کے بعد دنیا بھر میں ہونے والی تبدیلیوں اور نقصانات کے خدشے کے پیش نظر پوری دنیا اپنی بساط کے مطابق اقدامات کر رہی ہے لیکن شدید مشکلات پاکستان جیسے ترقی پذیر ممالک کو ہیں جو ابھی گزشتہ سال کے نقصانات کا بھی مداوا نہیں کر سکے۔ ہمیں اِن حالات میں جینے کے طور طریقے سیکھنا ہوں گے یعنی ایک نئے لائف سٹائل کو اپنانا ہوگا۔ یہاں تک کہ ہمیں اپنی فصلوں کا انتخاب بھی موسمیاتی تبدیلیوں کے مدنظر کرنا ہوگا، اپنے ندی نالوں کی صفائی یقینی بنانی چاہیے کہ آنے والی طغیانیوں سے ہونے والے نقصانات کو کم سے کم کیا جا سکے۔ آج دنیا ایک طرف بارشوں، سیلابوں، گلیشیر پگھلنے اور سیلابوں سے پریشان ہے تو دوسری طرف اس پانی کو نعمت سمجھتے ہوئے اِسے محفوظ کرنے کے لیے نئے ڈیم تعمیر کر رہی ہے۔ ہمارے ہمسایہ ممالک چین اور بھارت نے آبی ذخائر کی گنجائش اس حد تک بڑھا لی ہے کہ یہ پانی ان کے لیے نعمت بن چکا ہے جبکہ ہمارے لیے یہ تا حال زحمت ہے۔ بھارت میں اِس وقت دریاؤں پر سینکڑوں ڈیم بنائے گئے ہیں۔ کشن گنگا ڈیم کی تعمیر پر پاکستان عالمی عدالت کا دروازہ کھٹکھٹا چکا ہے جہاں بھارت کی معاہدے کے برخلاف تعمیر پر پاکستانی اعتراض کو تسلیم بھی کر لیا گیا ہے۔ پاکستان کو چین اور بھارت کی طرح اس وقت پانی کو ذخیرہ کرنے کی گنجائش زیادہ سے زیادہ بڑھانے کی اشد ضرورت ہے۔ مقام افسوس ہے کہ ہمارے ہاں ڈیموں کی تعمیر پر بھی سیاست کی گئی اور انہیں سیاسی مصلحتوں اور مفادات کی نظر کر دیا گیا۔ کالا باغ ڈیم کی تعمیر پر آج تک ہم دو عملی کا شکار ہیں، ہمارے گنتی کے چند ڈیموں میں بھی پانی ذخیرہ کرنے کی گنجائش کم ہوتی جا رہی ہے، غیر قانونی تعمیرات سے دریاؤں کے کنارے سکڑتے جا رہے ہیں جبکہ نالوں اور رودکوئیوں کی صفائی تک نہیں کی جا رہی۔ اگر ہم نے ہوش کے ناخن نہ لیے اور اپنے آپ کو موسمیاتی تبدیلیوں کے پیش نظر تیار نہ کیا تو مشکلات میں کئی گنا اضافہ ہو سکتا ہے۔

بارش، بجلی اور ہم !اللہ رحم کرے!

ارادہ تھا کہ آج فرزند لال حویلی راولپنڈی شیخ رشید اور رانا ثنااللہ کے مکالموں کا ذکر کروں گا لیکن حالات پر تو بس نہیں ہے، صبح معمول کے مطابق الارم سے نیند کھلی، اٹھ کر معمول کی ضروریات سے فارغ ہو کر نماز فجر ادا کی اور پھر تھوڑی دیر بعد پنکھا چلا کر سو گیا، عادتاً قریباً سات بجے آنکھ کھلی تو محسوس ہوا کہ بجلی نہیں ہے۔ جب موبائل سے موسمیاتی ایپ کا سہارا لیا تو معلوم ہوا کہ تیز ہوا کے ساتھ موسلادھار بارش ہے۔ خیال ہوا کہ بارش اور بجلی کا معمول ہے، کچھ دیر میں آ ہی جائے گی، اگرچہ تیز

چوہدری خادم حسین

بارش اور ہوا کافی دیر پہلے تھم گئی تھی اور اب تک صرف پھوار پڑ رہی ہے تاہم بجلی بحال نہیں ہوئی، اس عرصہ میں برادرم ایس ڈی او صاحب سے رابطہ ہوا تو معلوم ہوا کہ گرڈ تو چل رہا ہے، تاہم میرے والے علاقے کے فیڈر سمیت کل تین فیڈر بند ہیں اور جب تک بارش مکمل طور پر نہیں رک جاتی اور سروے سے تسلی نہیں ہوتی بجلی بحال نہیں ہوگی۔ اب جب میں یہ تحریر بالکونی میں بیٹھ کر دن کی روشنی میں لکھ رہا ہوں تو ساڑھے گیارہ بج گئے ہیں۔ بجلی کی آمد کا دور دور تک علم نہیں، دروازے کے باہر نہر کا سماں ہے، واسا والوں کے مطابق بجلی کی بندش ہی کے باعث نکاسی آب میں مشکل پیش آ رہی ہے۔ پھر دفتر سے رجوع کیا تو ہمارے زبیر صاحب سے بات ہوئی، ان کی بات سن کر معلوم ہوا کہ وہاں بجلی تو ہے لیکن دفتر کے نچلے حصہ میں معمول کے مطابق پانی ہے کہ گٹر ابل پڑے تھے، لہٰذا مجبوراً گھر پر لکھ رہا ہوں اور بجلی کی بحالی کا منتظر ہوں۔

اس صورت حال نے وہ تمام خیالات ذہن سے اڑا دیئے جو بقول نصرت جاوید لال حویلی سے اٹھے بقراط کے حوالے سے آ رہے تھے لہٰذا آج ذرا ماضی پر پھر ایک نظر ڈال لیتے ہیں کہ ساون کے موجودہ سیزن میں ساون تو کیا لگتا ہے۔ ماحولیاتی تبدیلی کے باعث یہ زحمت کی صورت اختیار کر گیا ہے، چھاجوں مینہہ برسنے والی کہاوت اب سمجھ میں آتی ہے کہ لاہور میں پچھلی بار ایسا ہوا اور قریباً تین سو ملی میٹر بارش ریکارڈ ہوئی۔ پھر گوجرانوالہ اور فیصل آباد پر بھی یہی گزری، شیخوپورہ متاثر ہوا تو راولپنڈی کی باری بھی آ گئی اور وہاں بھی کم وقت میں دو سو ملی میٹر سے زیادہ برسات ہوئی۔ ذکر نالہ لئی کا ہوا، حالانکہ مری روڈ بھی ڈوبی ہوئی تھی اور نشیبی علاقوں کا مال بہت برا تھا، ابھی ان خبروں کے حوالے سے بات ہو رہی تھی کہ آج خود پر بن گئی۔ بجلی سے محروم بالکونی میں براجمان لکھتا جا رہا ہوں، اگر بجلی نہ آئی تو یو پی ایس کا سہارا بھی نہیں رہے گا، ایسا ہوا تو انٹرنیٹ بھی بند ہو جائے گا اور لیپ ٹاپ پر کام نہ کر سکوں گا، اس صورت میں کیا ہوگا، ابھی فیصلہ نہیں کیا، امید پر دنیا قائم ہے، شاید قدرت ہی کو رحم آئے گا۔ ایسا نہ ہوا، دفتر جانا پڑا۔

بہرحال بات کریں ذرا ماضی بعید کی 1951 کی بات ہے، جب بڑا سیلاب آیا اور لاہور میں ایک ہفتہ تک مسلسل بارش ہوئی۔ اس کے نتیجے میں اندرون شہر چوک نواب صاحب، لال کھوہ اور اکبری منڈی کے بازاروں میں کئی کئی فٹ پانی جمع ہو گیا کہ برساتی پانی کی نکاسی والی بڑی ڈرین جواب دے گئی تھی، جن دکانوں کی سطح کم تھی، ان کے اندر پانی چلا گیا، ہم نوجوانوں کی ٹولی ان دنوں ہفتے میں ایک بار تاش کھیلتے اور لال کھوہ کے سامنے والی گلی میں ایک دوست کے گھر اکٹھے ہوتے تھے، اس بار بارش شروع ہوئی تو لاہوری مزاج کے مطابق پوڑے اور پکوڑوں کا سلسلہ ہوا جو گھر ہی تیار کئے گئے، یہ سلسلہ دراز ہوا تو پریشانی شروع ہو گئی، ہم بھی پورا ہفتہ یہاں بند رہ کر سوتے جاگتے اور گھر میں موجود راشن سے گزارہ کرتے رہے، ایک آدھ مرتبہ کلچوں کے لئے ہمت کی تو کمر کمر تک پانی میں سے گزر کر دکان تک جانا ہوا جس کا تھڑا اونچا تھا اور نانبائی خدمت کر رہا تھا، اسی دور میں مصری شاہ میں بھی اتنا پانی جمع ہوا کہ آمد و رفت کے لئے کشتیاں چلیں، اس بارش نے مکانوں کی چھتوں کو برباد کیا تو کئی کمزور گھر گر بھی گئے، اسی سیلاب کے بعد راوی کے دونوں پشتوں کی طرف بند بنائے گئے کہ آئندہ سیلاب سے محفوظ رہا جائے۔ اب یہ بند مٹ چکے اور دریا کے بیڈ میں آبادیاں اور صنعتیں کھڑی کر لی گئیں، بھارت کی طرف سے جب بھی فاضل پانی چھوڑا جاتا ہے تو یہاں نقصان ہوتا ہے، اس مرتبہ زیادہ پانی آیا تو نقصان بھی زیادہ ہوا ہے۔

آج کی برسات نے یہ سب یاد دلا دیا، ساتھ ہی یہ بھی کہ نکاسی آب کا معاملہ بھی پرانا ہے اور ہر مرتبہ نئے منصوبے بنتے رقوم مختص ہوتیں اور پھر سال گزر جاتا اور اگلی مرتبہ پھر وہی چال بے ڈھنگی جو پہلے تھی سو اب بھی ہے، وہی بیانات، ویسے ہی اعلان اور پھر دعوے کہ اتنے عرصہ میں پانی نکال دیا گیا۔ حالانکہ ہر بار ان تمام مقامات پر پانی کھڑا ہوتا ہے، جہاں معمول ہے اور اسے نشیب کہا جاتا ہے، حتیٰ کہ مال روڈ، جیل روڈ اور گلبرگ جیسے علاقے بھی محفوظ نہیں رہتے اور اب تو انڈر پاسوں میں نہر بننا معمول ہے کہ بارش ذرا زیادہ ہو تو نہر کے کناروں پر ٹریفک جام ہو جاتی ہے۔ میری عمر گزر چلی، یہ سنتے اور رپورٹ کرتے کہ اب پانی جمع نہیں ہوگا اور اس بار معمول سے پہلے اخراج ہو گیا۔

اس سلسلے میں یہ بتانا شاید دل کی تسلی ہو کہ سالہا سال سے ڈرینوں اور مین سیوریجوں پر قائم تجاوزات ختم کرنے کے دعوے کئے جاتے ہیں لیکن جوں جوں وقت گزرتا ہے، نکاسی آب کی ان ڈرینوں کی گہرائی اور چوڑائی کم ہوتی جاتی ہے، ان ڈرینوں کی صفائی اور تجاوزات کے خاتمے کے منصوبے کاغذات میں دفن ہو جاتے ہیں اور مختص رقوم کا بھی کوئی حساب نہیں ہوتا۔ لاہور شہر کی قریباً تمام کھلی ڈرین برساتی تھیں اور یہ قیام پاکستان سے قبل اسی کام آتی تھیں، لیکن اب یہ سب گندے نالے بن چکے کہ سیوریج کے منہ انہی نالوں میں ہیں اور ان پر تجاوزات موجود ہیں، نہ معلوم وہ کون سی حکومت اور انتظامیہ ہوگی جو ان مسائل کو فرض جان کر حل کرے گی؟

اب آتے ہیں، بجلی کی طرف، ہر روز یہ سن کر جان نکل جاتی ہے کہ بجلی کے بل میں فی یونٹ اضافہ ہو گیا۔ ہر ماہ فیول ایڈجسٹمنٹ چارجز جڑ دیئے جاتے ہیں، نہ معلوم کتنی قسم کے ٹیکس شامل کر دیئے گئے ہیں۔ اس تمام تر بوجھ کے باوجود بجلی کی سپلائی میں تسلسل نہیں ہے اور بارش میں تو یہی حال ہوتا ہے جو ہمارا اس وقت ہے کہ چھ گھنٹے سے برقی رو معطل ہے اور واپسی کا کوئی علم نہیں کہ معمولی پھوار اب بھی ہے۔ اس سلسلے میں عرض کروں کہ پوری دنیا میں جب تک کوئی سونامی جیسا طوفان نہ آئے، تیز بارش اور برف باری میں بھی بجلی بند نہیں ہوتی کہ مقامی ترسیل زیر زمین ہے اور بڑی لائنیں بہت مضبوط ہوتی ہیں، کھمبے بھی بہتر بنیادوں والے ہیں کہ سیمنٹ میں ڈنڈی نہیں ماری جاتی۔ ہمارے ملک میں ایلومونیم کی تاریں ہیں، ان کے جوڑ بھی جل جاتے ہیں، علاقائی ترسیل ڈھیلی تاروں پر ہوتی ہے، تیز ہوا سے آپس میں ٹکراتی ہیں، ایک ایک کھمبے پر درجنوں میٹر اور ان کے کنکشن اوپر ایک ہی جگہ ہیں، اس حوالے سے کبھی سوچا ہی نہیں گیا، چنانچہ اگر اب بجلی بند ہوئے سات گھنٹے ہو گئے تو پھر کیا ہو سکتا ہے، جہاں تک عوام پر بوجھ ڈالنے کا تصور ہے تو ایڈوانس انکم ٹیکس کے علاوہ ٹی وی فیس بھی بجلی کے بل میں شامل ہے۔

اور اب یہ بھی اطلاع ہے کہ پندرہ روپے ماہانہ ریڈیو فیس شامل کی جا رہی ہے، یہ سب بوجھ ہم عوام پر ہے جو پہلے ہی شدید تر مہنگائی سے دوچار ہیں، میں یہ تو نہیں کہتا ان حالات میں زندہ کس طرح ہیں تاہم یہ ضرور سوچتا ہوں کہ جو لوگ ملک چھوڑ کر اپنا ٹھکانہ کسی ترقی یافتہ ملک میں بنا رہے ہیں وہ شاید ٹھیک ہی کرتے ہیں، میں شاید وطن ہی کیا اپنے شہر کی محبت میں دیوانہ ہوں کہ 1959-60 میں تربیتی موقع گنوایا اور پھر 1983 میں ساڑھے چار ماہ کے بعد واپس ہو گیا۔

بارش، بجلی اور ہم !اللہ رحم کرے!

ارادہ تھا کہ آج فرزند لال حویلی راولپنڈی شیخ رشید اور رانا ثنااللہ کے مکالموں کا ذکر کروں گا لیکن حالات پر تو بس نہیں ہے، صبح معمول کے مطابق الارم سے نیند کھلی، اٹھ کر معمول کی ضروریات سے فارغ ہو کر نماز فجر ادا کی اور پھر تھوڑی دیر بعد پنکھا چلا کر سو گیا، عادتاً قریباً سات بجے آنکھ کھلی تو محسوس ہوا کہ بجلی نہیں ہے۔ جب موبائل سے موسمیاتی ایپ کا سہارا لیا تو معلوم ہوا کہ تیز ہوا کے ساتھ موسلادھار بارش ہے۔ خیال ہوا کہ بارش اور بجلی کا معمول ہے، کچھ دیر میں آ ہی جائے گی، اگرچہ تیز بارش اور ہوا کافی دیر پہلے تھم گئی تھی اور اب تک صرف پھوار پڑ رہی ہے تاہم بجلی بحال نہیں ہوئی، اس عرصہ میں برادرم ایس ڈی او صاحب سے رابطہ ہوا تو معلوم ہوا کہ گرڈ تو چل رہا ہے، تاہم میرے والے علاقے کے فیڈر سمیت کل تین فیڈر بند ہیں اور جب تک بارش مکمل طور پر نہیں رک جاتی اور سروے سے تسلی نہیں ہوتی بجلی بحال نہیں ہوگی۔ اب جب میں یہ تحریر بالکونی میں بیٹھ کر دن کی روشنی میں لکھ رہا ہوں تو ساڑھے گیارہ بج گئے ہیں۔ بجلی کی آمد کا دور دور تک علم نہیں، دروازے کے باہر نہر کا سماں ہے، واسا والوں کے مطابق بجلی کی بندش ہی کے باعث نکاسی آب میں مشکل پیش آ رہی ہے۔ پھر دفتر سے رجوع کیا۔

عوام کی فلاح و بہبود کیلئے الخدمت فاؤنڈیشن کی عظیم خدمات

الخدمت فاؤنڈیشن وطن عزیز کی سب سے بڑی غیر حکومتی فلاحی تنظیم ہے۔ یوں تو الخدمت فاؤنڈیشن نے قیام پاکستان کے وقت مہاجرین کی امداد کے کٹھن کام سے اپنی کار خیر کا آغاز کر دیا تھا مگر غیر حکومتی فلاحی تنظیم کے طور پر اسے سن نوے میں

ریاض احمد چودھری

رجسٹر کیا گیا۔ اس تنظیم کے پیش نظر کار ہائے خیر میں سب سے نمایاں وقت آفات میں رضا کارانہ سرگرمیاں ہیں۔ الخدمت فاؤنڈیشن اس وقت پاکستان کے 150 اضلاع میں اپنی خدمات سر انجام دے رہی ہے۔ اگلے روز راقم الحروف نے محترم ڈاکٹر امان اللہ ڈین لا فیکلٹی، پنجاب یونیورسٹی کے ہمراہ الخدمت فاؤنڈیشن رائیونڈ روڈ لاہور کا دورہ کیا۔ الخدمت لاہور کے سرپرست اعلیٰ میاں ذکر اللہ مجاہد نے فاؤنڈیشن کی کارکردگی تفصیل سے بتاتے ہوئے کہا کہ الخدمت فاؤنڈیشن پاکستان اس وقت سات شعبہ جات میں کام کر رہی ہے۔ ان شعبہ جات میں تعلیم، صحت، کفالت یتامیٰ، صاف پانی، مواخات، سماجی خدمات اور آفات سے بچا کے شعبہ جات شامل ہیں۔ طلبا و طالبات کو فنی تعلیم اور پیرا میڈیکل سٹاف کو تربیت بھی دی جا رہی ہے۔ میڈیا اور پرنٹ میڈیا کا شعبہ بھی قائم کیا گیا ہے۔ میں نے ان سے کہا تھا کہ ایک میڈیکل کالج کھولیں کیونکہ سرکاری میڈیکل کالجوں کی فیسیں و دیگر اخراجات تو بہت زیادہ ہیں اور نرسنگ کا کالج کھولیں کیونکہ پرائیویٹ ادارے بھی بہت پیسے بٹورتے ہیں اور تعلیم کا ستیاناس کرتے ہیں تو انہوں نے بتایا کہ پشاور میں میڈیکل کالج قائم کیا جس میں سے اب تک چار، پانچ بیچ پاس ہو چکے ہیں۔

یہاں یہ بات بھی قابل فخر ہے کہ فاؤنڈیشن کے ملنے والے ایک ایک پیسے کا حساب رکھا جاتا ہے۔ ہر ڈونیشن کی رسید کاٹی جاتی ہے۔ اپنا الگ سے فنانس کا شعبہ ہے جس کا حکومت یا کوئی بھی ادارہ آڈٹ کر سکتا ہے۔ خود فاؤنڈیشن بھی اپنا آڈٹ کرتی ہے۔ بائیس اصحاب اس ادارے کی نگرانی کرتے ہیں۔ یہ ادارے سے کوئی تنخواہ نہیں لیتے بلکہ پارٹ ٹائم اپنی خدمات انجام دیتے ہیں۔ اس کے علاوہ دیگر شعبوں میں سٹاف تنخواہ دار ہے۔ میاں ذکر اللہ مجاہد بھی ان بائیس اصحاب میں شامل ہیں جو ادارے کی بلامعاوضہ نگرانی کا فریضہ انجام دیتے ہیں۔

محترم ذکر اللہ مجاہد نے بتایا کہ امسال الخدمت کے زیر اہتمام اسی کروڑ روپے کے جانوروں کی قربانی ہوئی جن کا گوشت خاص طور پر سیلاب متاثرہ علاقوں میں اپنے بہن بھائیوں میں تقسیم کیا گیا۔ پاکستان کے ساتھ ساتھ الخدمت فاؤنڈیشن بیرونی ممالک میں مصیبت زدہ بہن بھائیوں کے لیے فلسطین، شام، روہنگیا، افغانستان اور کشمیری مہاجرین تک قربانی فی سبیل اللہ کا اہتمام کرتی ہے۔ ملک میں بہت بڑی تعداد ایسے افراد کی ہے جنہیں سال میں صرف عیدالاضحیٰ کے موقع پر ہی گوشت کھانا نصیب ہوتا ہے۔ پاکستان سے مخیّر حضرات کے ساتھ ساتھ الخدمت کو ملنے والی قربانیوں کا ایک بڑا حصہ بیرونِ ممالک مقیم پاکستانیوں اور برادر تنظیموں کی بھیجی گئی قربانیوں پر مشتمل ہوتا ہے۔ بہترین کارکردگی پر نہ صرف اندرون ملک بلکہ بیرون ملک بھی الخدمت کی خدمات کو سراہا گیا اور اعزازات سے نوازا گیا۔ ترکیہ کے زلزلے کے دوران الخدمت فاؤنڈیشن پاکستان کی گراں قدر خدمات کو مدنظر رکھتے ہوئے ایوان صدر ترکیہ) انقرہ (میں منعقدہ تقریب میں صدر جمہوریہ ترکیہ رجب طیب اردوان اور ترک عوام کی جانب سے الخدمت فاؤنڈیشن کو ترکی کا سب بڑے سماجی ایوارڈ "تمغہ حسن کارکردگی" سے نوازا گیا۔ یہ اعزاز، حالیہ ترک زلزلوں میں الخدمت فاؤنڈیشن کی ٹیم کی جانب سے ترکیہ میں ادا کی گئی گراں قدر خدمات اور غیر معمولی امدادی کاوشوں کے اعتراف میں پیش کیا گیا۔ اس سلسلے میں ترکیہ کے دارالحکومت انقرہ میں خصوصی تقریب کا اہتمام کیا گیا جس میں خود ترک صدر رجب طیب اردوان بھی موجود تھے۔ الخدمت فاؤنڈیشن کی جانب سے یہ اعزاز اکرام الحق سبحانی نے وصول کیا، جنہوں نے الخدمت فاؤنڈیشن کی اس امدادی ٹیم کی قیادت کی تھی جو 6 فروری کے زلزلوں کے فوراً بعد ترکیہ اور شام میں ریسکیو کے سلسلے میں بھیجی گئی تھی۔

الخدمت کی جانب سے لوگوں کو بلاسود قرض بھی دیا جاتا ہے۔ اب تک ہزاروں لوگ اس فاؤنڈیشن سے قرضہ لے کر اپنی ضروریات کو پورا کر چکے ہیں 159 ملین یعنی 15 کروڑ 9 لاکھ روپے اب تک لوگوں کو دئے گے ہیں تمام لوگ قرضہ لینے کے بعد ٹائم پر واپس کرتے ہیں ان ریکوری ریٹ 94 فیصد ہے۔ اس فاؤنڈیشن سے 20 ہزار سے 50 ہزار تک کا قرضہ مل سکتا ہے پورے پاکستان سے تمام مرد خواتین قرضے کے لئے درخواست دے سکتے ہیں اس قرضے سے آپ اپنا چھوٹا کاروبار شروع کر سکتے ہیں یا اپنا گھر بنا سکتے ہیں یا کوئی بھی اپنی ضروریات کو پورا کرنے کے لئے آپ ان پیسوں کو استعمال کر سکتے ہیں۔

گزشتہ سال آئے سیلاب کے باعث ملک کے چاروں صوبوں میں پونے 4 کروڑ لوگ متاثر ہوئے، اِن میں سے اکثر ابھی بھی عارضی کیمپوں میں زندگی بسر کرنے پر مجبور ہیں۔ الخدمت فاؤنڈیشن ملک بھر کے بارش و سیلاب متاثرین کی امداد و بحالی کے لئے کروڑوں روپے خرچ کر چکی ہے۔

جمہوری نظام سے ملک ترقی کرے گا

اکتوبر یا نومبر 2023 میں پاکستان میں عام انتخابات کے انعقاد کی نوید سننے میں آ رہی ہے اس معرکہ آرائی میں یہاں موجود کئی بڑی اور چھوٹی سیاسی اور دینی جماعتیں باہمی اتحاد کر کے یا الگ رہ کر میدان میں اترنے کے اعلانات کر رہی ہیں۔ انتخابی عمل، جمہوری نظام حکومت کو فروغ دینے کا انداز کار ہے جو کئی بیرونی ممالک میں زیادہ تر باقاعدگی اور پر امن دیکھنے میں آتا ہے لیکن وطن عزیز میں اس نظام کے تسلسل میں کچھ غیر جمہوری اور مفاد پرست عناصر کی غیر آئینی حرکات کی وجہ

مقبول احمد قریشی

سے غیر متوقع طور پر رکاوٹیں وقوع پذیر ہونے کا جاری ہے۔ جس کی بنا پر جمہوری اقتدار کی روانی کو ناقابل تلافی نقصان پہنچتا ہے۔ اس سیاسی کج روی کو وطن عزیز میں وارد ہوئے نصف صدی سے زائد عرصہ گزر گیا ہے لیکن بدقسمتی سے اس آئینی غلط کاری کے شائق حضرات متعلقہ امور کی سوجھ بوجھ رکھنے کے باوجود اس مہم جوئی میں گاہے بگاہے کودنے سے گریز نہیں کرتے ملکی وقار اور معیشت کی ترقی کے لحاظ سے غیر جمہوری روش بہت افسوس ناک اور خطرناک ہے۔ چھ دہائیوں سے زائد عرصے کے دوران ایسی آمرانہ یا جارحانہ کارروائیوں سے، ملک کی سیاسی جمہوری اور معاشی تعمیر و ترقی کو خاصی حد تک پسماندگی اور تباہی سے دوچار کر دیا گیا ہے۔ جس کے نتیجہ میں ملک کی اکثریتی انسانی آبادی کے مسائل کم ہونے کی بجائے ان میں اضافہ ہو گیا ہے۔ سیاست دان حضرات سے بھی گزارش اور توقع ہے کہ وہ حصول اقتدار کے لئے اپنی توانائیوں اور صلاحیتوں کو بروئے کار لا کر آئین و قانون کے تحت حریفوں کا مقابلہ کر کے کامیابی حاصل کریں۔ سیاست کاری میں غیر جمہوری افراد کی بیساکھیوں کی مدد حاصل کرنے کی روش اختیار کرنے سے اجتناب کرنا، ملک و قوم کی فلاح و بہبود کے لئے اشد ضروری تقاضا ہے۔ اس مثبت اصول کو عملی زندگی میں اپنانے میں کوئی تاخیر اور تذبذب نہ کیا جائے۔ یاد رہے جب جمہوری نظام ریاست کو اپنے آئینی اور مقررہ قانونی راستے سے ہٹا دیا جائے تو پھر غیر جمہوری عناصر کو اقتدار کے ایوانوں میں مداخلت کا ناجائز اور چور راستہ فراہم کرنا، سیاسی نظام کی ناکامی اور اہل سیاست کی نااہلی اور نا اتفاقی ظاہر کرتا ہے۔ اس بڑی سیاسی غلطی (Blunder) پر متعلقہ افراد کو اپنی حماقت کے اعادہ پر نادم اور شرمسار ہو کر اس طبع آزمائی کا تسلسل، جلد ترک کر دینا چاہیے تاکہ ملکی سیاسی اور معاشی استحکام کے حصول میں مزید تاخیر اور خرابیوں کا سد باب کیا جا سکے۔ انتخابی مہم اب کم و بیش ملک بھر میں شروع ہو گئی ہے۔ اس میں تقریروں کے دوران ایک اچھے، مہذب اور شائستہ ملک کے آداب و اطوار کی جھلک زیادہ تر ہمارے رہنماؤں اور امیدواروں کے عوامی خطابات میں نمایاں نظر آنی چاہیے۔ سیاسی حریف پر روایتی انداز سے کیچڑ اچھالنا۔ ان پر بلا جواز الزام تراشی کرنا، ان کو محض مقابل امیدوار ہونے کی بنا پر ناروا طور پر کردار کشی کا ہدف بنانا سراسر منفی اور انتقامی نوعیت کے حربے ہیں۔ حصول اقتدار کی دوڑ میں آئین و قانون کو کسی صورت پس پشت نہیں ڈالنا چاہئے۔ یہ امر ذہن نشین رہے کہ ہر امیدوار کی سیاسی کارکردگی متعلقہ حلقہ کے لوگوں کے سامنے ہوتی ہے۔ اس کے خلاف جان بوجھ کر پراپیگنڈا کرنا اور جھوٹے واقعات اختراع کر کے مخالفانہ ماحول تیار کر کے اس کی شہرت کو داغ دار کرنا، سراسر ناجائز اور شیطانی حربے ہیں۔ ایسا کرنے والے افراد انسان کے معیار سے گرنے والی حرکات سے باز رہیں تو بہتر ہے تاکہ ووٹر حضرات و خواتین کو اپنی پسند اور آزاد رائے کے مطابق امیدوار منتخب کرنے کا موقع مل سکے۔

SPORTS

لاہور: ایشیا کپ کے میچز کی میزبانی کیلئے قذافی سٹیڈیم میں تیاریاں عروج پر

قذافی سٹیڈیم لاہور ہائی برڈ ماڈل کے تحت ہونے والے ایشیا کپ کے 3 میچز کی میزبانی کرے گا

لاہور (سپورٹس نیوز) ایشیا کپ کے ہائبرڈ ماڈل کے تحت قذافی سٹیڈیم لاہور میں ہونے والے میچز کیلئے گراؤنڈ اور پچز کی تیاری کا کام تیزی سے جاری ہے۔ قذافی سٹیڈیم لاہور ہائی برڈ ماڈل کے تحت ہونے والے ایشیا کپ کے 3 میچز کی میزبانی کرے گا، ان میچز کیلئے قذافی سٹیڈیم کی گراؤنڈ اور پچز کی تیاریوں کے حوالے سے کام تیزی سے جاری ہے۔ گراؤنڈ ہمیشہ کی طرح ابھی سے ہی دلکش منظر پیش کر رہا ہے جبکہ سکوائر بھی تکمیل کے آخری مرحلے میں ہے، سکوائر میں آسٹریلین مٹی سے ایک بانسی ٹریک تیار کیا گیا ہے، میچز کیلئے 3 وکٹیں تیار کی جا رہی ہیں۔ قذافی سٹیڈیم لاہور میں 3 ستمبر کو بنگلا دیش اور افغانستان اور 5 ستمبر کو سری لنکا اور افغانستان کے درمیان میچز کھیلے جائیں گے، 6 ستمبر کو سپر فور مرحلے کا پہلا میچ بھی قذافی سٹیڈیم میں ہوگا۔

ایڈن گارڈنز سٹیڈیم کولکتہ میں آگ بھڑک اٹھی، کرکٹرز کا سامان جل کر راکھ

فائر بریگیڈ کا عملہ کئی گھنٹوں کے بعد آگ پر قابو پانے میں کامیاب ہوا، میڈیا رپورٹس

کولکتہ (اسپیشل رپورٹر) انٹرنیشنل کرکٹ کونسل) آئی سی سی (ورلڈ کپ سے قبل بھارتی شہر کولکتہ کے ایڈن گارڈنز سٹیڈیم میں آگ لگ گئی جس سے کرکٹرز کا سامان جل کر خاکستر ہو گیا۔ بھارتی میڈیا کے مطابق کولکتہ کے ایڈن گارڈنز سٹیڈیم میں تعمیراتی کاموں کے دوران آگ بھڑک اٹھی، آگ کھلاڑیوں کے ڈریسنگ روم میں لگی جس سے ان کی کٹس اور دیگر سامان جل کر راکھ ہو گیا۔ بھارتی میڈیا رپورٹس کے مطابق یہ آگ بدھ کی رات کو لگی جس پر اب قابو پا لیا گیا ہے، فائر بریگیڈ کا عملہ کئی گھنٹوں کے بعد آگ پر قابو پانے میں کامیاب ہوا۔ خیال رہے کہ ایڈن گارڈنز بھارت کا مشہور کرکٹ سٹیڈیم ہے جہاں ورلڈ کپ کے سیمی فائنل سمیت 5 میچز شیڈول ہیں، ورلڈ کپ کے دوران پاکستان اور انگلینڈ کی ٹیموں کے درمیان بھی ایک میچ اسی سٹیڈیم میں شیڈول ہے۔ جس سے کرکٹرز کا سامان جل کر خاکستر ہو گیا۔ بھارتی میڈیا کے مطابق کولکتہ کے ایڈن گارڈنز سٹیڈیم میں تعمیراتی کاموں کے دوران آگ بھڑک اٹھی، آگ کھلاڑیوں کے ڈریسنگ روم میں لگی جس سے ان کی کٹس اور دیگر سامان جل کر راکھ ہو گیا۔ بھارتی میڈیا رپورٹس کے مطابق یہ آگ بدھ کی رات کو لگی جس پر اب قابو پا لیا گیا ہے، فائر بریگیڈ کا عملہ کئی گھنٹوں کے بعد آگ پر قابو پانے میں کامیاب ہوا۔

پاکستان ویمنز کرکٹ ٹیم کے ہیڈ کوچ عہدے سے مستعفی ہو گئے

پاکستان ویمنز ٹیم کے ہیڈ کوچ مارک کولز نے ذاتی وجوہات کی بنا پر استعفیٰ دے دیا

لاہور (سپورٹس نیوز) پاکستان ویمنز کرکٹ ٹیم کے ہیڈ کوچ مارک کولز عہدے سے مستعفی ہو گئے۔ پاکستان کرکٹ بورڈ) پی سی بی (کے مطابق پاکستان ویمنز ٹیم کے ہیڈ کوچ مارک کولز نے ذاتی وجوہات کی بنا پر استعفیٰ دے دیا، مارک کولز کے متبادل کا اعلان مناسب وقت پر کیا جائے گا۔ پی سی بی ذرائع کے مطابق جنوبی افریقہ کے خلاف ہوم سیریز میں ان کی خدمات حاصل نہیں ہوں گی۔ نیوزی لینڈ سے تعلق رکھنے والے مارک کولز کو رواں سال اپریل میں دوسری بار قومی ویمن ٹیم کا ہیڈ کوچ مقرر کیا گیا تھا، مارک کولز 2017 سے 2019 کے دوران بھی پاکستان ویمن کرکٹ ٹیم میں کوچ کی ذمہ داریاں انجام دے چکے ہیں۔ پاکستان ویمنز کرکٹ ٹیم کے ہیڈ کوچ مارک کولز عہدے سے مستعفی ہو گئے۔ پاکستان کرکٹ بورڈ) پی سی بی (کے مطابق پاکستان ویمنز ٹیم کے ہیڈ کوچ مارک کولز نے ذاتی وجوہات کی بنا پر استعفیٰ دے دیا، مارک کولز کے متبادل کا اعلان مناسب وقت پر کیا جائے گا۔ پی سی بی ذرائع کے مطابق جنوبی افریقہ کے خلاف ہوم سیریز میں ان کی خدمات حاصل نہیں ہوں گی۔ نیوزی لینڈ سے تعلق رکھنے والے مارک کولز کو رواں سال اپریل میں دوسری بار قومی ویمن ٹیم کا ہیڈ کوچ مقرر کیا گیا تھا، مارک کولز 2017 سے 2019 کے دوران بھی پاکستان ویمن کرکٹ ٹیم میں کوچ کی ذمہ داریاں انجام دے چکے ہیں۔

نیشنل بنک اوپن ٹینس: برطانوی ٹینس سٹار اینڈی مرے ٹاپ 16 راؤنڈ میں پہنچ گئے

مونٹریال (سپورٹس نیوز) برطانوی ٹینس سٹار اور سابق عالمی نمبر ایک اینڈی مرے نیشنل بنک اوپن ٹینس ٹورنامنٹ میں اپنی فتوحات کے سلسلے کو برقرار رکھتے ہوئے مردوں کے سنگلز مقابلوں کے پری کوارٹر فائنل راؤنڈ میں پہنچ گئے۔ نیشنل بنک اوپن ٹینس ٹورنامنٹ کے کانٹے دار مقابلوں کا سلسلہ کینیڈا میں جاری ہے۔ آئی جی اے سٹیڈیم مونٹریال میں کھیلے گئے مردوں کے سنگلز مقابلوں کے دوسرے راؤنڈ میں انگلینڈ کے 36 سالہ ٹینس کھلاڑی اینڈی مرے نے عمدہ کھیل پیش کرتے ہوئے حریف آسٹریلوی ٹینس کھلاڑی میکس پورسل کو(2-7)7-6، 3-6 اور 7-5 سے نہ صرف شکست دی بلکہ پری کوارٹر فائنل راؤنڈ کے لئے بھی کوالیفائی کر لیا۔ ایونٹ کے ٹاپ 16 راؤنڈ میں اینڈی مرے کا مقابلہ اطالوی حریف کھلاڑی جینک سنر سے ہوگا۔ اینڈی مرے اس سے قبل 2009 اور 2010 میں ٹائٹل اپنے نام کر چکے ہیں۔ مردوں کے سنگلز مقابلوں کے دوسرے راؤنڈ میں انگلینڈ کے 36 سالہ ٹینس کھلاڑی اینڈی مرے نے عمدہ کھیل پیش کرتے ہوئے حریف آسٹریلوی ٹینس کھلاڑی میکس پورسل کو(2-7)7-6، 6-7، 6-3 اور 7-5 سے نہ صرف شکست دی بلکہ پری کوارٹر فائنل راؤنڈ کے لئے بھی کوالیفائی کر لیا۔

گریڈ ٹو 4 روزہ کرکٹ ٹورنامنٹ لٹل ماسٹر حنیف محمد کے نام سے منسوب

حنیف محمد ٹرافی ریجنل ٹیموں کیلئے قائداعظم ٹرافی کیلئے کوالیفائی کرنے کا ٹورنامنٹ ہوگا

لاہور (نیوز رپورٹر) گریڈ ٹو 4 روزہ کرکٹ ٹورنامنٹ لٹل ماسٹر حنیف محمد کے نام منسوب کر دیا گیا، حنیف محمد ٹرافی میں دس ریجنل ٹیمیں حصہ لیں گیں۔ چیئر مین پی سی بی مینجمنٹ کمیٹی نے اس حوالے سے کہا کہ ٹورنامنٹ کو لٹل ماسٹر حنیف محمد کے نام سے منسوب کرنے کا اقدام اس بات کا ثبوت ہے کہ پی سی بی اپنے لیجنڈز کو یاد رکھتا ہے، پی سی بی کی جانب سے ایسے اقدامات حقیقی لیجنڈز کو خراج تحسین پیش کرنے کیلئے کیے جاتے ہیں۔ حنیف محمد ٹرافی ریجنل ٹیموں کیلئے قائداعظم ٹرافی کیلئے کوالیفائی کرنے کا ٹورنامنٹ ہوگا، حنیف محمد سابق ٹیسٹ کرکٹر اور عظیم بلے باز تھے، پی سی بی کے اس اقدام پر حنیف محمد کے بیٹے اور سابق ٹیسٹ کرکٹر شعیب محمد نے خوشی کا اظہار کیا ہے۔ ٹورنامنٹ کو لٹل ماسٹر حنیف محمد کے نام سے منسوب کرنے کا اقدام اس بات کا ثبوت ہے کہ پی سی بی اپنے لیجنڈز کو یاد رکھتا ہے، پی سی بی کی جانب سے ایسے اقدامات حقیقی لیجنڈز کو خراج تحسین پیش کرنے کیلئے کیے جاتے ہیں۔ حنیف محمد ٹرافی ریجنل ٹیموں کیلئے قائداعظم ٹرافی کیلئے کوالیفائی کرنے کا ٹورنامنٹ ہوگا، حنیف محمد سابق ٹیسٹ کرکٹر اور عظیم بلے باز تھے۔

ایشین گیمز میں پاکستان کا 305 رکنی دستہ شرکت کرے گا: پی ایس بی

اسلام آباد (نیوز رپورٹر) ایشین گیمز میں پاکستانی دستے کی شرکت کے حوالے سے پاکستان سپورٹس بورڈ کا اجلاس منعقد ہوا۔ پاکستان سپورٹس بورڈ کے ڈائریکٹر جنرل شعیب کھوسہ کی زیر صدارت اجلاس میں پاکستان اولمپک ایسوسی ایشن کے سیکرٹری جنرل خالد محمود سمیت پی او اے حکام نے بھی شرکت کی۔ اجلاس میں فیصلہ کیا گیا کہ ایشین گیمز میں پاکستان کا 305 رکنی دستہ شرکت کرے گا، مختلف کھیلوں میں 157 مینز، 59 ویمنز ایتھلیٹ ایکشن میں دکھائی دیں گے۔

اپنی کامیابی پر آرمی چیف، پاک فوج کے تعاون کا شکریہ ادا کرتا ہوں، حمزہ خان

موقع پر حمزہ خان کا کہنا تھا کہ گریژن سکواش کمپلیکس کو اپنا دوسرا گھر سمجھتا ہوں

پشاور (نیوز رپورٹر) ورلڈ جونیئر سکواش چیمپئن حمزہ خان نے کہا ہے کہ اپنی کامیابی پر آرمی چیف اور پاک فوج کے تعاون کا شکریہ ادا کرتا ہوں۔ ورلڈ جونیئر سکواش چیمپئن حمزہ خان پشاور چھاؤنی گریژن سکواش کمپلیکس پہنچے جہاں سابق عالمی سکواش چیمپئن جان شیر خان بھی موجود تھے۔ اس موقع پر حمزہ خان کا کہنا تھا کہ گریژن سکواش کمپلیکس کو اپنا دوسرا گھر سمجھتا ہوں، اپنی کامیابی پر آرمی چیف اور پاک فوج کے تعاون کا شکریہ ادا کرتا ہوں۔ سابق عالمی سکواش چیمپئن جان شیر خان نے کہا کہ حمزہ خان بہت جلد ورلڈ چیمپئن شپ ٹائٹل بھی جیت کر پاکستان کا نام روشن کرے گا۔ کور کمانڈر پشاور لیفٹیننٹ جنرل حسن اظہر حیات نے بھی ورلڈ جونیئر سکواش چیمپئن حمزہ خان سے ملاقات کی، کور کمانڈر پشاور نے حمزہ خان کو جونیئر سکواش چیمپئن کا ٹائٹل پاکستان لانے پر مبارک باد دی۔

شوبز

آگے بڑھنے کی جستجو رہتی ہے اسی لئے دماغ میں کچھ نہ کچھ چلتا رہتا ہے: نیلم منیر

انسان کو نیک نیتی سے محنت کر کے پھر خدا کی ذات سے امید لگانی چاہیے، پاکستانی اداکارہ

کراچی (شوبز نیوز) اداکارہ نیلم منیر نے کہا ہے کہ میں ہمیشہ آگے بڑھنے کی جستجو میں رہتی ہوں اس لئے دماغ میں کچھ نہ کچھ چلتا رہتا ہے، کسی بھی اداکار کو شہرت ملنے کے بعد آسانیاں پیدا نہیں ہوتیں بلکہ پرستاروں کی توقعات بڑھنے سے ذمہ داریاں مزید بڑھ جاتی ہیں۔ یونی ویژن نیوز کے مطابق نیلم منیر نے ایک حالیہ انٹرویو میں کہا کہ بعض لوگوں کا یہ موقف ہے کہ قسمت میں جو ہوگا مل جائے گا لیکن میں کہتی ہوں کہ ہوسکتا ہے کہ آپ کی قسمت میں لکھا ہو کہ آپ کی جستجو، محنت اور لگن کی وجہ سے آپ کو ملنا ہے۔

میک اپ کرنے کے عمل سے بہت نفرت ہے: ثنا جاوید

ایک ڈرامے میں بغیر میک اپ کا شوٹنگ کا پتا چلنے پر بہت خوشی ہوئی: اداکارہ

کراچی (شوبز نیوز) اداکارہ ثنا جاوید کو میک اپ کرنا پسند نہیں، اس بات کا انکشاف ان کی سوشل میڈیا پر وائرل ہونے والی چیٹ شو کی ایک ویڈیو سے ہوا ہے۔ اداکارہ کا کہنا ہے کہ انہیں میک اپ کرنے سے بہت نفرت ہے، جب سیٹ پر شوٹنگ کیلئے پہنچنے کے بعد ایک سے ڈیڑھ گھنٹہ میک اپ کرنا پڑتا ہے تو ساری انرجی وہیں ختم ہو جاتی ہے اور جب اداکاری کا وقت آتا ہے تو وہ خود کو تازہ دم محسوس نہیں کرتی۔ ثنا جاوید نے بتایا کہ انہیں ایک ڈرامے کی شوٹنگ کے دوران بتایا گیا کہ سارا ڈرامہ بغیر میک اپ کے شوٹ کیا جائے گا تو انہیں اس بات کی بہت خوشی ہوئی تھی۔ اداکارہ ثنا جاوید کو میک اپ کرنا پسند نہیں، اس بات کا انکشاف ان کی سوشل میڈیا پر وائرل ہونے والی چیٹ شو کی ایک ویڈیو سے ہوا ہے۔ اداکارہ کا کہنا ہے کہ انہیں میک اپ کرنے سے بہت نفرت ہے، جب سیٹ پر شوٹنگ کیلئے پہنچنے کے بعد ایک سے ڈیڑھ گھنٹہ میک اپ کرنا پڑتا ہے۔

عنقریب میوزک دوبارہ اپنے عروج پر نظر آئے گا، فریحہ پرویز

موجودہ ملکی حالات نے میوزک پر کچھ اثر ضرور ڈالا ہے مگر یہ سب عارضی ہے

لاہور (شوبز نیوز) گلوکارہ فریحہ پرویز نے کہا ہے کہ گلوکاری کیلئے ریاضت اتنی زیادہ ضروری ہے جس طرح کسی انسان کیلئے خوراک ضروری ہوتی ہے۔ موجودہ ملکی حالات نے میوزک پر کچھ اثر ضرور ڈالا ہے مگر یہ سب عارضی ہے اور عنقریب میوزک دوبارہ اپنے عروج پر نظر آئے گا۔ ایک انٹرویو میں انہوں نے کہا کہ میری تمام میوزک البمز نے شاندار بزنس کئے ہیں اور میں چاہتی ہوں کہ میں جو بھی کام کروں وہ میرے پہلے کام سے بہتر ہو اور اس کے لئے بھرپور محنت کرتی ہوں۔ پہلے کام سے بہتر ہو اور اس کے لئے بھرپور محنت کرتی ہوں۔

اداکارہ نرما (آج) اپنی سالگرہ منائیں گی

لاہور (شوبز نیوز) فلم اور ٹی وی کی نامور اداکارہ نرما آج 21 جولائی کو اپنی سالگرہ منائیں گی۔ نرما 1974ء میں پیدا ہوئیں۔ انہوں نے بطور ماڈل شوبز کا کرئیر کا آغاز کیا اور اس کے بعد ٹی وی اور ڈراموں کی پہچان بن گئیں۔ نرما نے کافی عرصے سے شوبز سے کنارہ کشی اختیار کر رکھی ہے۔ نرما 1974ء میں پیدا ہوئیں۔ انہوں نے بطور ماڈل شوبز کا کرئیر کا آغاز کیا اور اس کے بعد ٹی وی اور ڈراموں کی پہچان بن گئیں۔ نرما نے کافی عرصے سے شوبز سے کنارہ کشی اختیار کر رکھی ہے۔

فیصل قریشی کمال ایکٹر کے ساتھ ایک اچھے انسان بھی ہیں: سحر خان

ان کے دوستانہ رویے کی وجہ سے ساتھ کام کرنا ایک شاندار تجربہ ثابت ہوا، اداکارہ

لاہور (شوبز نیوز) پاکستان ڈرامہ انڈسٹری کی ابھرتی اداکارہ سحر خان نے کہا ہے کہ فیصل قریشی ایک سینئر اداکار ہیں، کمال اداکار کیساتھ ساتھ وہ ایک بہت اچھے انسان بھی ہیں۔ ڈرامہ سیریل "فرق" میں فیصل قریشی کے ہمراہ اداکاری کے جوہر دکھانے والی اداکارہ سحر خان نے ایک انٹرویو میں بتایا کہ فیصل قریشی ان اداکاروں میں سے ہیں جن کے ڈرامے دیکھتے دیکھتے ہم بڑے ہوئے ہیں، ان کے دوستانہ رویے کی وجہ سے ساتھ کام کرنا ایک شاندار تجربہ ثابت ہوا۔ سحر کا کہنا تھا کہ فیصل قریشی انڈسٹری کا بہت بڑا نام ہیں لیکن انہوں نے سیٹ پر سینئر ہو کر کوئی بلا جواز غصہ نہیں دکھایا بلکہ اکثر وہ مجھے چھیڑتے تھے کہ تم بہت بولتی ہو، میری فیصل قریشی سے پہلی ملاقات ایک شو پر ہوئی تھی۔ ان کا مزید کہنا تھا کہ میں اپنے کردار کو اچھے طریقے سے نبھانے کو ترجیح دیتی ہوں چاہے سامنے کوئی بھی ہو اور شاید یہ ہی وجہ ہے کہ وہ فیصل قریشی کے ساتھ کام کرتے ہوئے نہیں گھبرائی۔ واضح رہے اداکارہ سحر خان ڈرامہ سیریل "فرق" سے قبل دیگر ڈراموں زخم، فاسق اور رنگ محل میں بھی اپنی شاندار اداکاری کے جوہر دکھا چکی ہیں۔ لیکن انہوں نے سیٹ پر سینئر ہو کر کوئی بلا جواز غصہ نہیں دکھایا بلکہ اکثر وہ مجھے چھیڑتے تھے کہ تم بہت بولتی ہو، میری فیصل قریشی سے پہلی ملاقات ایک شو پر ہوئی تھی۔ ان کا مزید کہنا تھا کہ میں اپنے کردار کو اچھے طریقے سے نبھانے کو ترجیح دیتی ہوں

غصہ نہیں دکھایا بلکہ اکثر وہ مجھے چھیڑتے تھے کہ تم بہت بولتی ہو، میری فیصل قریشی سے پہلی ملاقات ایک شو پر ہوئی چاہیے۔ سامنے کوئی بھی ہو اور شاید یہ ہی وجہ ہے کہ وہ فیصل قریشی کے ساتھ کام کرتے ہوئے نہیں گھبرائی۔

بھارتی اداکار نعمان اعجاز کی اداکاری دیکھ کر جذباتی

نعمان اعجاز پری زاد سمیت متعدد ہٹ سیریلز میں کام کر چکے ہیں

امرتسر (شوبز نیوز) بھارت کے مقبول اداکار نعمان اعجاز کی اداکاری دیکھ کر جذبات پر قابو نہ رکھ سکے۔ بھارتی اداکار ایمی ورک نے سوشل میڈیا پر اداکار نعمان اعجاز کی اداکاری کی تعریف کرتے ہوئے کہا کہ نعمان اعجاز عظیم اداکاروں میں سے ایک ہیں۔ انہوں نے نعمان اعجاز کو ٹیگ بھی کیا۔ اداکار ایمی ورک نے مشہور ڈرامے پری زاد کا اسکرین شاٹ بھی شیئر کیا جس میں نعمان اعجاز روتے ہوئے دکھائی دے رہے ہیں۔ سینئر اداکار نعمان اعجاز پری زاد، سنگ ماہ سمیت متعدد ہٹ ٹی وی سیریلز میں اداکاری کے جوہر دکھا چکے ہیں۔ بھارت کے مقبول اداکار نعمان اعجاز کی اداکاری دیکھ کر جذبات پر قابو نہ رکھ سکے۔ بھارتی اداکار ایمی ورک نے سوشل میڈیا پر اداکار نعمان اعجاز کی اداکاری کی تعریف کرتے ہوئے کہا کہ نعمان اعجاز عظیم اداکاروں میں سے ایک ہیں۔ انہوں نے نعمان اعجاز کو ٹیگ بھی کیا۔ اداکار ایمی ورک نے مشہور ڈرامے پری زاد کا اسکرین شاٹ بھی شیئر کیا جس میں نعمان اعجاز روتے ہوئے دکھائی دے رہے ہیں۔ سینئر اداکار نعمان اعجاز پری زاد، سنگ ماہ سمیت متعدد ہٹ ٹی وی سیریلز میں اداکاری کے جوہر دکھا چکے ہیں۔

ٹرینرز اور ٹیچرز کے بغیر میں کچھ بھی نہیں: کترینہ کیف

کترینہ کیف نے اپنی کامیابی کی وجہ اپنے ٹیچرز اور ٹرینرز کو قرار دے دیا ہے

ممبئی (شوبز نیوز) بالی ووڈ اداکارہ کترینہ کیف نے اپنی کامیابی کی وجہ اپنے ٹیچرز اور ٹرینرز کو قرار دے دیا ہے کترینہ کیف نے سوشل میڈیا سائٹ انسٹاگرام پر اپنی ایک ویڈیو شیئر کی ہے، جس میں انہیں اپنے ٹرینرز کی نگرانی میں ورک آؤٹ کرتے ہوئے دیکھا جا سکتا ہے۔ انہوں نے اپنی یہ ویڈیو شیئر کرتے ہوئے لکھا ہے کہ 'دراصل میں حیرت انگیز اساتذہ اور ٹرینرز کے بغیر کچھ بھی نہیں ہوں جو میرے ساتھ اتنے صبر سے کام کرتے ہیں۔' اداکارہ نے مزید لکھا کہ 'ہر روز کچھ نیا سیکھ رہی ہوں۔ بالی ووڈ اداکارہ کترینہ کیف نے اپنی کامیابی کی وجہ اپنے ٹیچرز اور ٹرینرز کو قرار دے دیا ہے۔

بقیہ نمبر 1

نازیبا حرکات کرنے والے شرپسندوں کیخلاف سخت کارروائی یقینی بنانے کیلئے ہدایات جاری کر دیں۔ وزیر اعلیٰ محسن رضا نقوی نے عوامی مقامات پر ہلڑ بازی، بدنظمی پھیلانے، ون ویلنگ کرنے اور موٹر سائیکلز میں آلٹریشن کرنے والے مکینک کیخلاف سخت کارروائی کرنے کا بھی حکم دے دیا۔

بقیہ نمبر 2

منصوبے چل پڑے، منصوبے اس لیے بند رہے کہ فلاں حکومت کو کریڈٹ جائے گا، یہ وہ واقعات ہیں جس کی وجہ سے آج یہ حالات ہیں۔ وزیراعظم شہباز شریف نے مزید کہا ہے کہ آئی ایم ایف پروگرام کا ہونا ایک بڑی کامیابی ہے، افسران نے سیلاب کے دوران بہترین کام کیا، خارجی محاذ پر بھی بڑی ایفرٹ ہوئی، خارجی تعلقات کو بگاڑنے میں ہمارے اپنوں نے بڑا رول ادا کیا، بے بنیاد الزامات دوست ممالک پر لگائے گئے، مجھ پر چین سے 45 فیصد کمیشن لینے کا الزام لگایا گیا، سی پیک کیخلاف پراپیگنڈا کیا گیا۔

بقیہ نمبر 3

جولائی 2023 میں ترسیلات زر 2.026 ارب ڈالر رہیں، جولائی 2022 میں ترسیلات زر تقریبا 2.511 ارب ڈالر تھیں۔ مرکزی بینک کے مطابق سعودی عرب سے ترسیلات زر 48 کروڑ 70 لاکھ ڈالر بھیجی گئی، یو اے ای سے 31 کروڑ 50 لاکھ ڈالر، برطانیہ سے 30 کروڑ 60 لاکھ ڈالر ترسیلات بھیجی گئی۔

بقیہ نمبر 4

برائے آبی وسائل سید خورشید احمد شاہ نے نیلم جہلم پراجیکٹ کا دورہ کیا، وفاقی سیکرٹری آبی وسائل حسن ناصر جامی اور چیئرمین واپڈا انجینئر لیفٹیننٹ جنرل سجاد غنی (ریٹائرڈ) بھی ان کے ساتھ تھے۔ وفاقی وزیر برائے آبی وسائل نے نیلم جہلم پراجیکٹ سے بجلی کی دوبارہ پیداوار کا افتتاح کیا اور یادگاری تختی کی نقاب کشائی کی، نیلم جہلم پراجیکٹ نیشنل گرڈ کو 969 میگاواٹ بجلی فراہم کررہا ہے۔ خورشید شاہ نے کنٹرول روم اور پاور ہاس کا بھی تفصیلی دورہ کیا، وفاقی وزیر برائے آبی وسائل نے بجلی کی پیداوار بحال ہونے پر واپڈا، پراجیکٹ ٹیم کی کوششوں کی تعریف کی۔ یاد رہے کہ ٹیل ریس ٹنل میں بندش کے باعث نیلم جہلم پراجیکٹ سے گزشتہ سال بجلی کی پیداوار بند ہوگئی تھی، ٹیل ریس ٹنل میں بحالی کا کام کنسلٹنٹس کے زیرنگرانی اور بین الاقوامی ماہرین کی رہنمائی میں مکمل کیا گیا۔

بقیہ نمبر 5

سیاسی صورتحال پر مشاورت ہوئی، ملاقات میں نگران وزیراعظم و نگران وزیراعلیٰ بلوچستان کے ناموں پر بھی مشاورت کی گئی

بقیہ نمبر 6

لوحید کے جاری کردہ نوٹیفکیشن کے مطابق شعبہ اردو کے استاد جامعہ کراچی کی ہراسمنٹ کمیٹی کی سفارش اور وائس چانسلر کی منظوری کے بعد یونیورسٹی آف کراچی ایمپلائیز (ایفیشنسی اینڈ ڈسپلن) کے تحت فوری معطل ہوں گے اور خواتین کو ہراساں کرنے کے خلاف تحفظ کمیٹی کے کسی نئے فیصلے تک یہ معطلی قائم رہے گی اور اس دوران وہ شکایت کرنے والی طالبہ سے بھی قسم کا رابطہ نہ کرنے کے پابند ہوں گے۔ ادھر جامعہ کراچی کے ذرائع بتاتے ہیں کہ یونیورسٹی کی اینٹی ہراسمنٹ کمیٹی نے گزشتہ روز اپنے منعقدہ اجلاس میں اس بات پر غور کیا تھا کہ چونکہ شعبہ اردو کے استاد کے خلاف شکایات کا معاملہ یونیورسٹی انتظامیہ کو کچھ ثبوتوں کے ساتھ سیکیورٹی اداروں کی جانب سے بھجوایا گیا تھا لہٰذا ان ثبوتوں کی روشنی میں متعلقہ ٹیچر کو فوری طور پر معطل کرتے ہوئے کارروائی آگے بڑھائی جا سکتی ہے۔ ذرائع کہتے ہیں کہ متاثرہ طالبہ اور اس کے خاندان نے سیکیورٹی اداروں سے اس سلسلے میں باضابطہ شکایت کی تھی کہ جامعہ کراچی شعبہ اردو کے استاد انھیں تنگ کررہے ہیں، نامناسب پیغامات کا سلسلہ جاری ہے اور اب بات یہاں تک جا پہنچی ہے کہ متعلقہ استاد نے طالبہ کے رہائشی محلے میں پہنچ کر اسے ہراساں کرنے کی کوشش کی ہے۔ بتایا جارہا ہے کہ سیکیورٹی ادارے نے اس معاملے کا نوٹس لیتے ہوئے جامعہ کراچی کی انتظامیہ کو اس سلسلے میں تحقیقات کی سفارش کی تھی۔ ذرائع کا کہنا ہے کہ متعلقہ استاد کے حوالے سے ماضی میں بھی اس قسم کی شکایات آتی رہی جس پر ایک سابق وائس چانسلر کے دور میں بھی انھیں معطل کرکے ان کے خلاف انکوائری کی گئی اور انھیں معطل کیا گیا۔ اس وقت کی انکوائری کمیٹی نے متعلقہ استاد کا تبادلہ بطور سزا غیر تدریسی عملے میں کرنے کی سفارش کر دی تھی تاہم جب یہ معاملہ سینڈیکیٹ میں پیش ہوا تو اس وقت ایک رکن سینڈیکیٹ جو ایک سیاسی شخصیت بھی تھے نے اپنا اثرورسوخ استعمال کرتے ہوئے ٹیچر کو بحال کروا دیا تھا۔ ماضی قریب میں بھی کچھ شکایات پر متعلقہ ٹیچر سے کورسز واپس لے لیے گئے تھے۔ یاد رہے کہ کچھ برس قبل جامعہ کراچی میں ہراسانی سے متعلق ایک اور ٹیچر کے خلاف اسی فیکلٹی میں چندایک شکایت سامنے آئی تھیں جس پر ہراسمنٹ کمیٹی کی جانب سے انکوائری بھی کی گئی لیکن رپورٹ سینڈیکیٹ میں پیش نہ ہوسکی۔

بقیہ نمبر 7

آغاز پر مثبت رجحان رہا تاہم کاروبار کا اختتام 419 پوائنٹس کی مندی کے ساتھ ہوا، انڈیکس 47 ہزار 808 پر بند ہوا ہے۔ کاروباری دن کے دوران 100 انڈیکس 996 پوائنٹس کے بینڈ میں رہا، بازار میں آج 32 کروڑ شیئرز کے سودے 12 ارب 75 کروڑ روپے میں طے ہوئے۔ مارکیٹ کیپٹلائزیشن 54 ارب روپے کم ہوئی ہے جو کاروبار کے اختتام پر 7 ہزار 144 ارب روپے ہے۔

بقیہ نمبر 8

قانون کو آئین کے مطابق بنانے کے لئے ضابطہ فوجداری میں ترمیم کا ایک بل تیار کیا۔ پی ٹی آئی حکومت کے دور میں یہ بل سینیٹ میں آیا جسے سینیٹ کی قائمہ کمیٹی برائے امور داخلہ نے منظور کیا۔ 23 مئی 2022 کو یہ بل سینیٹ اور 8 جون 2022 کو قومی اسمبلی نے منظور کر لیا جس کے بعد 21 جون 2022 کو یہ بل صدر مملکت کی رسمی توثیق کے لیے بذریعہ وزیراعظم ہاس ایوان صدر بھیج دیا گیا۔ سینیٹر عرفان صدیقی نے بتایا کہ انہوں نے یہ مطالبہ پارلیمنٹ میں اٹھایا لیکن بل کا سراغ نہیں ملا۔ اگست 2022 میں ایوان صدر نے باضابطہ طور پر وضاحت کی کہ ان کے پاس ایسا کوئی بل نہیں آیا۔ سینیٹر عرفان صدیقی نے اپنے خط میں اسپیکر سے استدعا کی ہے کہ وہ گمشدہ بل کا سراغ لگانے کے احکامات جاری کریں۔ اس بل کو گم کردینے والے عناصر کا سراغ لگانے کے لئے تحقیقات کا حکم دیں کیونکہ پارلیمنٹ کے منظور کردہ قانون کا نافذ ہونے سے پہلے ہی گم ہو جانا پارلیمنٹ کی کھلی توہین ہے جس کی مثال دنیا کے کسی ملک میں نہیں ملتی۔ خط کے آخر میں انہوں نے اسپیکر راجہ پرویز اشرف سے کہا ہے کہ قومی اسمبلی تحلیل ہونے کے باوجود وہ اپنے آئینی منصب پر قائم ہیں اس لیے انہیں چودہ ماہ سے گمشدہ بل کو از سرنو صدارتی توثیق کے لئے بھیجنا چاہیے۔

بقیہ نمبر 9

کم ہوگئی ہے۔ رانا ثنا اللہ نے مزید کہا کہ اگر چیئرمین پی ٹی آئی اس سلسلے میں قصوروار ثابت ہوتے ہیں تو ان کے خلاف آفیشل سیکرٹ ایکٹ کے تحت مقدمہ چلایا جانا چاہیے۔

بقیہ نمبر 10

2.8 فیصد بڑھ کر 129.7 پوائنٹس تک پہنچ گیا، ستمبر 2011 کے بعد چاول بلند ترین قیمت پر فروخت ہو رہا ہے، فوڈ اینڈ ایگریکلچر آرگنائزیشن تھائی لینڈ اور ویت نام میں ال نینو کے باعث انتہائی درجہ حرارت سے چاولوں کی پیداوار متاثر ہوئی۔ روسی اجناس معاہدے کے خاتمے اور بھارت کی طرف سے برآمد پر پابندی کا اثر بھی چاولوں پر پڑا، چاول کی خرید کے مستقبل کے سودے 16.02 ڈالر فی 45 کلوگرام میں طے ہوئے۔ عالمی منڈی میں بھارت، تھائی لینڈ، ویتنام، کمبوڈیا اور پاکستان سرکردہ برآمد کنندگان ہیں، چین، فلپائن، بینن، سینیگال، نائیجیریا اور ملائیشیا بھی چاول کے اہم درآمد کنندگان میں شامل ہیں۔

بقیہ نمبر 11

میرے لاپتہ بل کا سراغ لگایا جائے۔ یکم جون 2022 کو یہ بل صدر مملکت کی رسمی توثیق کیلئے بذریعہ وزیراعظم ہاس ایوان صدر بھیج دیا گیا، بل سینیٹ اور قومی اسمبلی سے منظور شدہ تھا لیکن ایوان صدر نہ پہنچا، پارلیمنٹ کے منظور شدہ قانون کے ساتھ یہ سلوک پارلیمنٹ کی توہین ہے، انکوائری کر کے ذمہ داروں کے خلاف کارروائی کی جائے۔

بقیہ نمبر 12

بغیر اے سی کے پڑے ہیں، اسی کے ساتھ انہوں نے ایم ایس کو عہدے سے برطرف کر دیا علاوہ ازیں محسن نقوی نے تشدد کا شکار کم عمر گھریلو ملازمہ رضوانہ کی بھی عیادت کی، ڈاکٹرز نے رضوانہ کی طبی حالت بارے نگران وزیراعلیٰ پنجاب کو بریفنگ دی۔ محسن نقوی نے ڈاکٹرز کو ہدایت کی کہ رضوانہ کی صحت کی بحالی میں کوئی کمی نہیں ہونی چاہیے۔

بقیہ نمبر 13

بلیں وصول کرنے کا الزام ہے۔ احتساب عدالت نے سہیل اعوان کو 16 اگست تک جسمانی ریمانڈ منظور کرلیا۔ نیب کی جانب سے دائر 2 ارب روپے کے کرپشن کیس میں مونس الہی کے سیکرٹری سہیل اعوان کو پرویز الہی اور دیگر کے ساتھ نامزد کیا گیا ہے

بقیہ نمبر 14

باسمتی چاول کی فی کلو قیمت میں 12 روپے، سپر باسمتی چاول کی فی کلو قیمت میں 10 روپے کا اضافہ کیا گیا ہے، اشیا کی قیمتوں میں اضافے کا اطلاق کل سے ہوگا۔

بقیہ نمبر 15

پاسپورٹ دفاتر آرہے ہیں۔ حکام کا مزید کہنا ہے کہ بڑی تعداد میں ڈیٹا آنے کی وجہ سے پاسپورٹ بنانے والا عملہ بھی مشکلات کا شکار ہے۔ شہریوں کو پاسپورٹ کی بروقت ڈیلیوری کے لیے ہفتہ اور اتوار کو بھی پاسپورٹس کی چھپائی کا کام کیا جانے لگا ہے۔

بقیہ نمبر 16

انکوائری کی ہدایت کی ہے۔

بقیہ نمبر 17

ہی امدادی ادارے اور پولیس جائے وقوع پہنچے اور زخمیوں کو اسپتال منتقل کر کے شواہد جمع کیے۔ پولیس کے مطابق واقعے کی تفتیش کر کے ذمہ داروں کا تعین کیا جارہا ہے۔ سیکیورٹی ذرائع کے مطابق دھماکا جشن آزادی کے حوالے سے قومی پرچم اور بیجز فروخت کرنے والی دکان پر ہوا ہے۔

بقیہ نمبر 18

چندروز قبل نواب شاہ سرہاری ریلوے اسٹیشن کے قریب ہزارہ ایکسپریس کو حادثہ پیش آیا تھا، جس کے نتیجے میں 10 بوگیاں پٹڑی سے اتریں اور 30 سے زائد مسافر جاں بحق ہوئے تھے۔

بقیہ نمبر 19

سے ہٹ کر سیاسی مقاصد کے لیے استعمال کیا ہے۔ میتھیو ملر نے کہا کہ امریکا نے پاکستان کے ساتھ نجی اور سرکاری سطح پر عمران خان کی کچھ پالیسیوں اور روس کے یوکرین پر حملے کے دن ماسکو کا دورہ کرنے پر تحفظات کا اظہار کیا تھا لیکن جیسا کہ اس وقت امریکا میں پاکستان کے سابق سفیر کہہ چکے ہیں کہ یہ الزامات درست نہیں کہ امریکا نے ملک کی قیادت کے حوالے سے پاکستان کے داخلی فیصلوں میں دخل اندازی کی اور ہم بھی یہی کہتے ہیں کہ یہ الزامات غلط ہیں۔ محکمہ خارجہ کے ترجمان نے کہا کہ اس مراسلے میں موجود باتوں کو اگر سیاق وسباق کے ساتھ دیکھا جائے تو ظاہر ہوتا ہے کہ امریکی حکومت پاکستانی وزیراعظم عمران خان کی پالیسی کے حوالے سے اپنے خدشے کا اظہار کر رہی ہے نہ کہ وہ اس بارے میں اپنی ترجیح بیان کر رہی ہے کہ پاکستان کا لیڈر کسے ہونا چاہیے۔ آیا یہ دانستہ کوشش تھی یا نہیں اس بارے میں وہ تبصرہ نہیں کر سکتے۔ کسی کی نیت پر بات نہیں کی جاسکتی لیکن لیکن میرے خیال میں ایسا ہی ہوا ہے۔ مارچ 2022 میں امریکا میں پاکستان کے سفیر کی جانب سے بھیجے گئے سائفر کی تحریر کے بارے میں انٹرسیپٹ نامی امریکی نیوز ویب سائٹ پر ایک خبر شائع کی گئی ہے جس میں اس سفارتی مراسلے کا مبینہ متن شامل ہے جسے اسد مجید نے امریکی معاون وزیر خارجہ برائے وسط اور جنوبی ایشیا ڈونلڈ لو سے ہونے والی گفتگو کے بعد تحریر کیا تھا۔

بقیہ نمبر 20

کی قیادت کی جبکہ چینی وفد کی قیادت ڈائریکٹر جنرل (ایشیائی امور) مسٹر لیوجنسونگ نے کی۔ دونوں فریقین نے جنوبی ایشیا اور وسیع تر خطے میں ہونے والی پیشرفت پر تبادلہ خیال کیا اور دوطرفہ بات چیت میں باہمی افہام و تفہیم اور مشترکہ خیالات کا اظہار کیا۔ ترجمان دفتر خارجہ کے مطابق دورے کے دوران ڈائریکٹر جنرل الیاس نظامی نے معاون وزیر خارجہ مسٹر نونگ رونگ سے بھی ملاقات کی، ملاقات میں پاک چین تعلقات کی مثبت سمت پر تبادلہ خیال کیا گیا۔

بقیہ نمبر 21

ہے، ریسکیو فائر فائٹرز نے آگ پر مکمل کنٹرول کر کے کولنگ کا عمل شروع کر دیا ہے۔

بقیہ نمبر 22

چھوڑ کیوں نہیں دیتے؟۔ عدالت نے لاپتا افراد کے کیسز کی تحقیقات کیلئے ایس پی رینک کا افسر مقرر کرنے کا حکم دے دیا، عدالت نے آئی جی اور دیگر کو لاپتا افراد کی بازیابی کیلئے سنجیدگی سے اقدامات کرنے کی بھی ہدایت کی اور پولیس، تحقیقاتی اداروں سے 5 ستمبر کو رپورٹ طلب کر لی۔

بقیہ نمبر 23

وقت میں جرمنی سے تعلق رکھنے والی خاتون ڈاکٹر نے پاکستان سے جذام کے خاتمے کیلئے اپنی تمام زندگی وقف کر دی۔ ڈاکٹر رتھ فا نے نیشنل لیپریسی کنٹرول پروگرام کے قیام میں بھی اہم کردار ادا کیا، اس ضمن میں انہوں نے کراچی کے علاقے صدر میں میری ایڈیلیڈ لیپروسی سینٹر کی بنیاد رکھی، انہوں نے اپنی تمام تر محبت ان مریضوں کو دی جنہیں ان کے اپنے بھی چھوڑ دیتے ہیں۔ ڈاکٹر رتھ فا کی شب وروز کوششوں کے نتیجے میں عالمی ادارہ صحت نے 1996 میں پاکستان کو کوڑھ کے مرض سے پاک ملک قرار دے دیا، پاکستان اس ضمن میں ایشیا کے اولین ملکوں میں سے تھا جس نے اس مرض پر قابو پایا، ڈاکٹر رتھ فا کی خدمات کے نتیجے میں انہیں پاکستان میں ستارہ قائداعظم اور ستارہ ہلال ایوارڈ سے نوازا گیا۔ ڈاکٹر رتھ فا کا انتقال 10 اگست 2017 کو کراچی کے ایک نجی ہسپتال میں ہوا، ان کی خدمات کے اعتراف میں انہیں سرکاری اعزاز کے ساتھ سپرد خاک کیا گیا، پاکستانی قوم اپنی اس عظیم مسیحا کو کبھی فراموش نہیں کر سکے گی۔

بقیہ نمبر 24

حکومت کی طرف سے بھی ان کے وکلا پیش ہوئے۔ وکیل سردار عبدالرزاق خان کے مطابق لال حویلی 1964 میں ہندو خاتون بدھاں بی بی کو الاٹ ہوئی تھی، لال حویلی مختلف ہاتھوں فروخت ہوتے ہوئے 1987 میں شیخ صدیق نے بذریعہ رجسٹرڈ ڈیڈ خریدی تھی۔ انہوں نے کہا کہ لال حویلی سائل کے بھائی شیخ رشید کا سیاسی ہیڈ کوارٹر ہے، حکومت سیاسی انتقام لیتے ہوئے لال حویلی غیر قانونی طور پر چھیننا چاہتی ہے، چیئرمین متروکہ وقف املاک کو کارروائی کا کوئی اختیار نہیں، چیئرمین کے اختیار کو ہائیکورٹ میں چیلنج کر رکھا ہے، ہائیکورٹ کے فیصلہ تک چیئرمین کو کارروائی سے روکا جائے۔ جسٹس جواد حسن نے سرکاری وکیل سے استفسار کرتے ہوئے کہا کہ چیئرمین کو فیصلے میں کیا جلدی ہے۔ پراسیکیوٹر نے دلائل دیتے ہوئے بتایا کہ کوئی پراپرٹی متروکہ وقف املاک کی ہے یا نہیں اس کا اختیار صرف چیئرمین کو ہے، دائر درخواست قابل سماعت نہیں ہے، سائل کو اعتراضات داخل کرانے اور اپنا موقف دینے کا پورا موقع دیا جائے۔ جسٹس جواد حسن نے کہا کہ فیئر ٹرائل ہر شہری کا بنیادی حق ہے، اس دوران وفاقی حکومت اور محکمہ متروکہ وقف املاک ہائیکورٹ میں تفصیلی جواب داخل کرائیں۔ عدالت نے چیئرمین متروکہ وقف املاک کو فوری فیصلہ کرنے سے روک دیا اور کیس کی سماعت غیر معینہ مدت تک ملتوی کر دی۔

بقیہ نمبر 25

نے مقف اختیار کیا کہ قاری نے میرے بیٹے کو شدید تشدد کا نشانہ بنایا جس کی وجہ سے آنکھ ضائع ہوگئی۔ پولیس نے معلم کو گرفتار کرنے کے بعد قانونی کارروائی کا آغاز بھی کردیا۔ ایس پی صدر نے کہا کہ ملزم کو ٹھوس شواہد کے ساتھ چالان کر کے عدالت سے قرار واقعی سزا دلوائی جائے گی، بچوں پر تشدد اور ناروا سلوک ناقابل برداشت ہے۔ پولیس کے مطابق مدعی مقدمہ شفقت حسین نے مقدمہ درج کراتے ہوئے بتایا کہ سات سالہ بیٹا محمد علی گھر کی قریبی مسجد میں حافظ محمد علی کے پاس قرآن پاک پڑھنے جاتا تھا، 23 جولائی کو بھی حسب معمول بچہ پڑھنے گیا تو سبق نہ آنے پر حافظ محمد علی نے بچے کو مبینہ تشدد کا نشانہ بنایا، اس دوران وہ زمین پر گرا تو نیچے پڑا گلاس بچے کی آنکھ کے پاس لگا۔ مدعی مقدمہ کے مطابق حافظ محمد علی نے بچے کو دوبارہ اٹھایا اور زمین پر پٹخ دیا، کانچ کا گلاس ٹوٹا ہوا پڑا تھا جو بچے کی دائیں آنکھ پر اور لگا اور اور آنکھ کے پاس سے خون بہنے لگا۔ اس پر ہمیں اطلاع ملی تو پریشانی کے عالم میں مدرسے پہنچے اور بچے کو کلر سیداں اسپتال منتقل کیا۔ جہاں ڈاکٹرز نے اسے ہولی فیملی اسپتال راولپنڈی ریفر کردیا۔ ڈاکٹرز نے بچے کی آنکھ کا فوری آپریشن کیا اور کچھ روز بعد بلوایا تو معائنے کے بعد بتایا کہ بچے کی آنکھ ضائع ہوگئی ہے۔ والدہ نے ایف آئی آر میں مقف اختیار کیا کہ تمام عرصے میں حافظ محمد علی وغیرہ میں کوئی بھی تیمار داری تک کے لیے نہ آیا جبکہ معلم نے دھمکی بھی دی۔

بقیہ نمبر 26

8 اگست کو مجسٹریٹ اسلام آباد نے تھری ایم پی او کے تحت گرفتاری کا حکم جاری کیا۔ درخواست میں عدالت سے استدعا کی گئی ہے کہ تھری ایم پی او کی گرفتاری کو کالعدم قرار دے کر رہائی کا حکم دیا جائے، درخواست میں سیکرٹری داخلہ، آئی جی اسلام آباد، ڈسٹرکٹ مجسٹریٹ اور سپرنٹنڈنٹ اڈیالہ جیل کو فریق بنایا گیا ہے۔

بقیہ نمبر 27

نے بشری بی بی کو چیئرمین پی ٹی آئی سے ملاقات کی اجازت دے دی تاہم پی ٹی آئی وکلا شیر افضل، نعیم پنجوتھا اور علی اعجاز بٹر کو اجازت نہ مل سکی۔ جیل کے باہر پولیس اور ایلیٹ فورس کے دستے ہائی الرٹ رہے جبکہ میڈیا کو کوریج سے روک دیا گیا۔ عمران خان اور بشری بی بی کی ملاقات ایک گھنٹے سے زائد وقت کے لیے جاری رہی۔ چیئرمین پی ٹی آئی کی قانونی ٹیم کو ملاقات کی اجازت نہیں مل سکی جس کے بعد وہ لاہور روانہ ہوگئیں۔

بقیہ نمبر 28

پیچ سلیبس جس کے باعث والدین پریشان ہیں۔ نصابی کورس نہ ملنے کے سبب سیکڑوں طلبہ و طالبات کی تعلیم شدید متاثر ہوئی، موسم گرما کی چھٹیوں کے وقفے کے باوجود تعلیمی بورڈ کتابیں فراہم کرنے میں ناکام ہوگیا، موسم گرما کی تعطیلات کے بعد تعلیمی ادارے تو کھل گئے مگر تدریسی عمل تاخیر کا شکار ہے۔ والدین کا کہنا ہے کہ سرکاری تعلیمی اداروں میں کتابوں کی فراہمی کو یقینی نہ بنانا حکومت سندھ اور سندھ ٹیکسٹ بک بورڈ کی نااہلی ہے، اگر سندھ ٹیکسٹ بورڈ کی جانب سے کتابوں کی فراہمی میں مزید تاخیر کی گئی تو طلبہ و طالبات کا ناقابل فراموش تعلیمی حرج ہوگا۔

بقیہ نمبر 29

کے تحت مقدمہ درج کر کے ملزمان کی گرفتاری کے لیے چھاپے مارنے شروع کر دیئے ہیں۔ متاثرہ لڑکی اور اس کے گھر والے خوف کا شکار ہیں، متاثرہ لڑکی کے اہل خانہ کا کہنا ہے کہ ملزمان قانونی کارروائی کی صورت میں سنگین نتائج کی دھمکیاں دے رہے ہیں۔ ایس پی سول لائن حسن بھٹی کا کہنا ہے کہ نامزد ملزمان کے خلاف مقدمہ درج کرلیا ہے، گرفتاری جلد عمل میں آجائے گی۔ اس حوالے سے ایس ایچ او مغلپورہ نے بتایا ہے کہ جس پک اپ میں بچی کو اغوا کیا گیا وہ بھی برآمد کرلی گئی ہے۔ واضح رہے کہ گزشتہ چوبیس گھنٹوں کے دوران شہر کے مختلف علاقوں میں پانچ خواتین کو زیادتی کا نشانہ بنایا گیا، پولیس نے اندراج مقدمات کے بعد ملزمان کی گرفتاری کے لیے ٹیمیں تشکیل دے دی ہیں۔

بقیہ نمبر 30

کے چیئرمین تھے، بطور وزیر خزانہ وہ کابینہ کمیٹی بین الحکومتی کمرشل ٹرانزیکشنز کے چیئرمین بھی تھے۔ قانون سازی سے متعلق کابینہ کمیٹی، کابینہ کمیٹی برائے نجکاری اور کابینہ کمیٹی برائے سرکاری ملکیتی اداروں کو بھی تحلیل کردیا گیا، کابینہ کمیٹی برائے بین الحکومتی کمرشل ٹرانزیکشنز بھی تحلیل کردی گئی۔ شہباز شریف بطور وزیراعظم کابینہ کمیٹی برائے توانائی کے چیئرمین تھے، وزیراعظم چینی سرمایہ کاری منصوبوں سے متعلق کابینہ کمیٹی کے سربراہ بھی تھے۔ اسحاق ڈار بطور وزیر خزانہ ای سی سی اور کابینہ کمیٹی نجکاری کے چیئرمین تھے، اسحاق ڈار بطور وزیر خزانہ کابینہ کمیٹی سرکاری ملکیتی اداروں کے چیئرمین تھے، بطور وزیر خزانہ وہ کابینہ کمیٹی بین الحکومتی کمرشل ٹرانزیکشنز کے چیئرمین بھی تھے۔

بقیہ نمبر 31

عوام اسی کو منتخب کریں گے۔ مسلم لیگ ن کے رہنما جاوید لطیف نے کہا ہے کہ کچھ قوتیں اب بھی چیئرمین پی ٹی آئی کو بچانے کیلئے سرگرداں ہیں۔ اسلام آباد میں نیوز کانفرنس کرتے ہوئے جاوید لطیف کا کہنا تھا کہ کچھ لوگ غیر ملکی سازشوں کے آلہ کار بنے، غیر ملکی سازشوں کا آلہ کار بننے والوں میں چیئرمین پی ٹی آئی سرفہرست ہیں، انہوں نے پاکستان کی خیرخواہی بھی نظر انداز کی۔ انہوں نے کہا کہ ن لیگ نے جمہوریت کے استحکام کیلئے ووٹ کو عزت دو کا نعرہ لگایا، ہم نے دیانتداری سے کوشش کی کہ پاکستان کو 2017 کا پاکستان بنا سکیں لیکن ہم ناکام رہے۔ ن لیگی رہنما کا مزید کہنا تھا کہ انتخابات میں جس کا سی وی بہتر ہوگا عوام اسی کو منتخب کریں گے۔

بقیہ نمبر 32

جائے، تھانہ میں آنے والے شہریوں سے خوش اخلاقی سے پیش آتے ہوئے ان کے مسائل ترجیحی بنیادوں پر حل کیے جائیں، شہریوں کے مسائل کا حل اولین ترجیح ہے جس کے لیے تمام وسائل بروئے کار لائے جارہے ہیں۔

بقیہ نمبر 33

میٹر سمت کے ساتھ نقش کیا گیا تھا، سینیٹ کے امتیازی نشان کے نیچے گولڈن جوبلی کی مدت 2023-1973 درج تھی۔

بقیہ نمبر 34

کے اعتراف میں سرٹیفکیٹ دیا۔ علاوہ ازیں سابق صدر مملکت آصف علی زرداری اور وزیر خارجہ بلاول بھٹو زرداری سے غوث بخش مہر نے زرداری ہاس میں ملاقات کی، دونوں نے جی ڈی اے سے پیپلز پارٹی میں شمولیت اختیار کرنے پر سینئر سیاستدان غوث بخش مہر کو خوش آمدید کہا۔

بقیہ نمبر 35

بھگ گاڑیاں پکڑی گئی ہیں، حکومت پاکستان نے افغانستان میں چینی کی ضرورت پوری کرنے کیلئے ایک مخصوص کوٹے کے تحت 32 ہزار میٹرک ٹن چینی برآمد کروانے کی منظوری دی تھی، جس کی معیاد آج بروز جمعرات ختم ہوگئی اور یہ کوٹہ محض چند ماہ کیلئے تھا، چینی اس وقت ایک ممنوعہ آئٹم ہے۔

بقیہ نمبر 36

،نعمان لنگڑیال، رائے اسلم بھی موجود تھے۔ جہانگیر ترین نے کہا کہ ہم ملکی استحکام کے لئے کوشاں ہیں، استحکام پاکستان پارٹی معیشت کو مستحکم کر کے عوام کو خوشحالی سے ہمکنار کرے گی۔ انہوں نے کہا کہ انشااللہ بھرپور طریقے سے الیکشن مہم چلائیں گے، استحکام پاکستان پارٹی قوم کی امیدوں پر ضرور پورا اترے گی۔

بقیہ نمبر 37

وقت مانگا جبکہ کچھ شہر سے باہر ہیں جو واپس آکر استعفے جمع کروادیں گے۔ ذرائع کے مطابق نگراں کابینہ تحلیل ہونے کے بعد وزیراعلیٰ اعظم خان نئی ٹیم تشکیل دیں گے۔ واضح رہے کہ نگران کابینہ سیاسی بنیادوں پر تشکیل دینے کا الزام تھا۔ اس سے قبل نگراں وزرا شاہد خٹک اور عدنان جلیل کو پہلے ہی کابینہ سے فارغ کیا جاچکا ہے۔ وزیراعلیٰ محمود خان نے خیبر پختونخوا کی نگراں کابینہ کو ختم کرنے کا فیصلہ کرتے ہوئے وزرا سے استعفے طلب کرلیے۔ نگراں وزیر اطلاعات نے بتایا کہ کابینہ کے 19 ارکان نے اپنے استعفے وزیراعلیٰ کے پاس جمع کرادیئے، حکومتی ٹیم کے دیگر ارکان اپنے استعفے جلد جمع کرائیں گے۔ انہوں نے بتایا کہ وزیراعلیٰ نے تمام وزرا، مشیروں اور معاونین خصوصی کو چائے پر مدعو کیا اور ان سے استعفے طلب کیے، جس پر کچھ اراکین نے شام تک کا وقت مانگا جبکہ کچھ شہر سے باہر ہیں جو واپس آکر استعفے جمع کروادیں گے۔ ذرائع کے مطابق نگراں کابینہ تحلیل ہونے کے بعد وزیراعلیٰ اعظم خان نئی ٹیم تشکیل دیں گے۔ واضح رہے کہ نگران کابینہ سیاسی بنیادوں پر تشکیل دینے کا الزام تھا۔ اس سے قبل نگراں وزرا شاہد خٹک اور عدنان جلیل کو پہلے ہی کابینہ سے فارغ کیا جاچکا ہے۔

بقیہ نمبر 38

گرام چرس، رتہ امرال پولیس نے ملزم کامران سے 560 گرام چرس، واہ کینٹ پولیس نے ملزم جاوید سے 110 گرام چرس، صدر بیرونی پولیس نے ملزم تاج سے 340 گرام چرس، آراے بازار پولیس نے ملزم فیصل امین سے 05 گرام آئس اور 01 پستول 30 بور معہ ایمونیشن، سول لائنز پولیس نے ملزم سلمان سے 04 گرام چرس، صادق آباد پولیس نے ملزم اسامہ سے 10 لیٹر شراب، کہوٹہ پولیس نے ملزم خلیل سے 10 بوتل شراب برآمد کر کے ملزمان کے خلاف الگ الگ مقدمات درج کر لیے گئے، ایس ایس پی آپریشنز فیصل سلیم کا کہنا تھا کہ گرفتار ملزمان کو ٹھوس شواہد کے ساتھ چالان کر کے قرار واقعی سزا دلوائی جائے گی، منشیات اور شراب سپلائرز کے خلاف کریک ڈان جاری رہے گا۔

بقیہ نمبر 39

آئی اے کی تمام اندرون ملک پروازوں پر 14 فیصد رعایت دی جائے گی۔ ترجمان پی آئی اے نے بتایا ہے کہ رعایتی ٹکٹ 14 اگست کو سفر کرنے کیلئے مؤثر ہوں گے۔ واضح رہے کہ پاکستان 14 اگست 1947 کو معرض وجود میں آیا تھا، قوم ہر سال اس دن آزادی کا جشن عقیدت واحترام اور جوش وجذبے سے مناتی ہے۔

بقیہ نمبر 40

برآمد ہوا، ڈویژنل ایس پیز کا کہنا تھا کہ آتش بازی اور قانون شکنی کے ذریعے شہریوں کی جانیں خطرے میں ڈالنے والے ملزمان قانون کی گرفت سے نہیں بچ سکتے

بقیہ نمبر 41

رانا نذیر احمد خان، سعید الحسن شاہ شامل ہیں، مامون جعفر، چودھری اخلاق، امیر حیدر سنگھا اور چودھری ظہیر بھی سینٹرل ایگزیکٹو کمیٹی کے رکن ہوں گے۔ استحکام پاکستان پارٹی کی سینٹرل ایگزیکٹو کمیٹی کے دیگر ممبران میں چودھری اشفاق، اجمل چیمہ، محمد یعقوب شیخ، شعیب صدیقی، مراد راس اور میاں خالد محمود شامل ہیں، رائے اسلم کھرل، سردار طالب نکئی، رانا اسلم، نوریز شکور، محمد شاہ کھگہ اور دیوان عظمت بھی اراکین کی فہرست میں شامل ہیں۔ اس کے علاوہ فرخ ممتاز مانیکا، سید مبین عالم، تحسین گردیزی، ایاز نیازی، قاسم لنگھا اور ہارون گل کو بھی استحکام پاکستان پارٹی کی سینٹرل ایگزیکٹو کمیٹی میں شامل کیا گیا ہے۔ پارٹی کے اہم فیصلوں کیلئے سینٹرل ایگزیکٹو کمیٹی کے نامزد اراکین کا اجلاس جلد منعقد ہونے کی توقع ہے۔

بقیہ نمبر 42

8 ارب چار کروڑ ڈالر رہ گئی۔ اسٹیٹ بینک کے مطابق غیر ملکی قرضوں کی ادائیگی کی وجہ سے زرمبادلہ کے سرکاری ذخائر میں 11 کروڑ ڈالر کی کمی آئی جس کے بعد سرکاری ذخائر 8 ارب 4 کروڑ 34 لاکھ ڈالر کی سطح پر آ گئے۔ 4 اگست کو ختم ہونے والے ہفتے کو زرمبادلہ کے مجموعی ذخائر کی مالیت 13 ارب 33 کروڑ 91 لاکھ ڈالر ریکارڈ کی گئی، کمرشل بینکوں کے پاس 5 ارب 29 کروڑ 57 لاکھ ڈالر کے ذخائر موجود ہیں۔

بقیہ نمبر 43

کے نام سے ہوئی۔ علی مسجد خودکش حملہ آور نے غیر قانونی طور پر سرحد پار کی۔ خودکش بمبار نے کپڑے تبدیل کر کے پولیس یونیفارم پہنا اور مسجد تک آیا۔ حملہ آور کو 1000 روپے دے کر سوزوکی میں سلطان خیل سے علی مسجد تک لایا گیا۔ علی مسجد حملے کی منصوبہ بندی افغان صوبے ننگرہار میں کی گئی۔ خودکش حملہ آور سے ایف سی اور پولیس کے یونیفارم ملے ہیں۔ انہوں نے بتایا کہ خیبر واقعے میں ٹی ٹی پی ملوث ہے۔ ڈی آئی جی سی ٹی ڈی کے مطابق باجوڑ میں ہونے والے دہشت گردی کے واقعے میں ٹی ٹی پی اور داعش دونوں کے ملوث ہونے کے شواہد ملے ہیں۔ سکھ ٹارگٹ کلنگ، علما کی ٹارگٹ کلنگ میں بھی داعش ملوث تھی۔ باجوڑ دھماکے کے معاملے میں اہم پیش رفت ہوئی ہے۔

بقیہ نمبر 44

ایڈووکیٹ پیش ہوئے متروکہ وقف املاک اور وفاقی حکومت کی طرف سے بھی ان کے وکلا پیش ہوئے۔ وکیل سردار عبدالرزاق خان کے مطابق لال حویلی 1964 میں ہندو خاتون بدھاں بی بی کو الاٹ ہوئی تھی، لال حویلی مختلف ہاتھوں فروخت ہوتے ہوئے 1987 میں شیخ صدیق نے بذریعہ رجسٹرڈ ڈیڈ خریدی تھی۔ انہوں نے کہا کہ لال حویلی سائل کے بھائی شیخ رشید کا سیاسی ہیڈ کوارٹر ہے، حکومت سیاسی انتقام لیتے ہوئے لال حویلی غیر قانونی طور پر چھیننا چاہتی ہے، چیئرمین متروکہ وقف املاک کو کارروائی کا کوئی اختیار نہیں، چیئرمین کے اختیار کو ہائیکورٹ میں چیلنج کر رکھا ہے، ہائیکورٹ کے فیصلہ تک چیئرمین کو کارروائی سے روکا جائے۔ جسٹس جواد حسن نے سرکاری وکیل سے استفسار کرتے ہوئے کہا کہ چیئرمین کو فیصلے میں کیا جلدی ہے۔ پراسیکیوٹر نے دلائل دیتے ہوئے بتایا کہ کوئی پراپرٹی متروکہ وقف املاک کی ہے یا نہیں اس کا اختیار صرف چیئرمین کو ہے، دائر درخواست قابل سماعت نہیں ہے، سائل کو اعتراضات داخل کرانے اور اپنا موقف دینے کا پورا موقع دیا جائے۔ جسٹس جواد حسن نے کہا کہ فیئر ٹرائل ہر شہری کا بنیادی حق ہے، اس دوران وفاقی حکومت اور محکمہ متروکہ وقف املاک ہائیکورٹ میں تفصیلی جواب داخل کرائیں۔ عدالت نے چیئرمین متروکہ وقف املاک کو فوری فیصلہ کرنے سے روک دیا اور کیس کی سماعت غیر معینہ مدت تک ملتوی کر دی۔

بقیہ نمبر 45

نے عدالت کو بتایا کہ سرگودھا میں چیک اپ کا تمام ریکارڈ ہمارے پاس موجود ہے۔ پولیس نے ریکارڈ عدالت کے سامنے پیش کردیا، جس کے بعد عدالت نے متاثرہ بچی کی فیملی کے وکیل کو دلائل دینے کی ہدایت کردی۔ اس موقع پر پراسیکیوٹر بھی عدالت کے سامنے پیش ہوگئے۔ عدالت نے ملزمہ کے وکیل سے استفسار کیا کہ یہ بچی کب والدہ کے حوالے ہوئی؟، جس پر وکیل نے جواب دیا کہ 23 جولائی کو شام 8 بجے بچی بس اڈے پر والدہ کے حوالے ہوئی۔ ایف آئی آر کے مطابق یہ بچی صبح 3 بجے اسپتال پہنچ گئی۔ 10 بجے یہ یہاں سے چلتے ہیں اور 2 بجے سرگودھا پہنچتے ہیں۔ 3 بجے جو اسپتال میں چیک اپ ہوا، اس کی ایم ایل سی ریکارڈ پر نہیں ہے۔ ایف آئی آر میں اس کا ذکر موجود ہے۔ ملزمہ کے وکیل نے دلائل میں کہا کہ میں نے ایک ویڈیو عدالت کے سامنے پیش کی۔ اس موقع پر پولیس نے عدالت کو بتایا کہ ویڈیو میں نظر آرہا ہے کہ بچی زخمی حالت میں والدہ کے حوالے کی گئی۔ پولیس نے موبائل فون میں ویڈیو عدالت کے سامنے پیش کردی۔ وکیل ملزمہ نے بتایا کہ یہ 3 گھنٹے کی ویڈیو ہمارے پاس موجود ہے عدالت میں پیش کر سکتے۔ بچی خود دروازہ خود کھولتی ہے، جہاں اڈے پران کو اتارا گیا۔ بچی پوری ویڈیو میں نارمل نظر آرہی ہے۔ یہ ویڈیو تو اب پورے میڈیا کے پاس موجود ہے۔ ملزمہ کے وکیل کی جانب سے بھی ویڈیو عدالت کے سامنے پیش کردی گئی۔ دلائل میں ملزمہ کے وکیل نے کہا کہ ڈھائی گھنٹے کی ویڈیو میں بچی بیٹھتی ہے، پانی پیتی ہے۔ بچی جب والدہ کے حوالے کی گئی تو انہوں نے بچی کو چیک بھی نہیں کیا، جس پر جج نے استفسار کیا کہ شروع میں والدہ کیسے بچی کو دیکھتی۔ کیا بچی اسکارف پہنتی ہے؟، جس پر بچی کی والدہ نے جواب دیا کہ میری بچی اسکارف نہیں پہنتی، یہ چھپانے کے لیے اسکارف پہنایا گیا۔ وکیل ملزمہ نے عدالت کو بتایا کہ ہماری گاڑی میں بچی کی والدہ 10 منٹ بیٹھی رہی، جس پر جج نے بچی کی والدہ سے استفسار کیا کہ کسی کے ساتھ ظلم زیادتی نہیں کرنی چاہیے، آپ سچ بتائیں۔ بچی کی والدی نے بتایا کہ میری بچی اگلی سیٹ پر بیٹھی ہوئی تھی، جج کی بیوی نے کہا یہ کام نہیں کرتی۔ اس کے ڈرائیور نے مجھے دھمکی دی۔ جج نے ملزمہ کے وکیل سے استفسار کیا کہ آپ وہ ویڈیو دکھائیں جہاں بچی خود چل رہی ہے۔ ملزمہ کے وکیل نے ایسی کوئی ویڈیو نہیں دکھائی۔ وکیل نے کہا کہ زخم یہاں سے سرگودھا جاتے ہوئے 6 گھنٹے کے دوران دیئے گئے۔ عدالت نے استفسار کیا کہ آپ کے مطابق کس نے زخم دیئے؟، جس پر وکیل نے کہا کہ میں یہاں کورٹ میں یہ بات نہیں کرتا نہ کسی پر الزام لگاتا ہوں۔ جج شائستہ کنڈی نے ریمارکس دیے کہ ویڈیو میں تو بچی کو اٹھا کر بس میں سوار کروایا جارہا ہے۔ گاڑی سے اترنے کی ویڈیو بھی عدالت کو دکھائیں۔ وکیل صفائی نے کہا کہ من گھڑت کہانی ڈھائی گھنٹے کی ویڈیو میں سامنے آئے گی۔ ملزمہ کے وکیل نے کہا کہ 6 گھنٹے 12 منٹ میں سرگودھا کے اندر یہ کہانی بنائی گئی۔ ڈھائی گھنٹے کی ویڈیو میں متاثرہ بچی کی والدہ فون پر رہتی ہے۔ اگر بچہ اتنا بیمار ہے تو اس کی والدہ ڈھائی گھنٹے فون پر کیوں رہتی ہے۔ جج نے ریمارکس دیے کہ پراسیکیوشن سائیڈ کا کہنا درست ہے کہ عدالت اس کیس کو ضمانت کی حد تک سنے گی۔ جج نے استفسار کیا کہ بچی سیریس زخمی ہے، کس نے اسے زخمی کیا؟ ملزمہ کے وکیل نے جواب دیا کہ 8 جولائی کو جج کے گھر میں یہ بچی مٹی کھاتی ہے، جس میں کھاد ہوتا ہے۔ کھاد کھانے کی وجہ سے بچی کے جسم پر داغ بن گئے۔ جج نے استفسار کیا کہ کیا بچی کے متعلق ڈاکٹر نے یہ لکھا ہے؟، جس پر پراسیکیوٹر نے جواب دیا کہ ڈاکٹرز نے یہ نہیں لکھا۔ ملزمہ کے وکیل نے کہا کہ ڈاکٹرز نے کھاد کو زہر لکھ دیا کہ زہر دیا گیا۔ ملزمہ کے وکیل نے کہا کہ بچی ہمارے پاس ٹھیک تھی صرف کھاد کھانے کی وجہ سے اسے یہ مسئلہ ہوا۔ جج نے وکیل سے مکالمہ کرتے ہوئے کہا کہ کیا آپ دکھا سکتے ہیں، جہاں وہ ٹھیک حالت میں ہے۔ جس پر وکیل نے کہا کہ میں بعد میں دکھا سکتا ہوں۔ جج نے کہا وہ بات نہ کریں جو ثبوت آپ دکھا نہیں سکتے۔ وکیل نے بتایا کہ یہ بچی میرے پاس ملازمہ نہیں تھی۔ 2 روز قبل ملازمہ آئی تھی اس نے کہا تھا وہ بچی کو پیسے دیتی تھی۔ ہم بچی کے والدین کو پیسے دیتے رہے ہیں ملازمہ نہیں تھی۔ ہم نے بچی کو پڑھانے لکھانے کے لیے کیئر ٹیکر کے طور پر رکھا ہوا تھا۔ جج نے استفسار کیا کہ کیا آپ نے بچی کو اسکول میں داخل کرایا، جس پر وکیل نے جواب دیا کہ بچی اوورایج تھی۔ سول جج عاصم حفیظ کو کال آئی، پیسے مانگے گئے۔ 24 جولائی اور اس کے بعد بھی 50 ہزار ایک دفعہ 60 ہزار ایک دفعہ پیسے بھیجے۔ جج نے ریمارکس دیے کہ آپ جج ہو کر بلیک میل ہو رہے ہیں؟۔ آپ نے زخمی نہیں کیا تو پھر پیسے کیوں بھیجے؟۔ عدالت نے استفسار کیا کہ کیا بچی اپنے پاس رکھنے کی کوئی دستاویز ہے۔ جس پر وکیل نے جواب دیا کہ ایسی دستاویز نہیں ہے۔ جج نے ریمارکس دیے کہ ہم یہاں صرف ایک ملزمہ کا فیصلہ کرنے بیٹھے ہیں۔ آپ یہ ذہن میں نہ رکھیں کہ وہ کس کی اہلیہ ہے۔ ملزمہ کے وکیل نے اپنے دلائل مکمل کرلیے، جس کے بعد عدالت نے پراسیکیوٹر کو دلائل دینے کی ہدایت کی۔ پراسیکیوٹر نے عدالت میں دلائل دیتے ہوئے بتایا کہ متاثرہ بچی رضوانہ کی بازو کی دونوں ہڈیاں ٹوٹی ہوئی تھیں۔ جب کوئی ڈاکٹر رائے دے تو اس کا مطلب ہے جس دن میڈیکل ہوا ہے اس پر ہے۔ متاثرہ بچی کا بیان 25 جولائی کو ریکارڈ کیا گیا۔ ریکارڈ کے اوپر کچھ تصویریں بھی بچی کی ہیں۔ ملزمہ کے وکیل نے جو ویڈیو دکھائی وہ ہمارے ریکارڈ پر بھی ہے۔ بچی کو جس طرح اٹھا کر بس میں بٹھایا گیا۔ بس کے ڈرائیور کا بیان بھی ریکارڈ پر ہے۔ عدالت نے بس کے ڈرائیور کا بیان پڑھنے کی ہدایت کردی۔ پراسیکیوٹر نے اپنے دلائل میں کہا کہ ٹیوٹر کا بیان بھی ہے جہاں اس نے کہا ہے کہ اس بچی کو میں نے کبھی نہیں پڑھایا۔ اگر میڈیکل رپورٹ ٹھیک نہیں تو اس کو کسی بورڈ کے سامنے چیلنج کریں گے۔ مٹی کی وجہ سے کیا ہڈیاں بھی ٹوٹ سکتی ہیں؟ یہ پہلی دفعہ سنا ہے۔ زہر سے متعلق تو ہماری رپورٹ میں بھی نہیں ہے انہوں نے خود ہی فرض کرلیا۔ عدالت میں ٹیوٹر کا بیان بھی پڑھا گیا، جس میں کہا گیا کہ میں نے کبھی بچی کو نہیں پڑھایا۔ ملزمہ کے وکیل نے عدالت کو بتایا کہ ہمارا مقف ہے بچی کام اس طرح نہیں کرتی تھی۔ عدالت نے ملزمہ سومیہ عاصم کی درخواست ضمانت پر فیصلہ محفوظ کرلیا، جو 2 بجے سنایا جائے گا۔ جج نے ریمارکس دیے کہ عدالت جذبات پر نہیں، انصاف سے فیصلہ کرے گی۔ بعد ازاں رضوانہ تشدد کیس میں عدالت نے فیصلہ جاری کردیا اور ملزمہ سومیہ عاصم کی درخواست ضمانت بعد از گرفتاری مسترد کردی۔ فیصلہ سناتے وقت جج اور ملزمہ کے وکیل کے مابین تلخ کلامی بھی ہوئی۔ عدالت نے کہا آپ کا رویہ درست نہیں، ذاتیات پر نہ اتریں، جس پر ملزمہ کے وکیل نے کہا کہ میں ذاتیات پر بات نہیں کررہا۔

بقیہ نمبر 46

وٹی جان لیوا کھیل ہے، پتنگ بازوں کے خلاف کارروائیاں جاری رہیں گی

بقیہ نمبر 47

خود میدان میں نکل آئے۔ پولیس کے مطابق فیصل آباد کے ٹھیکری والا کے علاقے میں شہریوں نے دو ڈاکوں کو موت کے گھاٹ اتار دیا، ڈاکو گوجرہ روڈ پر ناکہ لگا کر لوٹ مار کر رہے تھے۔ پولیس کا کہنا ہے کہ ڈاکوں نے کار سواروں کو روکنے کی کوشش کی تو کار سواروں نے فائرنگ کردی جس کے نتیجے میں دونوں ڈاکو موقع پر ہلاک ہوگئے۔ پولیس نے لاشیں ضروری کارروائی کیلئے ہسپتال منتقل کردیں۔

بقیہ نمبر 48

بتائی جارہی ہیں۔ ژوب کے علاقے مرغہ کبزئی میں سی ٹی ڈی اور مبینہ حملہ آوروں کے درمیان فائرنگ کا تبادلے میں تین افراد ہلاک ہوگئے۔ ترجمان سی ٹی ڈی کے مطابق حملہ آوروں کی فائرنگ سے دو اہلکار زخمی ہوئے جبکہ ہلاک حملہ آوروں کا تعلق کالعدم تنظیم سے بتایا جاتا ہے۔ ہلاک ہونے والے تینوں حملہ آوروں کی لاشیں ڈی ایچ کیو اسپتال منتقل کردی گئیں جن کی عمریں 30 اور 40 سال کے درمیان بتائی جارہی ہیں۔

بقیہ نمبر 49

کمیشن کے نئی مردم شماری سے پیدا صورتحال پر 2 اجلاس ہوئے جو کہ بے نتیجہ رہے، الیکشن کمیشن نئی مردم شماری کے تحت انتخابات کرانے پر تذبذب کا شکار ہے۔ ذرائع نے کہا کہ الیکشن کمیشن کو لیگل ٹیم نے آرٹیکل 51 فائیو کے تحت نئی حلقہ بندیوں کے تقاضے سے آگاہ کیا، لیگل ٹیم کی جانب سے رائے دی گئی کہ اسمبلیاں تحلیل ہونے کا انتظار کیا جائے

بقیہ نمبر 50

دیں، پتہ نہیں ان کو کیا تھا۔ عمران خان کے وکیل خواجہ حارث نے کہا کہ ہماری آپ سے درخواست ہے کہ آپ ہمیں ایک موقع دیں ہم کوئی جان بوجھ کر ایسا نہیں کر رہے۔ عدالت نے ہدایت دی کہ بشری بی بی کو نیب گرفتار نہ کرے تاہم عدالت نے چیئرمین پی ٹی آئی کی درخواست ضمانت عدم پیروی پر خارج کردی، جس سے اب چیئرمین پی ٹی آئی کی نیب کے ہاتھوں گرفتاری کی راہ ہموار ہوگئی ہے۔ اسی طرح توشہ خانہ نیب انکوائری کیس میں بھی چیئرمین پی ٹی آئی کی درخواست ضمانت خارج کردی گئی، یہ فیصلہ احتساب عدالت کے جج محمد بشیر نے فیصلہ سنایا اور نیب کے بیان کی روشنی میں بشری بی بی کی درخواست ضمانت نمٹا دی۔ نیب کے مطابق 190 ملین کرپشن کیس میں چیئرمین پی ٹی آئی کے وارنٹ گرفتاری برقرار ہیں اور اب نیب کو چیئرمین پی ٹی آئی کی گرفتاری کا اختیار مل گیا ہے۔ تحریری فیصلہ جاری احتساب عدالت اسلام آباد نے چیئرمین پی ٹی آئی کی ضمانت کی درخواست خارج ہونے کا تحریری فیصلہ جاری کردیا۔ یہ فیصلہ احتساب عدالت کے جج محمد بشیر نے تحریر کیا ہے۔ فیصلے میں کہا گیا ہے کہ وکیل نے چیئرمین پی ٹی آئی کی حاضری سے استثنی کی درخواست دائر کی، وکیل نے بتایا کہ چیئرمین پی ٹی آئی کی سزا معطلی کی درخواست دائر کی گئی ہے، وکیل کے مطابق آئندہ ہفتے سزا معطلی کی درخواست ساعت کے لیے مقرر ہونے کا امکان ہے۔ فیصلے میں کہا گیا ہے کہ پراسیکیوٹر کے مطابق درخواست گزار جیل میں 3 سال کیلئے قید ہیں، درخواست گزار کی عدم موجودگی میں ضمانت نہیں دی جاسکتی، مختصر التوا ضرور فراہم کیا جاسکتا ہے تاہم درخواست گزار جیل میں سزا کاٹ رہے ہیں، عدالت چیئرمین پی ٹی آئی کی عدم پیروی پر ضمانت کی درخواست خارج کرتی ہے۔

بقیہ نمبر 51

جبکہ اندوہناک سانحہ کا سی پی او راولپنڈی نے نوٹس لیتے ہوئے ملزم کی فوری گرفتاری کے احکامات جاری کئے واقعے کی اطلاع پر ایس ایس پی آپریشنز فیصل سلیم، ایس پی صدر محمد نبیل کھوکھر نے ایس ڈی پی او گوجر خان سلیم خٹک، ایس ایچ او ملک آفتاب کے ہمراہ کرائم سین کا دورا کیا ایس ایچ او جاتلی نے افسران بالا کو تمام تر تحقیقات کے حوالے سے بریفنگ دیتے ہوئے بتایا کہ ملزم کی گرفتاری کے لیے پولیس کی ٹیمیں تشکیل دے دی گئی ہیں ملزم کو جلد ہی ٹریس کر کے گرفتار کیا جائے گا اور اسے قرار واقعی سزا دلوانے کے لیے قانون کٹہرے میں کھڑا کیا جائے گا جبکہ پولیس فرانزک ٹیم نے جائے وقوعہ سے شواہدا کٹھے کر لیے ملزم محمد رضوان نے رات ساڑھے 7/8 بجے کے درمیان 30 بور پسٹل سے فائرنگ کر کے اپنی سگی بہنوں، ن، زوجہ شاہد اور س، زوجہ بدر حسین کو ابدی نیند سلا دیا ملزم موقع سے فرار ہونے میں کامیاب پولیس ذرائع کے مطابق ملزم کی دونوں بہنیں شادی شدہ تھیں اور غیر آباد ہو کر میکے رہ رہی تھیں ملزم نے مقتولین کا چال چلن ٹھیک نہ ہونے کی وجہ سے انہیں فائرنگ کر کے قتل کیا قتل کی اس لرزہ خیز واردات کی اطلاع مقتولین کے والد نے پولیس تھانہ جاتلی کو دی پولیس تھانہ جاتلی نے والد کی مدعیت میں مقدمہ درج کر کے اپنی تفتیش کا آغاز کر دیا۔

بقیہ نمبر 52

تین دکانداروں پر 2500 روپے کے قریب جرمانہ کیا؟ دریں اثنا مختیار کار ڈگری سید قرار حسین شاہ نے تعلقہ اسپتال ڈگری کا بھی اچانک دورہ کیا اس موقع پر انہوں نے اسپتال کے مختلف وارڈز کا معائنہ کیا مریضوں سے خیریت معلوم کی اور مسائل کے حوالے سے آگاہی حاصل کی اس موقع پر میڈیکل سپریڈنٹ وید پرکاش اور سینئر میڈیکل آفیسر ڈاکٹر الیاس جٹ نے مختیار کار ڈگری سید قرار حسین شاہ کو بریفنگ دی . سید قرار حسین شاہ کا کہنا تھا کہ شہر میں موقع بہ موقع اس طرح اشیاء کے معیار کو چیک کیا جاتا رہے گا اس سے قیمتوں میں توازن بھی آئے گا اور صارفین کو معیاری اشیاء بھی ملیں گی۔

بقیہ نمبر 53

ہوئی تھی جسکا اس کے سسرال والوں کو انتہائی رنج تھا متوفی جب بیوی کو منانے کے لیے اپنے سسرال گیا جہاں پر سالوں کے ساتھ اس کی تلخ کلامی ہوئی انھوں نے طیش میں آکر اسے چھریوں کے وار کر کے شدید زخمی کر دیا ملزمان نے بڑی بے رحمی سے چھریوں کے وار کیے جس سے مقتول کی شہ رگ کٹ گئی جسے شدید زخمی حالت میں ہسپتال پہنچایا گیا مگر زخموں کی تاب نہ لاتے ہوئے راستے میں ہی جاں بحق ہو گیا متوفی کی عمر 40 سال ہے اور اسکی شناخت عثمان ولد خلیل سکنہ کنگر یوسی تھاتھی سے ہوئی ڈڈیال پولیس نے مقدمہ درج کر کے تفتیش کا آغاز کر دیا۔

بقیہ نمبر 54

کے ذریعے ملائیشیا اور انڈونیشیا میں داخل ہونے کی کوشش کررہے تھے لیکن کشتی الٹ گئی۔ امدادی کاموں کے دوران 17 افراد کی لاشیں نکالی جاچکی ہیں جب کہ 8 افراد کو بچالیا گیا۔ امکان ظاہر کیا جارہا ہے کہ کشتی میں 50 سے زائد افراد سوار تھے۔ بقیہ افراد کی تلاش جاری ہے۔ یاد رہے کہ ہر سال ہزاروں روہنگیا باشندے اپنی جانوں کو خطرے میں ڈال کر بنگلا دیش کے کیمپوں سے نکل کر کسی دوسرے محفوظ مقام پر جانے کے لیے ہنگامہ خیز سمندری سفر کا انتخاب کرتے ہیں۔

بقیہ نمبر 55

پر فیصلہ نہیں ہوتا تب تک کیس کا فیصلہ نہیں سنایا جاسکتا۔ لطیف کھوسہ نے کہا کہ چیئرمین پی ٹی آئی کا حق دفاع ختم کیا گیا، حق دفاع ختم کرنے کے خلاف درخواست اس عدالت میں زیر التوا ہے، حق دفاع کا معاملہ زیر التوا ہونے کے باوجود فیصلہ دیا گیا۔ وکیل چیئرمین پی ٹی آئی کا کہنا تھا عدالت سے استدعا ہے اپیل پر فیصلے تک چیئرمین پی ٹی آئی کی سزا معطل کی جائے۔ وکیل خواجہ حارث نے دلائل دیتے ہوئے کہا کہ ٹرائل کورٹ میں توشہ خانہ کیس کا روزانہ بنیاد پر ٹرائل ہوا، میرے کلرک کو ہائی کورٹ داخل ہونے سے روکا گیا، میں نے اس سے متعلق چیف جسٹس کے نام درخواست دی، میں ٹرائل کورٹ میں 12:15 پر پہنچ گیا تھا، بتایا گیا کہ 12:30 پر فیصلہ سنایا جائے گا، جب جج صاحب آئے تو میں روسٹرم پر تھا، میں نے درخواست دی مگر جج نے کہا میں فیصلہ سنانے لگا ہوں، اب جب ایسی صورت حال بن گئی تو جج کو کیا کرنا چاہیے تھا؟ خواجہ حارث نے کہا کہ جج نے مجھے مکمل نظر انداز کرتے ہوئے فیصلہ سنانا شروع کر دیا، ٹرائل جج کے آرڈر میں ہماری تو حاضری ہی نہیں لگائی گئی، جج صاحب آرڈر میں لکھ دیتے کہ میں آیا ہوں لیکن مجھے سنا نہیں گیا، اب عدالت دیکھ لے کہ یہ سزا معطلی کا مثالی کیس ہے یا نہیں، یہ ٹرائل ایسے چلایا گیا جیسے ہم روزانہ کوئی آرڈر چیلنج کرنے ہائی کورٹ آتے تھے، ایک طرف ہم ٹرائل چلا رہے تھے دوسری طرف سیشن عدالت کے حکم نامے چیلنج، ٹرائل جج نے انتہائی جلد بازی میں ٹرائل چلایا، ہائی کورٹ نے 2 درخواستوں پر 7 دن میں فیصلہ کرنے کا کہا، ٹرائل جج نے تیسرے ہی دن فیصلہ کر دیا، تیسرے نہ سہی، پانچویں دن فیصلہ کر دیتے، کیا جلد بازی تھی؟ آخری دن میں سپریم کورٹ، ہائی کورٹ اور احتساب عدالت میں مصروف تھا، ساڑھے 10 بجے ٹرائل جج کو بتایا گیا کہ میں ٹرائل کورٹ آرہا ہوں۔ چیف جسٹس عامر فاروق نے کہا کہ خواجہ صاحب نوٹس جاری کیا ہے، جواب آجائے تو پھر دیکھتے ہیں۔ وکیل خواجہ حارث نے کہا کہ میں ایک دو گزارشات عدالت کے سامنے کرنا چاہتا ہوں، مجھے سنے بغیر ایک فیصلہ لکھ دیا گیا تو اس کی کیا اہمیت ہے، آپ نے 6 ماہ سننے کے بعد یہ فیصلہ کرنا ہے کہ فیصلہ سنے بغیر دیا گیا، کسی گواہ نے نہیں کہا کہ جو کچھ کیا گیا وہ دانستہ اور جانتے بوجھتے تھا، اگر ایسا کچھ لکھا گیا تو وہ جج صاحب نے اپنی جانب سے ہی لکھا ہے۔ خواجہ حارث نے سزا معطلی کی درخواست روزانہ کی بنیاد پر سننے کی استدعا کردی، جس پر چیف جسٹس نے کہا کہ کل ممکن نہیں ہوگا، کل شاید بینچ دستیاب نہ ہو، اگلے ہفتے کے دوران جلدی تاریخ مقرر کردیں گے۔ عدالت نے چیئرمین پی ٹی آئی کی سزا کے خلاف اپیل پر سماعت ملتوی کر دی۔ اسلام آباد ہائیکورٹ نے توشہ خانہ کیس میں چیئرمین پی ٹی آئی کی سزا کے خلاف اپیل پر نوٹس جاری کرتے ہوئے ٹرائل کورٹ سے متعلقہ ریکارڈ طلب کر لیا۔ یاد رہے کہ 5 اگست کو ڈسٹرکٹ اینڈ سیشن جج اسلام آباد ہمایوں دلاور نے توشہ خانہ کیس میں چیئرمین پی ٹی آئی کو 3 سال قید کی سزا سناتے ہوئے ان پر ایک لاکھ روپے جرمانہ بھی عائد کیا تھا۔

بقیہ نمبر 56

ناموں میں وسیم مختار کو سرفہرست رکھا ہے، باقی دو ناموں میں سابق ایم ڈی سی پی پی اے عابد لودھی اور ممبر نیپرا سندھ رفیق شیخ شامل تھے۔ خیال رہے کہ اس وقت چیئرمین نیپرا محمد توصیف فاروقی ہیں جو ٹیلی کمیونیکیشن سیکٹر میں وسیع تجربہ رکھتے ہیں، انہوں نے 5 اگست 2019 کو بطور چیئرمین نیپرا عہدے کا چارج سنبھالا تھا

بقیہ نمبر 57

نازیبا حرکات کرنے والے شرپسندوں کیخلاف سخت کارروائی یقینی بنانے کیلئے ہدایات جاری کر دیں۔ وزیر اعلیٰ محسن رضا نقوی نے عوامی مقامات پر ہلڑ بازی، بدنظمی پھیلانے، ون ویلنگ کرنے اور موٹر سائیکلز میں آلٹریشن کرنے والے مکینک کیخلاف سخت کارروائی کرنے کا بھی حکم دے دیا۔

بقیہ نمبر 58

منصوبے چل پڑے، منصوبے اس لیے بند رہے کہ فلاں حکومت کو کریڈٹ جائے گا، یہ وہ واقعات ہیں جس کی وجہ سے آج یہ حالات ہیں۔ وزیراعظم شہباز شریف نے مزید کہا ہے کہ آئی ایم ایف پروگرام کا ہونا ایک بڑی کامیابی ہے، افسران نے سیلاب کے دوران بہترین کام کیا، خارجی محاذ پر بھی بڑی ایفرٹ ہوئی، خارجی تعلقات کو بگاڑنے میں ہمارے اپنوں نے بڑا رول ادا کیا، بے بنیاد الزامات دوست ممالک پر لگائے گئے، مجھ پر چین سے 45 فیصد کمیشن لینے کا الزام لگایا گیا، سی پیک کیخلاف پراپیگنڈا کیا گیا۔

بقیہ نمبر 59

جولائی 2023 میں ترسیلات زر 2.026 ارب ڈالر رہیں، جولائی 2022 میں ترسیلات زر تقریبا 2.511 ارب ڈالر تھیں۔ مرکزی بینک کے مطابق سعودی عرب سے ترسیلات زر 48 کروڑ 70 لاکھ ڈالر بھیجی گئی، یو اے ای سے 31 کروڑ 50 لاکھ ڈالر، برطانیہ سے 30 کروڑ 60 لاکھ ڈالر ترسیلات بھیجی گئی۔

بقیہ نمبر 60

برائے آبی وسائل سید خورشید احمد شاہ نے نیلم جہلم پراجیکٹ کا دورہ کیا، وفاقی سیکرٹری آبی وسائل حسن ناصر جامی اور چیئرمین واپڈا انجینئر لیفٹیننٹ جنرل سجاد غنی (ریٹائرڈ) بھی ان کے ساتھ تھے۔ وفاقی وزیر برائے آبی وسائل نے نیلم جہلم پراجیکٹ سے بجلی کی دوبارہ پیداوار کا افتتاح کیا اور یادگاری تختی کی نقاب کشائی کی، نیلم جہلم پراجیکٹ نیشنل گرڈ کو 969 میگاواٹ بجلی فراہم کررہا ہے۔ خورشید شاہ نے کنٹرول روم اور پاور ہاس کا بھی تفصیلی دورہ کیا، وفاقی وزیر برائے آبی وسائل نے بجلی کی پیداوار بحال ہونے پر واپڈا، پراجیکٹ ٹیم کی کوششوں کی تعریف کی۔ یاد رہے کہ ٹیل ریس ٹنل میں بندش کے باعث نیلم جہلم پراجیکٹ سے گزشتہ سال بجلی کی پیداوار بند ہوگئی تھی، ٹیل ریس ٹنل میں بحالی کا کام کنسلٹنٹس کے زیرنگرانی اور بین الاقوامی ماہرین کی رہنمائی میں مکمل کیا گیا۔

بقیہ نمبر 61

سیاسی صورتحال پر مشاورت ہوئی، ملاقات میں نگران وزیراعظم و نگران وزیراعلیٰ بلوچستان کے ناموں پر بھی مشاورت کی گئی۔

بقیہ نمبر 62

لوحید کے جاری کردہ نوٹیفکیشن کے مطابق شعبہ اردو کے استاد جامعہ کراچی کی ہراسمنٹ کمیٹی کی سفارش اور وائس چانسلر کی منظوری کے بعد یونیورسٹی آف کراچی ایمپلائیز (ایفیشنسی اینڈ ڈسپلن) کے تحت فوری معطل ہوں گے اور خواتین کو ہراساں کرنے کے خلاف تحفظ کمیٹی کے کسی نئے فیصلے تک یہ معطلی قائم رہے گی اور اس دوران وہ شکایت کرنے والی طالبہ سے بھی قسم کا رابطہ نہ کرنے کے پابند ہوں گے۔ ادھر جامعہ کراچی کے ذرائع بتاتے ہیں کہ یونیورسٹی کی اینٹی ہراسمنٹ کمیٹی نے گزشتہ روز اپنے منعقدہ اجلاس میں اس بات پر غور کیا تھا کہ چونکہ شعبہ اردو کے استاد کے خلاف شکایات کا معاملہ یونیورسٹی انتظامیہ کو کچھ ثبوتوں کے ساتھ سیکیورٹی اداروں کی جانب سے بھجوایا گیا تھا لہٰذا ان ثبوتوں کی روشنی میں متعلقہ ٹیچر کو فوری طور پر معطل کرتے ہوئے کارروائی آگے بڑھائی جا سکتی ہے۔ ذرائع کہتے ہیں کہ متاثرہ طالبہ اور اس کے خاندان نے سیکیورٹی اداروں سے اس سلسلے میں باضابطہ شکایت کی تھی کہ جامعہ کراچی شعبہ اردو کے استاد انھیں تنگ کررہے ہیں، نامناسب پیغامات کا سلسلہ جاری ہے اور اب بات یہاں تک جا پہنچی ہے کہ متعلقہ استاد نے طالبہ کے رہائشی محلے میں پہنچ کر اسے ہراساں کرنے کی کوشش کی ہے۔ بتایا جارہا ہے کہ سیکیورٹی ادارے نے اس معاملے کا نوٹس لیتے ہوئے جامعہ کراچی کی انتظامیہ کو اس سلسلے میں تحقیقات کی سفارش کی تھی۔ ذرائع کا کہنا ہے کہ متعلقہ استاد کے حوالے سے ماضی میں بھی اس قسم کی شکایات آتی رہی جس پر ایک سابق وائس چانسلر کے دور میں بھی انھیں معطل کرکے ان کے خلاف انکوائری کی گئی اور انھیں معطل کیا گیا۔ اس وقت کی انکوائری کمیٹی نے متعلقہ استاد کا تبادلہ بطور سزا غیر تدریسی عملے میں کرنے کی سفارش کر دی تھی تاہم جب یہ معاملہ سینڈیکیٹ میں پیش ہوا تو اس وقت ایک رکن سینڈیکیٹ جو ایک سیاسی شخصیت بھی تھے نے اپنا اثرورسوخ استعمال کرتے ہوئے ٹیچر کو بحال کروا دیا تھا۔ ماضی قریب میں بھی کچھ شکایات پر متعلقہ ٹیچر سے کورسز واپس لے لیے گئے تھے۔ یاد رہے کہ کچھ برس قبل جامعہ کراچی میں ہراسانی سے متعلق ایک اور ٹیچر کے خلاف اسی فیکلٹی میں چندایک شکایت سامنے آئی تھیں جس پر ہراسمنٹ کمیٹی کی جانب سے انکوائری بھی کی گئی لیکن رپورٹ سینڈیکیٹ میں پیش نہ ہوسکی۔

بقیہ نمبر 63

آغاز پر مثبت رجحان رہا تاہم کاروبار کا اختتام 419 پوائنٹس کی مندی کے ساتھ ہوا، انڈیکس 47 ہزار 808 پر بند ہوا ہے۔ کاروباری دن کے دوران 100 انڈیکس 996 پوائنٹس کے بینڈ میں رہا، بازار میں آج 32 کروڑ شیئرز کے سودے 12 ارب 75 کروڑ روپے میں طے ہوئے۔ مارکیٹ کیپٹلائزیشن 54 ارب روپے کم ہوئی ہے جو کاروبار کے اختتام پر 7 ہزار 144 ارب روپے ہے۔

بقیہ نمبر 64

قانون کو آئین کے مطابق بنانے کے لئے ضابطہ فوجداری میں ترمیم کا ایک بل تیار کیا۔ پی ٹی آئی حکومت کے دور میں یہ بل سینیٹ میں آیا جسے سینیٹ کی قائمہ کمیٹی برائے امور داخلہ نے منظور کیا۔ 23 مئی 2022 کو یہ بل سینیٹ اور 8 جون 2022 کو قومی اسمبلی نے منظور کر لیا جس کے بعد 21 جون 2022 کو یہ بل صدر مملکت کی رسمی توثیق کے لیے بذریعہ وزیراعظم ہاس ایوان صدر بھیج دیا گیا۔ سینیٹر عرفان صدیقی نے بتایا کہ انہوں نے یہ مطالبہ پارلیمنٹ میں اٹھایا لیکن بل کا سراغ نہیں ملا۔ اگست 2022 میں ایوان صدر نے باضابطہ طور پر وضاحت کی کہ ان کے پاس ایسا کوئی بل نہیں آیا۔ سینیٹر عرفان صدیقی نے اپنے خط میں اسپیکر سے استدعا کی ہے کہ وہ گمشدہ بل کا سراغ لگانے کے احکامات جاری کریں۔ اس بل کو گم کردینے والے عناصر کا سراغ لگانے کے لئے تحقیقات کا حکم دیں کیونکہ پارلیمنٹ کے منظور کردہ قانون کا نافذ ہونے سے پہلے ہی گم ہو جانا پارلیمنٹ کی کھلی توہین ہے جس کی مثال دنیا کے کسی ملک میں نہیں ملتی۔ خط کے آخر میں انہوں نے اسپیکر راجہ پرویز اشرف سے کہا ہے کہ قومی اسمبلی تحلیل ہونے کے باوجود وہ اپنے آئینی منصب پر قائم ہیں اس لیے انہیں چودہ ماہ سے گمشدہ بل کو از سرنو صدارتی توثیق کے لئے بھیجنا چاہیے۔

بقیہ نمبر 65

کم ہوگئی ہے۔ رانا ثنا اللہ نے مزید کہا کہ اگر چیئرمین پی ٹی آئی اس سلسلے میں قصوروار ثابت ہوتے ہیں تو ان کے خلاف آفیشل سیکرٹ ایکٹ کے تحت مقدمہ چلایا جانا چاہیے۔

بقیہ نمبر 66

2.8 فیصد بڑھ کر 129.7 پوائنٹس تک پہنچ گیا، ستمبر 2011 کے بعد چاول بلند ترین قیمت پر فروخت ہو رہا ہے، فوڈ اینڈ ایگریکلچر آرگنائزیشن تھائی لینڈ اور ویت نام میں ال نینو کے باعث انتہائی درجہ حرارت سے چاولوں کی پیداوار متاثر ہوئی۔ روسی اجناس معاہدے کے خاتمے اور بھارت کی طرف سے برآمد پر پابندی کا اثر بھی چاولوں پر پڑا، چاول کی خرید کے مستقبل کے سودے 16.02 ڈالر فی 45 کلوگرام میں طے ہوئے۔ عالمی منڈی میں بھارت، تھائی لینڈ، ویتنام، کمبوڈیا اور پاکستان سرکردہ برآمد کنندگان ہیں، چین، فلپائن، بینن، سینیگال، نائیجیریا اور ملائیشیا بھی چاول کے اہم درآمد کنندگان میں شامل ہیں۔

بقیہ نمبر 67

میرے لاپتہ بل کا سراغ لگایا جائے۔ یکم جون 2022 کو یہ بل صدر مملکت کی رسمی توثیق کیلئے بذریعہ وزیراعظم ہاس ایوان صدر بھیج دیا گیا، بل سینیٹ اور قومی اسمبلی سے منظور شدہ تھا لیکن ایوان صدر نہ پہنچا، پارلیمنٹ کے منظور شدہ قانون کے ساتھ یہ سلوک پارلیمنٹ کی توہین ہے، انکوائری کر کے ذمہ داروں کے خلاف کارروائی کی جائے۔

بقیہ نمبر 68

بغیر اے سی کے پڑے ہیں، اسی کے ساتھ انہوں نے ایم ایس کو عہدے سے برطرف کر دیا علاوہ ازیں محسن نقوی نے تشدد کا شکار کم عمر گھریلو ملازمہ رضوانہ کی بھی عیادت کی، ڈاکٹرز نے رضوانہ کی طبی حالت بارے نگران وزیراعلیٰ پنجاب کو بریفنگ دی۔ محسن نقوی نے ڈاکٹرز کو ہدایت کی کہ رضوانہ کی صحت کی بحالی میں کوئی کمی نہیں ہونی چاہیے۔

بقیہ نمبر 69

بلیں وصول کرنے کا الزام ہے۔ احتساب عدالت نے سہیل اعوان کو 16 اگست تک جسمانی ریمانڈ منظور کرلیا۔ نیب کی جانب سے دائر 2 ارب روپے کے کرپشن کیس میں مونس الہی کے سیکرٹری سہیل اعوان کو پرویز الہی اور دیگر کے ساتھ نامزد کیا گیا ہے

بقیہ نمبر 70

باسمتی چاول کی فی کلو قیمت میں 12 روپے، سپر باسمتی چاول کی فی کلو قیمت میں 10 روپے کا اضافہ کیا گیا ہے، اشیا کی قیمتوں میں اضافے کا اطلاق کل سے ہوگا۔

بقیہ نمبر 71

پاسپورٹ دفاتر آرہے ہیں۔ حکام کا مزید کہنا ہے کہ بڑی تعداد میں ڈیٹا آنے کی وجہ سے پاسپورٹ بنانے والا عملہ بھی مشکلات کا شکار ہے۔ شہریوں کو پاسپورٹ کی بروقت ڈیلیوری کے لیے ہفتہ اور اتوار کو بھی پاسپورٹس کی چھپائی کا کام کیا جانے لگا ہے۔

بقیہ نمبر 72

انکوائری کی ہدایت کی ہے۔

بقیہ نمبر 73

ہی امدادی ادارے اور پولیس جائے وقوع پہنچے اور زخمیوں کو اسپتال منتقل کر کے شواہد جمع کیے۔ پولیس کے مطابق واقعے کی تفتیش کر کے ذمہ داروں کا تعین کیا جارہا ہے۔ سیکیورٹی ذرائع کے مطابق دھماکا جشن آزادی کے حوالے سے قومی پرچم اور بیجز فروخت کرنے والی دکان پر ہوا ہے۔

بقیہ نمبر 74

چندروز قبل نواب شاہ سرہاری ریلوے اسٹیشن کے قریب ہزارہ ایکسپریس کو حادثہ پیش آیا تھا، جس کے نتیجے میں 10 بوگیاں پٹڑی سے اتریں اور 30 سے زائد مسافر جاں بحق ہوئے تھے۔

بقیہ نمبر 75

سے ہٹ کر سیاسی مقاصد کے لیے استعمال کیا ہے۔ میتھیو ملر نے کہا کہ امریکا نے پاکستان کے ساتھ نجی اور سرکاری سطح پر عمران خان کی کچھ پالیسیوں اور روس کے یوکرین پر حملے کے دن ماسکو کا دورہ کرنے پر تحفظات کا اظہار کیا تھا لیکن جیسا کہ اس وقت امریکا میں پاکستان کے سابق سفیر کہہ چکے ہیں کہ یہ الزامات درست نہیں کہ امریکا نے ملک کی قیادت کے حوالے سے پاکستان کے داخلی فیصلوں میں دخل اندازی کی اور ہم بھی یہی کہتے ہیں کہ یہ الزامات غلط ہیں۔ محکمہ خارجہ کے ترجمان نے کہا کہ اس مراسلے میں موجود باتوں کو اگر سیاق وسباق کے ساتھ دیکھا جائے تو ظاہر ہوتا ہے کہ امریکی حکومت پاکستانی وزیراعظم عمران خان کی پالیسی کے حوالے سے اپنے خدشے کا اظہار کر رہی ہے نہ کہ وہ اس بارے میں اپنی ترجیح بیان کر رہی ہے کہ پاکستان کا لیڈر کسے ہونا چاہیے۔ آیا یہ دانستہ کوشش تھی یا نہیں اس بارے میں وہ تبصرہ نہیں کر سکتے۔ کسی کی نیت پر بات نہیں کی جاسکتی لیکن لیکن میرے خیال میں ایسا ہی ہوا ہے۔ مارچ 2022 میں امریکا میں پاکستان کے سفیر کی جانب سے بھیجے گئے سائفر کی تحریر کے بارے میں انٹرسیپٹ نامی امریکی نیوز ویب سائٹ پر ایک خبر شائع کی گئی ہے جس میں اس سفارتی مراسلے کا مبینہ متن شامل ہے جسے اسد مجید نے امریکی معاون وزیر خارجہ برائے وسط اور جنوبی ایشیا ڈونلڈ لو سے ہونے والی گفتگو کے بعد تحریر کیا تھا۔

بقیہ نمبر 76

کمیشن کے نئی مردم شماری سے پیدا صورتحال پر 2 اجلاس ہوئے جو کہ بے نتیجہ رہے، الیکشن کمیشن نئی مردم شماری کے تحت انتخابات کرانے پر تذبذب کا شکار ہے۔ ذرائع نے کہا کہ الیکشن کمیشن کو لیگل ٹیم نے آرٹیکل 51 فائیو کے تحت نئی حلقہ بندیوں کے تقاضے سے آگاہ کیا، لیگل ٹیم کی جانب سے رائے دی گئی کہ اسمبلیاں تحلیل ہونے کا انتظار کیا جائے۔

بقیہ نمبر 77

نے عدالت کو بتایا کہ سرگودھا میں چیک اپ کا تمام ریکارڈ ہمارے پاس موجود ہے۔ پولیس نے ریکارڈ عدالت کے سامنے پیش کردیا، جس کے بعد عدالت نے متاثرہ بچی کی فیملی کے وکیل کو دلائل دینے کی ہدایت کردی۔ اس موقع پر پراسیکیوٹر بھی عدالت کے سامنے پیش ہوگئے۔ عدالت نے ملزمہ کے وکیل سے استفسار کیا کہ یہ بچی کب والدہ کے حوالے ہوئی؟، جس پر وکیل نے جواب دیا کہ 23 جولائی کو شام 8 بجے بچی بس اڈے پر والدہ کے حوالے ہوئی۔ ایف آئی آر کے مطابق یہ بچی صبح 3 بجے اسپتال پہنچ گئی۔ 10 بجے یہ یہاں سے چلتے ہیں اور 2 بجے سرگودھا پہنچتے ہیں۔ 3 بجے جو اسپتال میں چیک اپ ہوا، اس کی ایم ایل سی ریکارڈ پر نہیں ہے۔ ایف آئی آر میں اس کا ذکر موجود ہے۔ ملزمہ کے وکیل نے دلائل میں کہا کہ میں نے ایک ویڈیو عدالت کے سامنے پیش کی۔ اس موقع پر پولیس نے عدالت کو بتایا کہ ویڈیو میں نظر آرہا ہے کہ بچی زخمی حالت میں والدہ کے حوالے کی گئی۔ پولیس نے موبائل فون میں ویڈیو عدالت کے سامنے پیش کردی۔ وکیل ملزمہ نے بتایا کہ یہ 3 گھنٹے کی ویڈیو ہمارے پاس موجود ہے عدالت میں پیش کر سکتے۔ بچی خود دروازہ خود کھولتی ہے، جہاں اڈے پران کو اتارا گیا۔ بچی پوری ویڈیو میں نارمل نظر آرہی ہے۔ یہ ویڈیو تو اب پورے میڈیا کے پاس موجود ہے۔ ملزمہ کے وکیل کی جانب سے بھی ویڈیو عدالت کے سامنے پیش کردی گئی۔ دلائل میں ملزمہ کے وکیل نے کہا کہ ڈھائی گھنٹے کی ویڈیو میں بچی بیٹھتی ہے، پانی پیتی ہے۔ بچی جب والدہ کے حوالے کی گئی تو انہوں نے بچی کو چیک بھی نہیں کیا، جس پر جج نے استفسار کیا کہ شروع میں والدہ کیسے بچی کو دیکھتی۔ کیا بچی اسکارف پہنتی ہے؟، جس پر بچی کی والدہ نے جواب دیا کہ میری بچی اسکارف نہیں پہنتی، یہ چھپانے کے لیے اسکارف پہنایا گیا۔ وکیل ملزمہ نے عدالت کو بتایا کہ ہماری گاڑی میں بچی کی والدہ 10 منٹ بیٹھی رہی، جس پر جج نے بچی کی والدہ سے استفسار کیا کہ کسی کے ساتھ ظلم زیادتی نہیں کرنی چاہیے، آپ سچ بتائیں۔ بچی کی والدی نے بتایا کہ میری بچی اگلی سیٹ پر بیٹھی ہوئی تھی، جج کی بیوی نے کہا یہ کام نہیں کرتی۔ اس کے ڈرائیور نے مجھے دھمکی دی۔ جج نے ملزمہ کے وکیل سے استفسار کیا کہ آپ وہ ویڈیو دکھائیں جہاں بچی خود چل رہی ہے۔ ملزمہ کے وکیل نے ایسی کوئی ویڈیو نہیں دکھائی۔ وکیل نے کہا کہ زخم یہاں سے سرگودھا جاتے ہوئے 6 گھنٹے کے دوران دیئے گئے۔ عدالت نے استفسار کیا کہ آپ کے مطابق کس نے زخم دیئے؟، جس پر وکیل نے کہا کہ میں یہاں کورٹ میں یہ بات نہیں کرتا نہ کسی پر الزام لگاتا ہوں۔ جج شائستہ کنڈی نے ریمارکس دیے کہ ویڈیو میں تو بچی کو اٹھا کر بس میں سوار کروایا جارہا ہے۔ گاڑی سے اترنے کی ویڈیو بھی عدالت کو دکھائیں۔ وکیل صفائی نے کہا کہ من گھڑت کہانی ڈھائی گھنٹے کی ویڈیو میں سامنے آئے گی۔ ملزمہ کے وکیل نے کہا کہ 6 گھنٹے 12 منٹ میں سرگودھا کے اندر یہ کہانی بنائی گئی۔ ڈھائی گھنٹے کی ویڈیو میں متاثرہ بچی کی والدہ فون پر رہتی ہے۔ اگر بچہ اتنا بیمار ہے تو اس کی والدہ ڈھائی گھنٹے فون پر کیوں رہتی ہے۔ جج نے ریمارکس دیے کہ پراسیکیوشن سائیڈ کا کہنا درست ہے کہ عدالت اس کیس کو ضمانت کی حد تک سنے گی۔ جج نے استفسار کیا کہ بچی سیریس زخمی ہے، کس نے اسے زخمی کیا؟ ملزمہ کے وکیل نے جواب دیا کہ 8 جولائی کو جج کے گھر میں یہ بچی مٹی کھاتی ہے، جس میں کھاد ہوتا ہے۔ کھاد کھانے کی وجہ سے بچی کے جسم پر داغ بن گئے۔ جج نے استفسار کیا کہ کیا بچی کے متعلق ڈاکٹر نے یہ لکھا ہے؟، جس پر پراسیکیوٹر نے جواب دیا کہ ڈاکٹرز نے یہ نہیں لکھا۔ ملزمہ کے وکیل نے کہا کہ ڈاکٹرز نے کھاد کو زہر لکھ دیا کہ زہر دیا گیا۔ ملزمہ کے وکیل نے کہا کہ بچی ہمارے پاس ٹھیک تھی صرف کھاد کھانے کی وجہ سے اسے یہ مسئلہ ہوا۔ جج نے وکیل سے مکالمہ کرتے ہوئے کہا کہ کیا آپ دکھا سکتے ہیں، جہاں وہ ٹھیک حالت میں ہے۔ جس پر وکیل نے کہا کہ میں بعد میں دکھا سکتا ہوں۔ جج نے کہا وہ بات نہ کریں جو ثبوت آپ دکھا نہیں سکتے۔ وکیل نے بتایا کہ یہ بچی میرے پاس ملازمہ نہیں تھی۔ 2 روز قبل ملازمہ آئی تھی اس نے کہا تھا وہ بچی کو پیسے دیتی تھی۔ ہم بچی کے والدین کو پیسے دیتے رہے ہیں ملازمہ نہیں تھی۔ ہم نے بچی کو پڑھانے لکھانے کے لیے کیئر ٹیکر کے طور پر رکھا ہوا تھا۔ جج نے استفسار کیا کہ کیا آپ نے بچی کو اسکول میں داخل کرایا، جس پر وکیل نے جواب دیا کہ بچی اوورایج تھی۔ سول جج عاصم حفیظ کو کال آئی، پیسے مانگے گئے۔ 24 جولائی اور اس کے بعد بھی 50 ہزار ایک دفعہ 60 ہزار ایک دفعہ پیسے بھیجے۔ جج نے ریمارکس دیے کہ آپ جج ہو کر بلیک میل ہو رہے ہیں؟۔ آپ نے زخمی نہیں کیا تو پھر پیسے کیوں بھیجے؟۔ عدالت نے استفسار کیا کہ کیا بچی اپنے پاس رکھنے کی کوئی دستاویز ہے۔ جس پر وکیل نے جواب دیا کہ ایسی دستاویز نہیں ہے۔ جج نے ریمارکس دیے کہ ہم یہاں صرف ایک ملزمہ کا فیصلہ کرنے بیٹھے ہیں۔ آپ یہ ذہن میں نہ رکھیں کہ وہ کس کی اہلیہ ہے۔ ملزمہ کے وکیل نے اپنے دلائل مکمل کرلیے، جس کے بعد عدالت نے پراسیکیوٹر کو دلائل دینے کی ہدایت کی۔ پراسیکیوٹر نے عدالت میں دلائل دیتے ہوئے بتایا کہ متاثرہ بچی رضوانہ کی بازو کی دونوں ہڈیاں ٹوٹی ہوئی تھیں۔

کچھ قوتیں اب بھی چیئرمین PTI کو بچانے کیلئے سرگرداں ہیں جاوید لطیف

جاوید لطیف کا کہنا تھا کہ کچھ لوگ غیر ملکی سازشوں کے آلہ کار بنے، غیر ملکی سازشوں کا آلہ کار بننے والوں میں چیئرمین پی ٹی آئی سرفہرست ہیں

ن لیگ نے جمہوریت کے استحکام کیلئے ووٹ کو عزت دو کا نعرہ لگایا، ہم نے دیانتداری سے کوشش کی کہ پاکستان کو 2017 کا پاکستان بناسکیں لیکن ہم ناکام رہے

پاکستان کی خیر خواہی بھی نظر انداز کی، کہ کچھ قوتیں اب بھی چیئرمین پی ٹی آئی کو بچانے کیلئے سرگرداں ہیں، انتخابات میں جس کا سی وی بہتر ہوگا عوام اسی کو منتخب کریں گے

اسلام آباد (نمائندہ خصوصی) مسلم لیگ ن کے رہنما جاوید لطیف نے کہا ہے کہ کچھ قوتیں اب بھی چیئرمین پی ٹی آئی کو بچانے کیلئے سرگرداں ہیں۔ اسلام آباد میں نیوز کانفرنس کرتے ہوئے جاوید لطیف کا کہنا تھا کہ کچھ لوگ غیر ملکی سازشوں کے آلہ کار بنے، غیر ملکی سازشوں کا آلہ کار بننے والوں میں چیئرمین پی ٹی آئی سرفہرست ہیں، انہوں نے پاکستان کی خیر خواہی بھی نظر انداز کی۔ انہوں نے کہا کہ ن لیگ نے جمہوریت کے استحکام کیلئے ووٹ کو عزت دو کا نعرہ لگایا، ہم نے دیانتداری سے کوشش کی کہ پاکستان کو 2017 کا پاکستان بناسکیں لیکن ہم ناکام رہے۔ ن لیگی رہنما کا مزید کہنا تھا کہ انتخابات میں جس کا سی وی بہتر ہوگا عوام اسی کو منتخب کریں گے۔ مسلم لیگ ن کے رہنما جاوید لطیف نے کہا ہے کہ کچھ قوتیں اب بھی چیئرمین پی ٹی آئی کو بچانے کیلئے سرگرداں ہیں۔ اسلام آباد میں نیوز کانفرنس کرتے ہوئے جاوید لطیف کا کہنا تھا کہ کچھ لوگ غیر ملکی سازشوں کے آلہ کار بنے، غیر ملکی سازشوں کا آلہ کار بننے والوں میں چیئرمین پی ٹی آئی سرفہرست ہیں، انہوں نے پاکستان کی خیر خواہی بھی نظر انداز کی۔ انہوں نے کہا کہ ن لیگ نے جمہوریت کے استحکام کیلئے ووٹ کو عزت دو کا نعرہ لگایا، ہم نے دیانتداری سے کوشش کی کہ پاکستان کو 2017 کا پاکستان بناسکیں لیکن ہم ناکام رہے۔ ن لیگی رہنما کا مزید کہنا تھا کہ انتخابات میں جس کا سی وی بہتر ہوگا عوام اسی کو منتخب کریں گے۔ ہم نے دیانتداری سے کوشش کی کہ پاکستان کو 2017 کا پاکستان بناسکیں لیکن ہم ناکام رہے۔ ن لیگی رہنما کا مزید کہنا تھا کہ انتخابات میں جس کا سی وی بہتر ہوگا (بقیہ نمبر 31)

کابینہ کی سبکدوشی کے بعد تمام کابینہ کمیٹیاں بھی تحلیل کر دی گئیں

کابینہ کمیٹی برائے توانائی اور اقتصادی رابطہ کمیٹی تحلیل، چینی سرمایہ کاری منصوبوں سے متعلق کابینہ کمیٹی کو بھی تحلیل کر دیا گیا

اسحاق ڈار بطور وزیر خزانہ ای سی سی اور کابینہ کمیٹی نجکاری کے چیئرمین تھے، اسحاق ڈار بطور وزیر خزانہ کابینہ کمیٹی سرکاری ملکیتی اداروں کے چیئرمین تھے

شہباز شریف بطور وزیراعظم کابینہ کمیٹی برائے توانائی کے چیئرمین تھے، وزیراعظم چینی سرمایہ کاری منصوبوں سے متعلق کابینہ کمیٹی کے سربراہ بھی تھے

اسلام آباد (خبرنگار) کابینہ کی سبکدوشی کے بعد تمام کابینہ کمیٹیاں بھی تحلیل کر دی گئیں۔ کابینہ کمیٹی برائے توانائی اور اقتصادی رابطہ کمیٹی تحلیل، چینی سرمایہ کاری منصوبوں سے متعلق کابینہ کمیٹی کو بھی تحلیل کر دیا گیا۔ قانون سازی سے متعلق کابینہ کمیٹی، کابینہ کمیٹی برائے نجکاری اور کابینہ کمیٹی برائے سرکاری ملکیتی اداروں کو بھی تحلیل کر دیا گیا، کابینہ کمیٹی برائے بین الحکومتی کمرشل ٹرانزیکشنز بھی تحلیل کر دی گئی۔ شہباز شریف بطور وزیراعظم کابینہ کمیٹی برائے توانائی کے چیئرمین تھے، وزیراعظم چینی سرمایہ کاری منصوبوں سے متعلق کابینہ کمیٹی کے سربراہ بھی تھے۔ اسحاق ڈار بطور وزیر خزانہ ای سی سی اور کابینہ کمیٹی نجکاری کے چیئرمین تھے، اسحاق ڈار بطور وزیر خزانہ کابینہ کمیٹی سرکاری ملکیتی اداروں کے چیئرمین تھے، بطور وزیر خزانہ وہ کابینہ کمیٹی بین الحکومتی کمرشل ٹرانزیکشنز کے چیئرمین بھی تھے۔ کابینہ کی سبکدوشی کے بعد تمام کابینہ کمیٹیاں بھی تحلیل کر دی گئیں۔ کابینہ کمیٹی برائے توانائی اور اقتصادی رابطہ کمیٹی تحلیل، چینی سرمایہ کاری منصوبوں سے متعلق کابینہ کمیٹی کو بھی تحلیل کر دیا گیا۔ قانون سازی سے متعلق کابینہ کمیٹی، کابینہ کمیٹی برائے نجکاری اور کابینہ کمیٹی برائے سرکاری ملکیتی اداروں کو بھی تحلیل کر دیا گیا، کابینہ کمیٹی برائے بین الحکومتی کمرشل ٹرانزیکشنز بھی تحلیل کر دی گئی۔ شہباز شریف بطور وزیراعظم کابینہ کمیٹی برائے توانائی کے چیئرمین تھے، وزیراعظم چینی سرمایہ کاری منصوبوں سے متعلق کابینہ کمیٹی کے سربراہ بھی تھے۔ اسحاق ڈار بطور وزیر خزانہ ای سی سی اور کابینہ کمیٹی نجکاری کے چیئرمین تھے، اسحاق ڈار بطور وزیر خزانہ کابینہ کمیٹی سرکاری ملکیتی اداروں (بقیہ نمبر 30)

الیکشن کمیشن آف پاکستان
ELECTION COMMISSION OF
PAKISTAN

اسلام آباد: قومی اسمبلی اور وفاقی کابینہ تحلیل ہونے کے بعد الیکشن کمیشن نے وفاقی سطح پر پوسٹنگ ٹرانسفر پر پابندی لگا دی

کوئٹہ: ڈیکوریشن کی دکان میں دھماکہ، دو افراد زخمی ہو گئے

زوہیب محسن نے کہا کہ دکان میں پٹاخے اور دیگر آتش بازی کا سامان موجود تھا

ایس ایس پی آپریشن نے کہا کہ دکانوں کی چھت ٹی آر گارڈرز سے بنی ہونے کی وجہ سے گری ہے

کوئٹہ (نیوز رپورٹر) موتی رام روڈ پر ڈیکوریشن کی دکان میں دھماکہ ہو گیا، دھماکہ کی آواز دور تک سنائی دی، دھماکہ میں دو افراد زخمی ہو گئے۔ ایس ایس پی آپریشن زوہیب محسن نے میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے بتایا کہ دھماکہ موتی رام روڈ پر ایک دکان میں ہوا ہے، تفتیش جاری ہے جس کے بعد ہی معلوم ہو سکے گا کہ دھماکہ کس چیز کا تھا۔ زوہیب محسن نے کہا کہ دکان میں پٹاخے اور دیگر آتش بازی کا سامان موجود تھا، "بی ڈی" کے بعد دھماکے کی نوعیت کا پتا چلیگا۔ ایس ایس پی آپریشن نے کہا کہ دکانوں کی چھت ٹی آر گارڈرز سے بنی ہونے کی وجہ سے گری ہے، اگر کوئی دھماکہ خیز مواد ہوتا تو دیواروں پر نشانات ہوتے۔

سابق وائس چیئرپرسن او پی سی پنجاب چوہدری وسیم اختر استحکام پاکستان پارٹی میں شامل

لاہور (نیوز رپورٹر) سابق وائس چیئرپرسن اوورسیز پاکستانیز کمیشن پنجاب چوہدری وسیم اختر رامے نے جہانگیر ترین سے ملاقات کی، ملاقات میں چوہدری وسیم اختر رامے نے استحکام پاکستان پارٹی میں شمولیت کا اعلان کر دیا۔ جہانگیر ترین نے پارٹی میں شمولیت پر چوہدری وسیم اختر رامے کا خیر مقدم کیا اور پارٹی مفلر پہنایا، اس موقع پر عون چوہدری (بقیہ نمبر 36)

وزیراعلی محمود خان نے خیبر پختونخوا کی نگراں کابینہ کو ختم کرنے کا فیصلہ کرتے ہوئے وزرا سے استعفے طلب کر لیے

KPK کی کابینہ تحلیل کرنے کا فیصلہ، اراکین سے استعفے طلب

نگران کابینہ سیاسی بنیادوں پر تشکیل دینے کا الزام تھا۔ اس سے قبل نگراں وزرا شاہد خٹک اور عدنان جلیل کو پہلے ہی کابینہ سے فارغ کیا جا چکا ہے

کابینہ کے 19 ارکان نے اپنے استعفے وزیراعلی کے پاس جمع کرا دیے، حکومتی ٹیم کے دیگر ارکان اپنے استعفے جلد جمع کرائیں گے، نگراں وزیر اطلاعات

کابینہ کے 19 ارکان نے اپنے استعفے وزیراعلی کے پاس جمع کرا دیے، حکومتی ٹیم کے دیگر ارکان اپنے استعفے جلد جمع کرائیں گے

پشاور (جنرل رپورٹر) وزیراعلی محمود خان نے خیبر پختونخوا کی نگراں کابینہ کو ختم کرنے کا فیصلہ کرتے ہوئے وزرا سے استعفے طلب کر لیے۔ نگراں وزیر اطلاعات نے بتایا کہ کابینہ کے 19 ارکان نے اپنے استعفے وزیراعلی کے پاس جمع کرا دیے، حکومتی ٹیم کے دیگر ارکان اپنے استعفے جلد جمع کرائیں گے۔ انہوں نے بتایا کہ وزیراعلی نے تمام وزرا، مشیروں اور معاونین خصوصی کو چائے پر مدعو کیا اور ان سے استعفے طلب کیے، جس پر کچھ اراکین نے شام تک کا (بقیہ نمبر 37)

راولپنڈی پولیس کی منشیات فروشوں اور شراب سپلائرز کے خلاف کارروائی

12 ملزمان گرفتار، 07 کلو کے قریب چرس، آئس، شراب اور پسٹل برآمد

راولپنڈی (نیوز رپورٹ) راولپنڈی پولیس کی منشیات فروشوں اور شراب سپلائرز کے خلاف کاروائی، 12 ملزمان گرفتار، 07 کلو کے قریب چرس، آئس، شراب اور پسٹل برآمد، مقدمات درج۔ تفصیلات کے مطابق نصیر آباد پولیس نے ملزم کتاب گل سے 01 کلو 500 گرام چرس، ملزم امیر حمزہ سے 01 کلو 460 گرام چرس، مندرہ پولیس نے ملزم ذوالقدر سے 01 کلو 350 گرام چرس، دھمیال پولیس نے ملزم سعید سے 01 کلو 250 گرام چرس، سٹی پولیس نے ملزم عباس سے 360 (بقیہ نمبر 38)

اسلام آباد: کابینہ کی سبکدوشی کے بعد تمام کابینہ کمیٹیاں بھی تحلیل کر دی گئیں

فیصل آباد میں 2 ڈاکو شہریوں کے ہاتھوں مارے گئے

فیصل آباد کے ٹھیکری والا کے علاقے میں شہریوں نے دو ڈاکوؤں کو موت کے گھاٹ اتار دیا

پولیس کا کہنا ہے کہ ڈاکوؤں نے کارسواروں کو روکنے کی کوشش کی تو کارسواروں نے فائرنگ کردی

فیصل آباد (کرائم رپورٹر) پنجاب کے شہر فیصل آباد میں پولیس ڈکیتی چوری کی وارداتوں کی روک تھام میں ناکام، شہری خود میدان میں نکل آئے۔ پولیس کے مطابق فیصل آباد کے ٹھیکری والا کے علاقے میں شہریوں نے دو ڈاکوؤں کو موت کے گھاٹ اتار دیا، ڈاکو گوجرہ روڈ پر ناکہ لگا کر لوٹ مار کر رہے تھے۔ پولیس کا کہنا ہے کہ ڈاکوؤں نے کارسواروں کو روکنے کی کوشش کی تو کارسواروں نے فائرنگ کردی جس کے نتیجے میں دونوں ڈاکو موقع پر ہلاک ہو گئے۔ پولیس نے لاشیں ضروری کارروائی کیلئے ہسپتال منتقل کر دیں۔ پنجاب کے شہر فیصل آباد میں پولیس ڈکیتی چوری کی وارداتوں کی روک تھام میں ناکام، شہری (بقیہ نمبر 47)

ٹیکسلا پولیس کی کاروائی، پتنگ فروش گرفتار، 250 پتنگیں اور 10 ڈوریں برآمد

راولپنڈی (کرائم رپورٹر) ٹیکسلا پولیس کی کاروائی، پتنگ فروش گرفتار، 250 پتنگیں اور 10 ڈوریں برآمد۔ تفصیلات کے مطابق ٹیکسلا پولیس نے کاروائی کرتے ہوئے پتنگ فروش قاسم کو گرفتار کرلیا، ملزم سے 250 پتنگیں اور 10 ڈوریں برآمد کر کے مقدمہ درج کرلیا گیا، ایس پی پوٹھوہار محمد وقاص خان کا کہنا تھا کہ پتنگ بازی اور پتنگ فر (بقیہ نمبر 46)

احتساب عدالت اسلام آباد نے چیئرمین پی ٹی آئی کی ضمانت کی درخواست خارج ہونے کا تحریری فیصلہ جاری کر دیا

190 ملین پاؤنڈ کرپشن کیس میں عمران خان کی درخواست ضمانت خارج

احتساب عدالت میں 190 ملین پاؤنڈ کیس میں چیئرمین پی ٹی آئی عمران خان کی عبوری درخواست ضمانت پر سماعت ہوئی

عدالت نے ہدایت دی کہ بشری بی بی کو نیب گرفتار نہ کرے تاہم عدالت نے چیئرمین پی ٹی آئی کی درخواست ضمانت عدم پیروی پر خارج کر دی

پراسیکیوٹر کے مطابق درخواست گزار جیل میں 3 سال کیلئے قید ہیں، درخواست گزار کی عدم موجودگی میں ضمانت نہیں دی جا سکتی

اسلام آباد (سٹاف رپورٹر) 190 ملین پاؤنڈ کرپشن کیس میں احتساب عدالت نے چیئرمین پی ٹی آئی کی درخواست ضمانت خارج کر دی جس کے بعد نیب کو گرفتار کرنے کا اختیار مل گیا۔ احتساب عدالت میں 190 ملین پاؤنڈ کیس میں چیئرمین پی ٹی آئی عمران خان کی عبوری درخواست ضمانت پر سماعت ہوئی۔ سماعت احتساب عدالت کے جج محمد بشیر نے کی۔ عمران خان کی گرفتاری کے معاملے پر دوران سماعت سابق صدر آصف علی زرداری کا حوالہ سامنے آیا۔ جج محمد بشیر نے کہا کہ اگر نیب والے گرفتار کر لیتے ہیں تو یہاں سے تو اچھا ہی ہوگا ناں؟ زرداری صاحب تو خود کہتے تھے کہ مجھے جیل بھیج (بقیہ نمبر 50)

تھانہ جاتلی کے نواحی علاقے مستالہ میں غیرت کے نام پر دوہرے قتل کی واردات

سگے بھائی نے پسٹل سے فائرنگ کر کے دو بہنوں کو ابدی نیند سلا دیا

سی پی او راولپنڈی نے واقعے کا نوٹس لیکر ملزم کی جلد گرفتاری کے احکامات جاری کئے

گوجرخان (قمر شہزاد) تفصیلات کے مطابق تھانہ جاتلی پولیس چوکی دولتالہ کے نواحی علاقے مستالہ میں گزشتہ رات غیرت کے نام پر دوہرے قتل کی لرزہ خیز واردات سگے بھائی نے دو بہنوں کو فائرنگ کر کے ابدی نیند سلا دیا، قتل کی اس افسوسناک واردات کے بعد علاقے میں شدید خوف و ہراس پھیل گیا واقعے کی اطلاع ملتے ہی ایس ایچ او تھانہ جاتلی ملک آفتاب اور انچارج چوکی دولتالہ پولیس نفری کے ہمراہ جائے وقوعہ پر پہنچے پولیس نے ڈیڈ باڈیز کو اپنی تحویل میں لیکر ریسکیو کی امدادی ٹیم کے ہمراہ نعشوں کو پوسٹ مارٹم کے لیے ہسپتال منتقل کر دیا جہاں ضابطے کی کاروائی کے بعد ڈیڈ باڈیز ورثاء کے حوالے کر دی گئیں (بقیہ نمبر 51)

مختیار کار ڈگری کا بازار اور اسپتال کا اچانک دورہ

ڈگری رپورٹ (محمد عاصم آرائیں) مختیار کار ڈگری کا بازار اور اسپتال کا اچانک دورہ۔ زائد المعیاد اشیاء پر جرمانے؟ اسپتال میں مختلف وارڈز کا معائنہ کیا؟ تفصیلات کے مطابق مختیار کار ڈگری سید قرار حسین شاہ نے آج ڈگری میں بازار میں کریانہ مرچنٹ کی دکانوں پر مختلف اشیاء کا معائنہ کیا اور انکی ایکسپائری تاریخ چیک کیس کئی دکانوں پر زائد المعیاد اشیاء ملنے پر جرمانہ بھی عائد کیا؟ زرائع کے مطابق (بقیہ نمبر 52)



شمالی وزیرستان: شادی کی تقریب میں دلہے کی فائرنگ سے 3 بچے جاں بحق، 2 زخمی

ایس ایس پی آپریشنز فیصل سلیم کی پولیس لائنز ہیڈکوارٹرز میں کھلی کچہری

شہریوں کے مسائل سن کر ان کے حل کے لیے متعلقہ افسران کو احکامات جاری کیے

مارک کردہ درخواستوں پر دیئے گئے احکامات پر قانونی کاروائی کر کے رپورٹ پیش کی جائے، فیصل سلیم

راولپنڈی (نیوز رپورٹر) ایس ایس پی آپریشنز فیصل سلیم کی پولیس لائنز ہیڈکوارٹرز میں کھلی کچہری، شہریوں کے مسائل سن کر ان کے حل کے لیے متعلقہ افسران کو احکامات جاری کیے، مارک کردہ درخواستوں پر دیئے گئے احکامات پر قانونی کاروائی کر کے رپورٹ پیش کی جائے۔ تفصیلات کے مطابق ایس ایس پی آپریشنز فیصل سلیم نے پولیس لائنز ہیڈکوارٹرز میں کھلی کچہری کا انعقاد کیا، ایس ایس پی آپریشنز نے شہریوں کے مسائل سن کر ان کے حل کے لیے متعلقہ افسران کو احکامات جاری کیے، ایس ایس پی آپریشنز فیصل سلیم کا کہنا تھا کہ مارک کردہ درخواستوں پر قانونی کاروائی کر کے رپورٹ پیش کی (بقیہ نمبر 32)

افغانستان کیلئے 32 ہزار میٹرک ٹن چینی برآمد کرنے کا کوٹہ آج ختم

20 کیسز رجسٹرڈ کئے گئے ہیں اور تقریبا 10 کے لگ بھگ گاڑیاں پکڑی گئی ہیں، ذرائع

طورخم کسٹم ذرائع کے مطابق حکومتی منظوری کے تحت وقتا فوقتا افغانستان کو چینی برآمد کی جاتی رہی

اسلام آباد (جنرل رپورٹر) افغانستان کیلئے 32 ہزار میٹرک ٹن چینی برآمد کرنے کا کوٹہ آج ختم ہو گیا، چینی کا کوٹہ برآمد کرنے کی منظوری وفاقی حکومت نے دی تھی۔ طورخم کسٹم ذرائع کے مطابق حکومتی منظوری کے تحت وقتا فوقتا افغانستان کو چینی برآمد کی جاتی رہی، اس دوران چینی کے اندر چینی کی سمگلنگ بھی ہوتی رہی، جس کو مختلف مواقع پر طورخم اور چیچنی پر کسٹم حکام نے ناکام بنایا ہے، چند مہینوں میں سمگلنگ کی پچاس کلوگرام چینی کے لگ بھگ 477 بیگز برآمد کر کے ضبط کیے گئے ہیں جو کہ 23850 کلوگرام چینی بنتی ہے۔ ذرائع نے مزید بتایا کہ 20 کیسز رجسٹرڈ کئے گئے ہیں اور تقریبا 10 کے لگ (بقیہ نمبر 35)

پی آئی اے کا یوم آزادی پر کرایوں میں کمی کا اعلان

قوم ہر سال اس دن آزادی کا جشن عقیدت واحترام اور جوش وجذبے سے مناتی ہے

ترجمان پی آئی اے نے بتایا ہے کہ رعایتی ٹکٹ 14 اگست کو سفر کرنے کیلئے مؤثر ہوں گے

لاہور (دنیا نیوز) پاکستان انٹرنیشنل ایئر لائنز نے یوم آزادی کے موقع پر اندرون ملک پروازوں پر رعایت کا اعلان کر دیا۔ پی آئی اے ترجمان کے مطابق پاکستان انٹرنیشنل ایئر لائنز نے جشن آزادی کے موقع پر اندرون ملک پروازوں کے کرایوں میں رعایت کا اعلان کیا ہے، 14 اگست کو پی (بقیہ نمبر 39)

اسلام آباد: پاک چین ڈائریکٹر جنرل کی سطح پر مشاورت کے تیسرے دور کا انعقاد

زرمبادلہ کے مجموعی ذخائر 13 ارب 33 کروڑ ڈالر ہو گئے

مجموعی ذخائر کی مالیت 13 ارب 33 کروڑ 91 لاکھ ڈالر ریکارڈ کی

کمرشل بینکوں کے پاس 5 ارب 29 کروڑ 57 لاکھ ڈالر کے ذخائر موجود ہیں

کراچی (نیوز رپورٹر) زرمبادلہ کے سرکاری ذخائر میں 11 کروڑ ڈالر کی کمی، مجموعی مالیت 8 ارب چار کروڑ ڈالر رہ گئی۔ اسٹیٹ بینک کے مطابق غیر ملکی قرضوں کی ادائیگی کی وجہ سے زرمبادلہ کے سرکاری ذخائر میں 11 کروڑ ڈالر کی کمی آئی جس کے بعد سرکاری ذخائر 8 ارب 4 کروڑ 34 لاکھ ڈالر کی سطح پر آ گئے۔ 4 اگست کو ختم ہونے والے ہفتے کو زرمبادلہ کے مجموعی ذخائر کی مالیت 13 ارب 33 کروڑ 91 لاکھ ڈالر ریکارڈ کی گئی، کمرشل بینکوں کے پاس 5 ارب 29 کروڑ 57 لاکھ ڈالر کے ذخائر موجود ہیں۔ زرمبادلہ کے سرکاری ذخائر میں 11 کروڑ ڈالر کی کمی، مجموعی مالیت (بقیہ نمبر 42)

رضوانہ تشدد کیس؛ ملزمہ سومیہ عاصم کی درخواست ضمانت مسترد

ملزمہ کے وکیل نے دلائل میں کہا کہ میں نے ایک ویڈیو عدالت کے سامنے پیش کی

پولیس نے عدالت کو بتایا کہ ویڈیو میں نظر آ رہا ہے کہ بچی زخمی حالت میں والدہ کے حوالے کی گئی

اسلام آباد (خصوصی رپورٹر) رضوانہ تشدد کیس میں عدالت نے جج کی اہلیہ ملزمہ سومیہ عاصم کی درخواست ضمانت بعد از گرفتاری مسترد کر دی ڈسٹرکٹ اینڈ سیشن کورٹ میں اسلام آباد میں کم عمر گھریلو ملازمہ رضوانہ پر تشدد کے معاملے میں ملزمہ سومیہ عاصم کی ضمانت بعد از گرفتاری کی درخواست پر سماعت ہوئی، جس میں جوڈیشل مجسٹریٹ شائستہ کنڈی کے روبرو ملزمہ کے وکیل قاضی دستگیر عدالت میں پیش ہوئے۔ عدالت میں ایڈووکیٹ فیصل شہزاد نے اپنا وکالت نامہ جمع کروایا۔ جج نے تفتیشی افسر سے مکالمہ کرتے ہوئے کہا کہ آپ قانونی طور پر پابند ہیں کہ ملزمہ جو دستاویز دے وہ آپ لیں گے۔ پولیس (بقیہ نمبر 45)

ژوب؛ سی ٹی ڈی کیساتھ فائرنگ کا تبادلہ، تین مبینہ حملہ آور ہلاک

ترجمان سی ٹی ڈی کے مطابق حملہ آوروں کی فائرنگ سے دو اہلکار زخمی ہوئے

کوئٹہ (خبرنگار) ژوب کے علاقے مرغہ کبزئی میں سی ٹی ڈی اور مبینہ حملہ آوروں کے درمیان فائرنگ کا تبادلے میں تین افراد ہلاک ہو گئے۔ ترجمان سی ٹی ڈی کے مطابق حملہ آوروں کی فائرنگ سے دو اہلکار زخمی ہوئے جبکہ ہلاک حملہ آوروں کا تعلق کالعدم تنظیم سے بتایا جاتا ہے۔ ہلاک ہونے والے تینوں حملہ آوروں کی لاشیں ڈی ایچ کیو اسپتال منتقل کر دی گئیں جن کی عمریں 30 اور 40 سال کے درمیان (بقیہ نمبر 48)

GOVERNMENT (P) MUNICIPAL HIGH SCHOOL
OLD SUKKUR

سکھر: سرکاری تعلیمی اداروں میں کتابوں کا فقدان، تدریسی عمل شروع نہ ہو سکا

سسرالیوں نے گوجرخان کنگر کے رہائشی نوجوان کو ڈڈیال میں قتل کر دیا

سالوں نے بہن کی غیر آبادی کے رنج میں بہنوئی کی شہ رگ کاٹ دی

گوجرخان (قمر شہزاد) تفصیلات کے مطابق تھانہ گوجرخان پولیس چوکی قاضیاں کے نواحی علاقے کنگر کا رہائشی شخص ڈڈیال میں سالوں کے ہاتھوں قتل ہو گیا ذرائع کے مطابق متوفی سعودیہ میں روزگار کے سلسلے میں مقیم تھا اور کچھ دن قبل پاکستان آیا تھا متوفی کی بیوی روٹھ کر اپنے میکے ڈڈیال گی (بقیہ نمبر 53)

ایڈیٹر انچیف۔ محمد فیصل ندیم

پبلشر علی رضا ملک نے نیو آرٹ مین پرنٹرز مری روڈ راولپنڈی
سے چھپوا کر آفس نمبر 1 سٹی پلازہ متصل الہ دین فن ہاؤس سکستھ
روڈ راولپنڈی سے شائع کیا۔

رابطہ۔ 0309-7900035

لاہور: استحکام پاکستان پارٹی کی 38 رکنی سینٹرل ایگزیکٹو کمیٹی قائم، جلد اجلاس متوقع

قومی اسمبلی میں مثبت کردار کے اعتراف پر آصف علی زرداری کو سرٹیفکیٹ دیا گیا

اسلام آباد (نیوز رپورٹر) پیپلز پارٹی پارلیمنٹیرینز کے صدر آصف زرداری سے سپیکر قومی اسمبلی اور سینئر سیاستدان غوث بخش مہر نے ملاقات کی۔ ملاقات کے موقع پر پیپلز پارٹی کے چیئرمین بلاول بھٹو زرداری بھی موجود تھے، سپیکر قومی اسمبلی راجہ پرویز اشرف نے سابق صدر آصف علی زرداری کو 15 ویں قومی اسمبلی کی کارروائی میں مثبت کردار ادا کرنے (بقیہ نمبر 34)

سٹیٹ بینک کا 100 روپے کا سکہ جاری کرنے کا فیصلہ

سی پیک کے 10 سال مکمل ہونے پر 100 روپے کا سکہ جاری کیا جائے گا، سٹیٹ بینک

واضح رہے کہ سٹیٹ بینک نے سینیٹ کی گولڈن جوبلی پر 50 روپے کا یادگاری سکہ جاری کیا تھا

کراچی (نیوز رپورٹر) سٹیٹ بینک آف پاکستان نے 100 روپے کا سکہ جاری کرنے کا فیصلہ کر لیا۔ سٹیٹ بینک کے اعلامیہ کے مطابق سی پیک کے 10 سال مکمل ہونے پر 100 روپے کا سکہ جاری کیا جائے گا۔ واضح رہے کہ سٹیٹ بینک نے سینیٹ کی گولڈن جوبلی پر 50 روپے کا یادگاری سکہ جاری کیا تھا، سکے کی شکل گول تھی جسے 30.0 ملی میٹر سمت کے ساتھ نقش کیا گیا تھا، سینیٹ کے امتیازی نشان کے نیچے گولڈن جوبلی کی مدت 1973-2023 درج تھی۔ واضح رہے کہ سٹیٹ بینک نے سینیٹ کی گولڈن جوبلی پر 50 روپے کا یادگاری سکہ جاری کیا تھا، سکے کی شکل گول تھی جسے 30.0 ملی (بقیہ نمبر 33)

جہانگیر ترین، عبدالعلیم خان، عمران اسماعیل اور اسحاق خاکوانی شامل ہیں، سردار تنویر الیاس، عامر محمود کیانی دیگر رکن ہوں گے

استحکام پاکستان پارٹی کی 38 رکنی سینٹرل ایگزیکٹو کمیٹی قائم، جلد اجلاس متوقع

دیگر اراکین میں نعمان لنگڑیال، سعید اکبر نوانی، جی جی جمال، فیاض الحسن چوہان، راجہ یاور کمال، رانا نذیر احمد خان، سعید الحسن شاہ شامل ہیں

پارٹی کی سینٹرل ایگزیکٹو کمیٹی کے دیگر ممبران میں چودھری اشفاق، اجمل چیمہ، محمد یعقوب شیخ، شعیب صدیقی، مراد راس اور میاں خالد محمود شامل ہیں

فرخ ممتاز مانیکا، سید مبین عالم، تحسین گردیزی، ایاز نیازی، قاسم لنگھا اور ہارون گل کو بھی استحکام پاکستان پارٹی کی سینٹرل ایگزیکٹو کمیٹی میں شامل

لاہور (خبرنگار) استحکام پاکستان پارٹی) آئی پی پی (کی 38 رکنی سینٹرل ایگزیکٹو کمیٹی قائم کر دی گئی، سیکرٹری جنرل نے نوٹیفکیشن جاری کر دیا۔ سینٹرل ایگزیکٹو کمیٹی میں جہانگیر ترین، عبدالعلیم خان، عمران اسماعیل اور اسحاق خاکوانی شامل ہیں، سردار تنویر الیاس، عامر محمود کیانی، عون چودھری، فردوس عاشق اعوان اور محمود مولوی بھی رکن ہوں گے۔ دیگر اراکین میں نعمان لنگڑیال، سعید اکبر نوانی، جی جی جمال، فیاض الحسن چوہان، راجہ یاور کمال، (بقیہ نمبر 41)

راولپنڈی پولیس کی قانون شکن عناصر کے خلاف کارروائی

سامان آتش بازی، کھلا پیٹرول، گیس سلنڈر اور دیگر سامان ریفلنگ برآمد

راولپنڈی (نیوز رپورٹر) راولپنڈی پولیس کی قانون شکن عناصر کے خلاف کاروائی، 04 ملزمان گرفتار، سامان آتش بازی، کھلا پیٹرول، گیس سلنڈر اور دیگر سامان ریفلنگ برآمد، مقدمات درج۔ تفصیلات کے مطابق گنجمنڈی پولیس نے 02 ملزمان عمران اور زاہد کو گرفتار کرلیا، ملزمان سے سامان آتش بازی برآمد ہوا، ریس کورس پولیس نے ملزم دانش کو گرفتار کر کے ملزم سے گیس سلنڈرز اور دیگر سامان ریفلنگ برآمد ہوا، واہ کینٹ پولیس نے ملزم عاصم کو گرفتار کرلیا، ملزم سے کھلا پیٹرول (بقیہ نمبر 40)

پشاور: الیکشن کمیشن کی جانب سے جاری کی گئی ہدایت کے بعد نگران وزیراعلی خیبر پختونخوا نے صوبائی کابینہ کو فارغ کر دیا ہے

لال حویلی کیس: عدالت نے چیئرمین متروکہ وقف املاک کو فوری فیصلہ کرنے سے روک دیا

راولپنڈی (نیوز رپورٹر) لاہور ہائیکورٹ راولپنڈی بنچ نے لال حویلی کیس پر چیئرمین متروکہ وقف املاک کو فوری فیصلہ کرنے سے روک دیا۔ لاہور ہائیکورٹ راولپنڈی بنچ کے جسٹس جواد حسن نے لال حویلی کیس کے حوالے سے شیخ صدیق کی درخواست پر سماعت کی، شیخ رشید احمد کے بھائی شیخ صدیق کی طرف سے سردار عبدالرازق خاں (بقیہ نمبر 44)

باجوڑ حملے میں ٹی ٹی پی اور داعش دونوں کے ملوث ہونے کا انکشاف

باجوڑ دھماکے کے معاملے میں اہم پیش رفت ہوئی ہے، ڈی آئی جی سی ٹی ڈی

حملے کے روز جائے وقوع سے دوسرے خودکش ابوذر کو گرفتار کیا گیا، ڈی آئی جی

پشاور (نیوز رپورٹر) ڈی آئی جی سی ٹی ڈی خیبر پختون خوا نے کہا ہے کہ باجوڑ حملے میں ٹی ٹی پی اور داعش دونوں کے ملوث ہونے کے شواہد ملے ہیں جب کہ خیبر حملے میں ٹی ٹی پی ملوث تھی۔ خیبر میں مسجد میں ہونے والے خودکش حملے سے متعلق انہوں نے بتایا کہ اس کارروائی میں 8 سہولت کاروں کو گرفتار کیا گیا ہے۔ حملے میں ٹی ٹی پی ملوث ہے۔ علی مسجد حملے کی منصوبہ بندی ننگرہار میں کی گئی۔ ڈی آئی جی کے مطابق حملے کے روز جائے وقوع سے دوسرے خودکش ابوذر کو گرفتار کیا گیا، جس کی نشاندہی پر نیٹ ورک کا پتا چلا۔ خودکش حملہ آور کو افغانستان سے لایا گیا تھا اور وہ افغان باشندہ تھا، جس کی شناخت انصار (بقیہ نمبر 43)

ذرائع کا کہنا ہے کہ الیکشن کمیشن کے نئی مردم شماری سے پیدا صورتحال پر 2 اجلاس ہوئے جو کہ بے نتیجہ رہے

الیکشن کمیشن نئی مردم شماری کے تحت انتخابات کرانے پر تذبذب کا شکار

ذرائع نے کہا کہ الیکشن کمیشن کو لیگل ٹیم نے آرٹیکل 51 فائیو کے تحت نئی حلقہ بندیوں کے تقاضے سے آگاہ کیا

ذرائع کا کہنا ہے کہ الیکشن کمیشن یہ بھی دیکھنا چاہتا تھا کہ صدر انتخابات کی تاریخ کا اعلان کریں گے یا نہیں

لیگل ٹیم کی جانب سے رائے دی گئی کہ اسمبلیاں تحلیل ہونے کا انتظار کیا جائے، انتخابات کرانے پر تذبذب کا شکار ہے

اسلام آباد (نیوز رپورٹر) الیکشن کمیشن آف پاکستان نئی مردم شماری کے تحت انتخابات کرانے سے متعلق فیصلہ نہ کر سکا۔ ذرائع کا کہنا ہے کہ الیکشن کمیشن کے نئی مردم شماری سے پیدا صورتحال پر 2 اجلاس ہوئے جو کہ بے نتیجہ رہے، الیکشن کمیشن نئی مردم شماری کے تحت انتخابات کرانے پر تذبذب کا شکار ہے۔ ذرائع نے کہا کہ الیکشن کمیشن کو لیگل ٹیم نے آرٹیکل 51 فائیو کے تحت نئی حلقہ بندیوں کے تقاضے سے آگاہ کیا، لیگل ٹیم کی جانب سے رائے دی گئی کہ اسمبلیاں تحلیل ہونے کا انتظار کیا جائے۔ الیکشن کمیشن آف پاکستان نئی مردم شماری کے تحت انتخابات کرانے سے متعلق فیصلہ نہ کر سکا۔ ذرائع کا کہنا ہے کہ الیکشن (بقیہ نمبر 49)

میانمار میں 50 روہنگیا مسلمان تارکین وطنوں کو لے جانے والی کشتی ڈوب گئی جس کے نتیجے میں 17 افراد جاں بحق ہو گئے

رخائن (نیوز ڈیسک) میانمار میں 50 روہنگیا مسلمان تارکین وطنوں کو لے جانے والی کشتی ڈوب گئی جس کے نتیجے میں 17 افراد جاں بحق ہو گئے۔ عالمی خبر رساں ادارے کے مطابق میانمار کی متاثرہ ریاست رخائن میں مسلم کش فسادات کے باعث روہنگیا مسلمان اپنی جانیں بچا کر کشتی (بقیہ نمبر 54)

چیئرمین پی ٹی آئی کی آج سزا معطل کرنے کی درخواست مسترد

عدالت نے چیئرمین پی ٹی آئی کی سزا کے خلاف اپیل پر سماعت ملتوی کر دی

ٹرائل کورٹ نے چیئرمین پی ٹی آئی کو 3 سال قید اور ایک لاکھ روپے جرمانے کی سزا سنائی

اسلام آباد (اسپیشل رپورٹر) اسلام آباد ہائیکورٹ نے چیئرمین پاکستان تحریک انصاف) پی ٹی آئی (کے خلاف توشہ خانہ کیس میں آج ہی سزا معطل کرنے کی درخواست مسترد کر دی، عدالت نے فیصلہ سنانے والی سیشن عدالت سے کیس کا ریکارڈ طلب کر لیا۔ توشہ خانہ کیس کے خلاف درخواست پر سماعت جسٹس عامر فاروق اور جسٹس طارق جہانگیری پر مشتمل دو رکنی ڈویژن بینچ نے کی۔ دوران سماعت وکیل لطیف کھوسہ کا کہنا تھا ٹرائل کورٹ نے چیئرمین پی ٹی آئی کو 3 سال قید اور ایک لاکھ روپے جرمانے کی سزا سنائی، ٹرائل کورٹ زیادہ سے زیادہ جو سزا سنا سکتی تھی وہ سنائی گئی، جب تک آپ کی درخواستوں (بقیہ نمبر 55)

اسلام آباد: تربیلا ڈیم پانی سے بھر گیا، ڈیم میں پانی کا لیول 1550 فٹ تک پہنچ گیا